ABC CERTIFIED باتصدیق

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | شمارہ 306 | منگل 06 ذیقعد 1446ھ 04 مئی 2025ء | صفحات 24 | قیمت 35 روپے

PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-1

پاک بھارت کشیدگی، سیاسی و عسکری قیادت آج اپوزیشن جماعتوں کو اعتماد میں لے گی

عطا تارڑ اور ڈی جی آئی ایس پی آر ان کیمرہ بریفنگ دیں گے

اپوزیشن جماعتوں کو افواج پاکستان کی دفاعی تیاریوں، سفارتی اقدامات اور ریاستی مؤقف سے آگاہ کیا جائے گا، موجودہ صورتحال میں یہ بریفنگ قومی یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کی اعلیٰ مثال ہے

بھارت پاکستان کو پہلگام واقعہ سے جوڑنے کی سازش کر رہا ہے، اشتعال انگیز کارروائیوں کے باوجود پاکستان کا ردعمل ذمے دارانہ، بھارت الزام ثابت کرنے میں ناکام رہا، شہباز شریف

بھارت کی جانب سے جنگ کا خطرہ تاحال موجود، 4 رافال طیارے ہماری سرحد کی جانب بڑھ رہے تھے، جنہیں افواج پاکستان نے کامیابی سے جام کر دیا، وزیر دفاع خواجہ آصف کی بات چیت

بھارتی پروپیگنڈہ بے نقاب کرنے کیلئے حکومت متحرک، ترکیہ، یونان، سویڈن کی حمایت حاصل کرلی، ترکیہ کے سفیر، یونانی و سوئس وزرائے خارجہ نے پاکستان کی جانب سے تحقیقات کی تجویز کو سراہا

پہلگام واقعہ میں ہاتھ صاف، حملہ کیا گیا تو بھرپور جواب ملے گا، بھارت کو اپنے اقدامات واپس لینے ہوں گے خطے کا امن اس کی غیر ذمہ دارانہ پالیسیوں کی نذر ہو رہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) پاک بھارت کشیدگی اور موجودہ صورت حال کے پیش نظر سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنماؤں کو قومی سلامتی کی صورت حال سے متعلق بریفنگ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مشرق بیورو کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ اور ڈی جی آئی ایس پی آر جنرل احمد شریف کل (اتوار) کو تمام سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنماؤں کو موجودہ قومی سلامتی کی صورتحال پر اہم بیک گراؤنڈ بریفنگ دیں گے۔ یہ بریفنگ پاکستان اور بھارت کے درمیان موجودہ قومی سلامتی کی کی صورتحال اور اس کے مضمرات کے حوالے سے ہوگی۔ اعلامیے کے مطابق شرکاء کو افواج پاکستان کی دفاعی تیاریوں، سفارتی اقدامات اور ریاستی مؤقف..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی رہنماء اپوزیشن لیڈر عمر ایوب میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

بھارت پہلے تفتیش پھر الزام تراشی کرے، یوسف رضا گیلانی

مودی حکومت کشمیر کے مسئلے کو دنیا سے چھپا نہیں سکتی، چیئرمین سینٹ کا خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے بھارتی الزام تراشیوں پر کہا ہے بھارت پہلے تفتیش پھر الزام تراشی کرے، کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا بھارت کشمیر کے مسئلے کو دنیا سے چھپا نہیں، دوسری جانب گورنر سندھ نے..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے حملہ کیا تو نیوکلیئر پروگرام کے ذریعے جواب دینگے، ایوب عمر

جنگی جہاز حملہ کرنے آئے تو تباہ کر کے دم لیں گے، بانی پی ٹی آئی نے کہا تھا بات بعد میں پہلے اپنا وار کریں گے

کہا جاتا ہے قومی یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہوں لیکن رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، عالیہ حمزہ

لاہور (بیورو رپورٹ) اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے بھارت نے حملہ کیا تو نیوکلیئر پروگرام کے ذریعے جواب دیں گے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا بھارت کو واضح پیغام دینا ہوگا اگر حملے کی کوشش کی تو نیوکلیئر پروگرام سے جواب دیں گے اگر بھارتی جنگی جہاز حملہ کرنے آئے تو تباہ کر کے دم لیں گے، بانی پی ٹی آئی نے کہا تھا بات بعد میں کریں گے پہلے اپنا وار کریں گے، انڈیا جنگی مشقیں کر رہا ہے، موجودہ صورتحال میں بھارت کو جو سمجھ جانا چاہیے تھا وہ نہیں گیا، ملکی صورتحال دیکھیں محب وطن شہری پر مقدمات بنائے گئے، لیڈر بانی..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی اقلیتی ونگ کی جانب سے احتجاجی مظاہرے کے دوران بھارت کا جھنڈا نذر آتش کیا جا رہا ہے

سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، مطلوب خارجی سمیت 5 دہشتگرد ہلاک

کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، 2 گرفتار، ہائی لیول خارجی لال امیر عرف ابراہیم بھی شامل

پاک فوج دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے اور ملک کو ناسور سے مکمل نجات دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں 3 الگ الگ کارروائیوں کے دوران 5 خوارج کو ہلاک کر دیا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 30 اپریل و یکم مئی کو خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی 3 الگ الگ کارروائیوں کے دوران 5 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا، آپریشن میں 2 خوارج کو گرفتار کر لیا گیا، باجوڑ ضلع میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کیا، کارروائی کے دوران خوارج کے ٹھکانے کو مؤثر انداز میں نشانہ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

A Project By: Najam Khan Najam

نجم خان ہائٹس

ایڈریس کوئٹہ جناح ٹاؤن ملک باغ

2 بیڈ روم • فری پارکنگ

پانی کا بور • فری کمیونٹی ہال

3 سال کی آسان اقساط

081-2502333

0315- 0118877

ہیڈ آفس جناح ٹاؤن بالمقابل بورڈ آفس کوئٹہ

ابدالی میزائل جدید نیوی گیشن سسٹم سے لیس ہے اور زمین سے زمین تک مار کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، آئی ایس پی آر

پاکستان کا 450 کلومیٹر کی رینج کے حامل ابدالی میزائل کا کامیاب تجربہ

صدر، وزیراعظم کی پاک فوج کو مبارکباد

پاک فوج کے حساس شعبے کمانڈر آرمی سٹریٹجک فورسز نے تربیتی لانچ کا مظاہرہ کیا، تجربے کا مقصد آپریشنل تیاریوں و تکنیکی پہلوؤں کی جانچ تھی

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، سروسز چیفس، صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی کامیاب تجربے پر سائنسدانوں کو مبارکباد

پاکستان کی سالمیت کی خاطر ہر حد تک جائیں گے، بھارت اگر گزشتہ تجربے بھول گیا ہو تو آج کا تجربہ یادداشت کے لیے ہے، مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاکستان نے زمین سے زمین تک ہدف کو کامیابی سے نشانہ بنانے والے جدید ٹیکنالوجی سے لیس میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا پاکستان نے ابدالی میزائل کا کامیاب تجربہ کیا جو زمین سے زمین..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں صبح 6 سے شام 6 بجے تک کرفیو نافذ

میران شاہ (بیورو رپورٹ) شمالی وزیرستان میں صبح 6 سے شام 6 بجے تک کرفیو نافذ کر دیا گیا، ضلعی انتظامیہ کے مطابق دتہ خیل سے میرانشاہ، میرانشاہ سے رزک تک آمد و رفت معطل رہے گی، میرانشاہ سے میرعلی اور میرعلی سے بنوں تک بھی مرکزی شاہراہوں پر آمد و رفت معطل رہے گی، سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر کرفیو نافذ کیا گیا۔

آئی ایم ایف نے بھارتی مطالبہ مسترد کر دیا، پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر پیکیج ملنے کا امکان

اجلاس 9 مئی کو شیڈول کے مطابق ہوگا، دوسرے ممالک کے خدشات پر تبصرہ نہیں کر سکتے، نمائندہ آئی ایم ایف

آئی ایم ایف بورڈ کی منظوری سے پاکستان کو مجموعی طور پر 2 ارب 30 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع ہے، حکام وزارت خزانہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے پاکستان مخالف بھارتی مطالبہ مسترد کر دیا، 2.3 ارب ڈالر پیکیج..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی کے تمام مقدمات یکجا کرنے کی درخواست 8 مئی کو سماعت کیلئے مقرر

لاہور (بیورو رپورٹ) 9 مئی کے تمام مقدمات یکجا کرنے، جوڈیشل..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ میں ٹیکس ہدف 14.3 ٹریلین سے زائد مقرر کیے جانے کا امکان

نئے ٹیکس ہدف کے تعین کے بعد حکومت نے تمام اقدامات شارٹ لسٹ کرنا شروع کر دیے

معیشت کے حجم کے مطابق حتمی ٹیکس ہدف تبدیل کیا جا سکتا ہے، ایف بی آر حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مالی سال 2025-26 کیلئے ٹیکس ہدف 14.3 ٹریلین سے زائد مقرر کیے جانے کا امکان ہے جو رواں مالی سال کے نظرثانی..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی ہیکرز نے بھارتی فضائیہ، فوج کی ویب سائٹس ہیک کرلیں

ہیکرز نے عوامی طور پر دستیاب عسکری، فلاحی و تعلیمی ویب سائٹس کو نشانہ بنایا، بھارتی میڈیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بھارتی مسلح افواج سے وابستہ ویب سائٹس پر سائبر حملے ہوئے، نتیجے میں ہیکنگ اور ہیکرز کی تبدیلی دیکھنے میں آئی، بھارتی میڈیا نے دعویٰ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

امیر جمعیت اہلحدیث سینئر پروفیسر ساجد میر انتقال کر گئے

مقامی شہر کے قبرستان میں سپرد خاک، صدر، وزیراعظم و دیگر کا اظہار افسوس

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) مرکزی امیر جمعیت اہلحدیث سینئر علامہ پروفیسر ساجد میر 86 سال کی عمر میں انتقال کر گئے، پروفیسر ساجد میر ایک ماہ سے بیماروں کی تکلیف..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

یوٹیوب کی بندش کا نوٹیفکیشن 2012 کا ہے، پی ٹی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے وضاحت جاری کی ہے یوٹیوب کی بندش کا سوشل میڈیا پر زیر گردش نوٹیفکیشن 2012 کا ہے اور موجودہ حالات سے کوئی تعلق نہیں، پی ٹی اے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا حالیہ دنوں پرانی پریس ریلیز سوشل میڈیا پر دوبارہ شیئر..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت خارجہ سے رابطہ، پاکستان بھارت تحمل کا مظاہرہ کریں، یورپی یونین

بھارت کے بے بنیاد الزامات مسترد، سندھ طاس معاہدہ روکنا بین الاقوامی قانون کی واضح خلاف ورزی ہے، اسحاق ڈار

فریقین صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے بات چیت کو آگے بڑھائیں، کشیدگی میں اضافہ کسی کیلئے سود مند نہیں، کاجا کلاس

نیویارک (بیورو رپورٹ) یورپی یونین نے پاکستان، بھارت..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت دنیا کی چوتھی اور پاکستان 12 ویں بڑی طاقت

1947 کے بعد سے اب تک دونوں جوہری طاقتیں 4 بڑی جنگیں لڑ چکی ہیں

پاکستان کا دفاعی بجٹ 10 ارب ڈالر ہے جو بھارت کے مقابلے میں تقریباً 9 گنا کم ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان اور بھارت ایک دوسرے کو ہزار زخم دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور دونوں ممالک میں جنگ کے پہلے سے زیادہ شدت سے..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کوشش کریگی، سرفراز بگٹی

قومی چینلز صوبے کو صرف کرائم نیوز تک محدود نہ رکھیں، وزیراعلیٰ

ذمہ دارانہ صحافت بہترین معاشرے کی تشکیل کا سبب جسے ہر سطح پر فروغ دینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 3 مئی یوم صحافت کے موقع صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی صحافت کا سب سے اہم پہلو ذمہ دارانہ صحافت ہے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ صحافت کو آزاد رکھے جبکہ مالکان کا فرض ہے کہ ذمہ دار صحافت کو فروغ دیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ مجھے احساس ہے کہ بلوچستان..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی دفاع کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے رہیں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر

پوری قوم پاک فوج کی شانہ بشانہ، پاکستان ایک ایٹمی قوت دشمن میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات بھی نہیں کرسکتا، جعفر جارج

سیکورٹی ادارے کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، پریس کلب کے سامنے بھارت مخالف مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بھارتی جارحیت کے خلاف پاکستان ہیلپز پارٹی..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت پر جنگی جنون سوار، ٹرمپ مسئلہ کشمیر حل کرانے کیلئے کردار ادا کریں، پاکستانی سفیر

تنازع کشمیر دونوں ملکوں کے درمیان نیوکلیئر فلیش پوائنٹ، پہلگام میں حملہ کرنے والے مبینہ طور پر بھارتی شہری ہیں

بھارت نے حملہ کیا تو 2 ایٹمی طاقتوں کے درمیان جنگ خطرناک صورتحال اختیار کرسکتی ہے، رضوان سعید شیخ کا انٹرویو

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مسئلہ کشمیر حل کرانے کیلئے کردار ادا کریں کیونکہ تنازع کشمیر دونوں ملکوں کے درمیان نیوکلیئر فلیش پوائنٹ ہے، امریکی ٹی وی فوکس نیوز سے گفتگو میں..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مودی حکومت نے اپنے ہی شہریوں پر زندگی تنگ کردی

صرف ووٹر شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کو ہندوستانی شہریت کا ثبوت سمجھا جائے گا، پولیس

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) مودی حکومت نے پاکستانیوں کے بعد اب میں ایک اور اقدام اٹھاتے ہوئے اپنے ہی شہریوں کی زندگی اجیرن کردی، دہلی..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت نے سی ڈی اے ترمیمی آرڈیننس 2025 جاری کر دیا

معاوضہ اب صرف نقد کی صورت میں نہیں بلکہ زمین یا دیگر شکلوں میں بھی ادا کیا جا سکے گا

آرڈیننس میں معذور، نابالغ یا قانونی مجبوری والے افراد کیلئے خاص اقدامات شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری نے سی ڈی اے ترمیمی آرڈیننس 2025 جاری کر دیا، منظوری کے بعد سی ڈی اے ترمیمی آرڈیننس کا..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کشمیری بزرگوں کا جذبہ قابل دید، بھارتی میڈیا کو آئینہ دکھا دیا

اتنی فوج کے باوجود ایسا ہوگیا؟ سب پیسے کا کھیل ہے، بند کرو ڈرامے بازی

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) پہلگام ڈرامے پر کشمیری بزرگوں کا جذبہ قابل دید، پاکستان، کشمیریوں اور مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والے بھارتی میڈیا کو آئینہ دکھا دیا، کشمیری بزرگ نے کہا بند کرو ڈرامے بازی اب میڈیا پہلگام میں نہیں آنا چاہیے، بھارت..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی فوجی طاقت: زمین سے فضا اور گہرے پانیوں تک ناقابل تسخیر

پاکستان اپنی سرزمین کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اپنی سرزمین کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے اور پاک فوج، بحریہ اور فضائیہ کے جدید ہتھیاروں اور ٹیکنالوجی نے پاکستان کو خطے کی ایک مضبوط دفاعی طاقت بنا دیا ہے۔ پاکستان کے پاس میزائلوں کا..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

زیارت، زلزلے کے دو جھٹکوں سے شہریوں میں خوف و ہراس

لوگ گھروں سے باہر نکل آئے، کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

زیارت (یو این اے) زیارت میں صبح تقریباً 7 بج کر 16 منٹ پر زلزلے کے دو جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلے کے باعث شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلے کے جھٹکوں کے دوران لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا جبری قید پاکستانیوں کو فیک ان کاؤنٹرز میں استعمال کرنے کا منصوبہ

مختلف جیلوں میں رکھے جانے والے افراد کو مارنے کے بعد دہشت گرد قرار دیا جائیگا

لاشیں اور پلانٹڈ ہتھیار وغیرہ کی ویڈیوز اور تصویریں شیئر کی جائیں گی، سیکیورٹی ذرائع

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی فوج نے غیر قانونی اور جبری طور پر حراست میں رکھے گئے پاکستانیوں کو فیک ان کاؤنٹر میں استعمال کرنے کا منصوبہ بنا لیا، سیکیورٹی ذرائع..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

اپریل پاکستان میں گرم ترین مہینہ، 65 سالہ ریکارڈ ٹوٹنے کے قریب

موثر اقدامات نہ کیے گئے تو آئندہ مہینے مزید شدید ثابت ہو سکتے ہیں، ماہرین

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک میں ماحولیاتی تبدیلی اور گلوبل وارمنگ کے اثرات شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں رواں سال اپریل کا مہینہ مئی تاریخ کے گرم ترین مہینوں میں شامل ہو گیا، محکمہ موسمیات کے مطابق اپریل 2025 ملک کے 65 سالہ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر



ہندو اقلیتی برادری کی پہلی خاتون نے کمیشن آفیسر کا اعزاز حاصل کرلیا

کشش چوہدری اسسٹنٹ کمشنر تعینات ہوگئی، آبائی تعلق نوشکی شہر سے ہے

نوشکی (نامہ) کشش چوہدری نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں اسسٹنٹ کمشنر کا امتحان پاس کر کے بلوچستان سے..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بینظیر کا بینظیر خواب
ہر عورت خودمختار، بااختیار

ہر مستحق خاندان کیلئے 13,500 روپے سہ ماہی قسط

✓ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں اندراج کیلئے نہ ہی کوئی سروے فیس ہے اور نہ ہی کوئی سروے فارم

✓ بی آئی ایس پی میں سروے ہر 2 سال بعد صرف ڈائنامک رجسٹری سینٹرز پر بائیومیٹرک تصدیق کے ذریعے کیا جاتا ہے

✓ امدادی رقم سے کٹوتی کی صورت میں دیے گئے نمبر پر شکایت درج کروائیں

✓ بی آئی ایس پی میں آپ کا رجسٹرڈ موبائل نمبر ہی آپ سے رابطے کا واحد ذریعہ ہے

بی آئی ایس پی اپنے مستحقین کو صرف 8171 سے پیغام بھیجتا ہے

شکایات یا معلومات کیلئے 0800 26477

یا قریبی بی آئی ایس پی دفتر تشریف لائیں

www.bisp.gov.pk

URAAN PAKISTAN

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام
حکومتِ پاکستان

PID(I)7467-D/24

/officialbisp @bisp_pakistan www.bisp.gov.pk

علما کرام امت مسلمہ کے حقیقی رہنما اور راہبر ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

دین اسلام کی اشاعت کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما اور مرکزی مجلس شوریٰ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا ہے کہ علما کرام ہی امت مسلمہ کے حقیقی رہنما اور راہبر ہیں۔ انہوں نے پورے عالم اسلام خصوصی برصغیر کی آزادی وبقاء میں علمائے حق کا ناقابل فراموش تاریخی کردار رہا ہے۔ یہ اظہار خیال انہوں نے جمعیت علما اسلام ضلع شیرانی کے زیر اہتمام منعقدہ عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ علما کرام ہمیشہ عوام الناس کے دکھ درد میں شریک رہے ہیں اور ان کی خدمات کو نہ صرف دین کی اشاعت کی بلکہ ملک وقوم کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کیا آج بھی امت کو اپنے علما کی رہنمائی کی اشد ضرورت ہے جو ہر دور میں دین ووطن کی حفاظت کے لیے پیش پیش رہے ہیں۔ انہوں نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ علما کرام کی روایات کو اپناتے ہوئے دین اسلام اور ملک کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ علم ونوجوان ہی قوم کا مستقبل ہیں اور کوئی بھی ملک دشمن طاقت ان کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ اس موقع پر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے مدرسہ امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد کے فضلاء میں دستار بندی بھی کی۔

کوئٹہ: جمعیت کے رہنما حافظ حسین احمدی وفات پر صدر الشقاء خان بگٹی اور کرن قومی اسمبلی عبدالرحمٰن باڈینی فاتحہ خوانی کررہے ہیں

آزاد اور دمدار صحافت جمہوری معاشروں کی بنیاد ہے، زمرک اچکزئی

صحافی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کو ہرگز سچی صحافت نہیں کہا جاسکتا، بار ایسوسی ایشن لورالائی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے عالمی یوم صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوری معاشروں کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کو ہرگز سچی صحافت نہیں کہا جاسکتا ہے ان کی یہ قربانیاں معاشرے میں شفافیت، احتساب اور آگاہی کے بیانیے کو مضبوط بنانے میں اہم حیثیت رکھتی ہیں۔ انجمن زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا ایک حساس خطے ہے جہاں کے صحافیوں کو بہت سے مشکلات اور مسلسل خطرات کے باوجود پیشہ وارانہ خدمات سرانجام دینی ہوتی ہیں۔ ان کی اشاعت اور حوصلہ افزائی ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ حکام اور کرداروں کو بے نقاب کرے، انہوں نے صحافیوں کے تحفظ کے لیے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں صحافیوں کے تحفظ کے قوانین کے نفاذ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنی ذمہ داریوں کو اپنانا چاہئے جہاں وہ آزادی کے ساتھ اور بغیر خوف وخطر اپنے فرائض سرانجام دے سکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کو صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہئے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبداللہ کا شناختی کارڈ بحال کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب بلوچستان ریجن کوئٹہ کے کمپلینٹ آفیسر محمد ابراہیم کاکڑ نے شناختی کارڈ بلاک کرنے کے خلاف درخواست گزار عبداللہ کی درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے نادرا کو حکم جاری کیا کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کیا جائے۔ درخواست گزار عبداللہ نے اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ انہوں نے 2 مئی 2024ء کو نادرا کے ایک دفتر میں اپنے شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے درخواست جمع کرائی تھی، تاہم 6 ماہ گزرنے کے باوجود ان کا شناختی کارڈ بحال نہیں کیا گیا۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ شناختی کارڈ بلاک ہونے کی وجہ سے وہ بینک اکاؤنٹ کھلوانے، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور دیگر ضروری کام نہیں کرسکتے۔ نادرا کی جانب سے پیش ہونے والے نمائندے نے محتسب کے دفتر کو بتایا کہ درخواست گزار کے شناختی کارڈ کو بلاک کرنے کی وجہ یہ تھی کہ ان کے والد کا شناختی کارڈ بلاک ہے اور ان کے والد کے ساتھ ان کا بائیومیٹرک میچ ہوا ہے۔ نادرا کے نمائندے نے کہا کہ درخواست گزار کے والد کا شناختی کارڈ بلاک ہونے کی وجہ سے ان کا شناختی کارڈ بھی بلاک ہوا ہے۔ محتسب نے نادرا کے نمائندے کے مؤقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار کے والد کا شناختی کارڈ بلاک ہونے کی وجہ سے ان کا شناختی کارڈ بلاک کرنا درست نہیں ہے۔ محتسب نے نادرا کو حکم جاری کیا کہ درخواست گزار کا شناختی کارڈ بحال کیا جائے۔

جمعیت تعزیتی کے مرکزی سیکرٹری سید عبدالشاہ ہاشمی، حسین شاہ، مراد شاہ، صدیق ترین اور ڈاکٹر بشیر بلوچ ریلوے کالونی کوئٹہ پریس کلب میں تعزیت کررہے ہیں

پی ایس ایف امتحانات میں کامیاب ہونے والوں کو مبارک باد پیش کرتے ہیں، عالم خان کاکڑ

تحریری امتحان میں کامیابی ہونے والے امیدواروں کا انٹرویو میں ناکام ہونا سوالات کو جنم دیتا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صدر عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ایس ایف کا تحریری امتحان نہایت شفاف اور میرٹ پر مبنی رہا، ہم اس کامیابی پر تمام کامیاب ہونے والے امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ کامیابی ان کی محنت، لگن اور جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ پارٹی کے تحریری امتحان اور انٹرویو میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو یکساں نمبر دیئے جائیں، بصورت دیگر یہ سوال اٹھے گا کہ انٹرویو میں ناکام ہونے والے امیدوار کس بنیاد پر تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ پی ایس ایف کے انٹرویو کا کردار ختم کیا جائے یا پھر انٹرویو میں صرف تحریری امتحان کا ریکارڈ مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایف کے انتخابات کے دوران ہم نے دیکھا کہ کس طرح ایک ہی امیدوار کو کامیاب اور ناکام قرار دیا گیا، ہم نے اس پر بھی آواز اٹھائی تھی اور آج بھی ہمارا مطالبہ ہے کہ پی ایس ایف کے انتخابات کے دوران ہونے والی بے ضابطگیوں کا نوٹس لیا جائے۔

پی ایس ایف کے مرکزی سیکرٹری سید عبدالشاہ ہاشمی، حسین شاہ، مراد شاہ، صدیق ترین اور ڈاکٹر بشیر بلوچ ریلوے کالونی کوئٹہ پریس کلب میں تعزیت کررہے ہیں

سرفراز بگٹی مدبر، جرات مند عوامی لیڈر ہیں، ملک عیسیٰ خان ملازئی

ان کی قیادت میں بلوچستان ترقی کے نئے دور میں داخل ہو رہا ہے، پی پی رہنما

کوئٹہ (آن لائن) پی پی بلوچستان کے سینئر نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جو اقدامات کیے ہیں وہ ماضی کی کسی بھی حکومت نے نہیں کیے، ان کی قیادت میں بلوچستان ترقی کے نئے دور میں داخل ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے نوجوانوں کے لیے لیپ ٹاپ اسکیم، انٹرن شپ پروگرام، بلوچستان یوتھ بزنس اینڈ ٹیکنالوجی انکیوبیشن سینٹر، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ انویسٹمنٹ فنڈ، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ پروگرام، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ اسکیم، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ سپورٹ پروگرام، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ ٹریننگ پروگرام، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ ویلفیئر پروگرام، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ ویلفیئر اسکیم، بلوچستان یوتھ ایمپاورمنٹ ویلفیئر فنڈ

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹرانسپورٹرز نے پٹرولیم کی قیمتوں میں 2 روپے کی کمی کو مذاق قرار دیکر مسترد کر دیا

معمولی کمی ناقابل قبول ہے، حکومت مہنگائی کے تناسب سے قیمتوں میں بڑی کمی کرے، ٹرانسپورٹروں اور عوام کے ساتھ مذاق کیا گیا، حبیب اللہ بادیزئی

ان حالات میں کرائے کم کرنا ناممکن ہے، اخراجات بدستور بڑھ رہے ہیں، حقیقی ریلیف دیا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز بھی عوام کو فائدہ دے سکیں، میر اکبر لہڑی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، سیکریٹری جنرل حاجی میر محمد اکبر لہڑی اور دیگر عہدیداران حاجی موسیٰ جان اچکزئی و حاجی ولی خان اچکزئی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دو روپے کی حالیہ معمولی اور شرمناک کمی کو مسترد کرتے ہوئے اسے ٹرانسپورٹروں اور عوام کے ساتھ مذاق قرار دیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت مہنگائی کے تناسب سے قیمتوں میں حقیقی کمی کرے۔ انہوں نے کہا کہ عملی طور پر مہنگائی کم نہیں ہوئی، بلکہ ٹرانسپورٹ انڈسٹری بدستور بحران کا شکار ہے۔ موجودہ حالات میں کرائے کم کرنا ممکن نہیں کیونکہ دیگر اخراجات بدستور بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ حقیقی ریلیف دے تاکہ ٹرانسپورٹرز بھی عوام کو فائدہ دے سکیں۔ حکومت پٹرولیم قیمتوں میں واضح اور مناسب کمی کرے تاکہ مہنگائی میں کمی آئے اور ٹرانسپورٹ نظام بحال ہو سکے۔ بصورت دیگر احتجاجی لائحہ عمل اختیار کیا جائے گا۔

نصیر آباد، صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی کو لوگ اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد کو گورنمنٹ کنٹریکٹر میر توبت خان جھکرانی سم شاخ پر زیر تعمیر پلوں سے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں

27 سال سے مقبوضہ کشمیر پولیس میں نوکری کرنیوالے اہلکار کو بھارت چھوڑنے کا حکم

سرینگر (نیوز رپورٹ) بھارت کے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد سے جہاں مقبوضہ کشمیر کے عوام پر زندگی تنگ کی جا رہی ہے وہیں مقبوضہ وادی کی پولیس میں سالوں سے خدمات انجام دینے والے اہلکار بھی ہندو انتہا پسند مودی حکومت کی سازشوں کا نشانہ بن گئے، مقبوضہ کشمیر پولیس کے اہلکار نے صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا 27 سال سے جموں و کشمیر پولیس میں خدمات انجام دے رہا ہوں، ہائیکورٹ کا واضح حکم ہے جموں و کشمیر سے باہر نہیں بھیجا جائیگا، اعلیٰ حکام بھارتی ہائیکورٹ کا فیصلہ تسلیم نہیں کر رہے ہیں

ہنگلاج مندر میلہ زائرین کی سہولت اور تحفظ اولین ترجیح ہے، ڈی سی لسبیلہ

پاکستان کا یہ میلہ مذہبی رواداری، ہم آہنگی اور ثقافتی یگانگت کی روشن مثال ہے

سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے شکایت پر فوری کارروائی کی جا رہی ہے

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے کہا ہے کہ ہنگلاج مندر میلہ مذہبی رواداری، ہم آہنگی اور ثقافتی یگانگت کی روشن مثال ہے ضلعی انتظامیہ اس کے کامیاب اور پرامن انعقاد کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ زائرین کی سہولت اور تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سالانہ ہنگلاج میلہ کے انتظامات کا جائزہ لینے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا یہ میلہ جو ہزاروں ہندو زائرین کو اپنی جانب متوجہ کرتا ہے اس وقت اپنے عروج پر ہے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے میلے میں جاری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا متعلقہ اداروں کو مزید بہتری کے لیے واضح ہدایات جاری کیں انہوں نے میلے کے لیے قائم کیے گئے میڈیکل کیمپس کا دورہ کیا جہاں طبی عملہ زائرین کو فوری امداد فراہم کر رہا تھا انہوں نے ادویات کی دستیابی، عملے کی موجودگی، صفائی اور دیگر سہولیات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور موقع پر بہتری سے متعلق احکامات دیے ڈپٹی کمشنر نے خیمہ بستیوں میں قیام پذیر زائرین سے بھی ملاقات کی ان کے مسائل سنے اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ دور دراز سے آنے والے زائرین کو سہولت دینا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے جسے پورا کیا جا رہا ہے سیکیورٹی کے حوالے سے انہوں نے ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کے ہمراہ مختلف سیکیورٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا ایس ایس پی کے مطابق زائرین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر سے اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جبکہ قانون نافذ کرنے والے تمام ادارے قریبی رابطے میں ہیں ڈپٹی کمشنر حمیرا بلوچ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ زائرین کی سہولت کے لیے باہمی رابطہ مؤثر بنایا جائے صفائی، پانی، بجلی، طبی امداد اور سیکیورٹی جیسے اہم شعبوں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ہنگلاج میلہ صرف ایک مذہبی اجتماع نہیں بلکہ یہ بلوچستان میں مختلف مذاہب اور ثقافتوں کے مابین بھائی چارے اور برداشت کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے اور ضلعی انتظامیہ اس روایت کو برقرار رکھنے کے لیے مکمل طور پر سرگرم عمل ہے۔

پنجگور، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (آن لائن) گذشتہ روز پنجگور کے علاقے ایئرپورٹ روڈ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے گیس پلانٹ کے منشی باسط ولد ریاض سکنہ سنٹ سے سر زخمی ہوئے جنہیں ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کردیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گیس پلانٹ کے منشی باسط ولد ریاض ڈیوٹی سے بازار آرہے تھے کہ انہیں رستے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے زخمی کردیا گیا جن کی طبی امداد جاری ہے سر دست واقع کا وجہ معلوم نہ ہو سکی مزید تفتیش پولیس کررہی ہے۔

فرید آباد، شارٹ سرکٹ کے باعث آگ 4 گھر جل کر خاکستر

فرید آباد (آن لائن) ایک روز قبل گزشتہ شب گوٹھ ظہور حسین کھوسہ کے نزدیک گوٹھ جہانگیر کٹی میں بجلی کی شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی دیکھتے ہی دیکھتے 4 گھر مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئے آگ کی لپیٹ میں ایک بکری بھی مرگئی ہے فائر بریگیڈ کو بروقت اطلاع دی مگر فائر بریگیڈ گاڑی نہیں آیا لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پایا گیا مذید گھر آگ سے محفوظ رہے آگ متاثرین تپتی دھوپ میں کھلے آسمان تلے حکومتی امداد کے منتظر ہیں

2 جوہری طاقتیں آمنے سامنے آئیں تو حالات کیا شکل اختیار کرتے ہیں، کچھ نہیں کہا جا سکتا

واشنگٹن (نیوز رپورٹ) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے پاکستان پر حملہ ہوا تو بھرپور طاقت سے جواب دیں گے، بھارت اپنی جابرانہ پالیسیوں، انتخابی مجبوریوں یا انتظامی کوتاہیوں کا بوجھ پاکستان پر نہیں ڈال سکتا، امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا پاکستان نے ہمیشہ ذمہ داری اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا، امن کے خواہاں ہیں تاہم اسے کمزوری نہ سمجھا جائے اگر پاکستان کیخلاف کسی قسم کی مہم جوئی ہوئی تو بھرپور قوت سے جواب دیں گے، 2 جوہری طاقتیں آمنے سامنے آئیں تو حالات کیا شکل اختیار کرتے ہیں، کچھ نہیں کہا جا سکتا

شہر میں قیام امن کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے، آئی جی اسلام آباد

جرائم پیشہ عناصر کی نگرانی اور تفتیشی عمل کی شفافیت کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا سینئر افسران کے ہمراہ اہم اجلاس۔ اجلاس میں جرائم کی روک تھام، تفتیشی نظام کی بہتری، جدید نگرانی کے طریقہ کار اور امن و امان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، شہر بھر میں امن و امان کو یقینی بنانے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم پیشہ عناصر پر نظر رکھنے اور تفتیشی عمل کو شفاف، جلد اور معیاری بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس کا انعقاد کیا، اجلاس میں ڈی آئی جی آپریشنز محمد جواد طارق، ڈی آئی جی سیف سٹی شاکر حسین داوڑ، ایس ایس پی آپریشنز شعیب خان اور دیگر سینئر افسران موجود تھے، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے جرائم کی روک تھام، تفتیشی نظام کی بہتری، جدید نگرانی کے طریقہ کار اور امن و امان کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، انہوں نے افسران کو مقدمات کی تفتیش کو مؤثر بنانے اور زیر تفتیش مقدمات میں عدم گرفتار ملزمان کی گرفتاری کے لئے احکامات جاری کیے، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ بدلتے دور کے تقاضوں کے مطابق تفتیش کے عمل کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے، تمام افسران زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کریں، انوسٹی گیشن ونگ کی تجدید کا مقصد تفتیشی نظام کو بروقت اور میرٹ پر مکمل کرنا ہے اور فوجداری مقدمات کی بہتر انداز میں تفتیش کرنی ہے تاکہ جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے معاشرہ سے جرائم کے خاتمے کو ممکن بنایا جا سکے، انہوں نے افسران کو مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جدید تکنیک کو استعمال کرتے ہوئے سیف سٹی کیمروں کی استعداد کار کو مزید بڑھانے کے ساتھ ساتھ شہر بھر میں سرویلنس اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے، جبکہ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے جرائم پیشہ عناصر پر گرفت مضبوط کرنے اور ضلع بھر کی سیکورٹی کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ سیف سٹی اسلام آباد کی سروسز کو بہتر بناتے ہوئے اس کے دائرہ کار کو بڑھایا جائے، اسی کے ساتھ آئی جی اسلام آباد نے افسران کو خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہو کر شہریوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے احکامات جاری کئے اور کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور ان کو ہر سہولت مہیا کرنا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

پہلگام واقعہ میں مودی کی غفلت کارفرما ہے، سابق گورنر مقبوضہ کشمیر

بی جے پی قومی سلامتی کو اپنے سیاسی پروپیگنڈے کیلئے استعمال کر رہی ہے، ستیہ پال ملک

سرینگر (نیوز رپورٹ) مقبوضہ کشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک نے بھی پہلگام واقعہ کا ذمہ دار مودی کو قرار دے دیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انٹرویو میں مقبوضہ کشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک نے کہا نریندر مودی کی غفلت اور لاپرواہی پہلگام واقعہ میں کارفرما ہے، پہلگام حملے پر مودی سے جواب دہی ہونی چاہیے، بی جے پی قومی سلامتی کو اپنے سیاسی پروپیگنڈے کیلئے استعمال کر رہی ہے، دوسری جانب مقبوضہ کشمیر کے رہنما فاروق عبداللہ نے بھارت میں دہائیوں سے مقیم پاکستانیوں کی بے دخلی کو غیر انسانی قرار دیدیا، فاروق عبداللہ نے کہا بھارت میں پاکستانی 50 برسوں سے مقیم ہیں، ڈی پورٹ کرنا غیر انسانی اور نفرت کا باعث ہے، نریندر مودی کی غفلت اور لاپرواہی پہلگام واقعہ میں کارفرما ہے، پہلگام حملے پر مودی سے جواب دہی ہونی چاہیے۔

بھارت ہوش کے ناخن لے کر جنگ سے باز رہے، نعیم احمد مدنی

جنگ ہو یا امن ہم پاکستان اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و سماجی شخصیت نعیم احمد مدنی نے اپنے جاری کردہ بیان میں بھارت کو مشورہ دیا ہے کہ اپنے ملک میں ہونے والی ناانصافیوں کی طرف توجہ دے جہاں آئے روز اقلیتوں کے ساتھ ظلم و زیادتیوں کا نا ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے پاکستان اس وقت ایک ایٹمی طاقت، طاقتور فوج اور نڈر اور متحد قوم کے ساتھ کھڑا ہے جس ملک کی فوج طاقتور ہو اور اس کے ساتھ اس ملک کی عوام اس طاقتور فوج کا بازو بن جائے تو دنیا کی کوئی بھی طاقت ان کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی ہم پاکستانی قوم متحد و منظم ہو کر پاک آرمی کے ساتھ ہمہ وقت تیار ہیں۔ نعیم احمد مدنی، الطاف خان جدون، راجہ عمر، محمد فاروق، محمد کامران مدنی، اشعر رسول صابری، احتشام فریدی، حامد رانا، سید یاسر ظفر، احسان علی صابر و دیگر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جنگ ہو یا امن ہم پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ ہر وقت تیار ہیں اور کسی بھی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہیں کریں گے پاکستان ہمارا فخر افواج پاکستان ہمارا غرور ہیں

صوفی ازم اسلام کی اصل تشریح اور امن کی علمبردار ہے، ذوالفقار طارق

جو بھی صوفی روایت کو سمجھے گا وہ ہاتھ میں بندوق لینے کا تصور بھی نہیں کریگا، بیان

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کیر ہما ذوالفقار علی طارق قادری نے ہفتہ وار ختم شریف میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ نے بار بار دیکھا ہے کہ ان حکمرانوں نے مذہبی احکام کی تشریح بھی اپنے مقاصد کی برآوری کے لئے کی مگر صوفیہ نے اسلام کا انسانیت نواز جمالیاتی چہرہ عوام کے سامنے پیش کیا اس سے سماج کے اندر محبت اور بھائی چارے کو فروغ ملا صوفیوں نے تمام مذاہب کا احترام کیا صوفی فلسفہ کی اصل مضمر محبت الٰہی تعلق سے محبت اور اس کی مخلوق سے محبت کیونکہ خالق خود بھی اپنی مخلوق سے محبت کرتا ہے اور اتنی محبت کرتا ہے جتنی ایک ماں اپنے بچے سے نہیں کرسکتی یہی تعلیم انہوں نے لوگوں کو بھی دی جس سے سماجی ہم آہنگی کو فروغ ملا اور انسانیت نواز جذبات عام ہوئے آج ہم دیکھتے ہیں کہ صوفیہ کے لئے احترام کا جذبہ ہر طبقے میں پایا جاتا ہے اور اس کا اصل سبب ان کا درس محبت ہے ہم دیکھتے ہیں کہ مسجدوں میں مسلمان جاتے ہیں مندروں میں ہندو جاتے ہیں گرجا گھروں میں عیسائی اور گردواروں میں سکھ جاتے ہیں مگر صوفیوں کے آستانے وہ جگہیں ہیں جہاں ہر فرقہ، ہر مذہب اور ہر طبقے کے لوگ جاتے ہیں ان کی درگاہیں آج بھی سماجی ہم آہنگی کو فروغ دے رہی ہیں حالانکہ یہ بہتر ہوتا کہ ان کے پیروکار ہونے کا دعویٰ کرنے والے لوگ ان کی تعلیمات کو توحید اخوت و محبت اور ان کی زندگی کے حالات کو فولڈر کتابچوں اور ویڈیو و آڈیو سی ڈی کی شکل میں زائرین کو پیش کرتے اس سے ہمارے معاشرے میں محبت و بھائی چارہ کو فروغ ملتا اور تشدد و دہشت گردی سے پریشان انسانیت کو صوفیہ کی تعلیمات کا سہارا ملتا بھارت اور پاکستان سمیت اس پورے خطے میں سماجی ہم آہنگی اور مختلف طبقوں کے اتحاد میں تصوف کا ایک اہم رول رہا ہے اسلام میں صوفی روایت طاقتور رہی ہے جو بھی صوفی روایت کو سمجھے گا وہ ہاتھ میں بندوق لینے کا خیال نہیں لاسکتا

پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم اور پی ٹی آئی کے ارکان سندھ اسمبلی ایک ہوگئے

نوجوان ارکان پر مبنی نوتشکیل شدہ ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے تمام 8 عہدیدار بلا مقابلہ منتخب

کراچی (نیوز رپورٹ) پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم اور پی ٹی آئی کے ارکان سندھ اسمبلی ایک ہو گئے، سندھ اسمبلی کے نوجوان ارکان پر مبنی نوتشکیل شدہ ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے تمام 8 عہدیدار بلا مقابلہ منتخب ہوگئے، سیکرٹری سندھ اسمبلی کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا، سندھ میں حکمران جماعت پیپلز پارٹی کی رکن اسمبلی سیدہ ماروی فصیح کو بلا مقابلہ نئے فورم کی صدر منتخب کر لیا گیا اسی طرح پیپلز پارٹی ہی کے ایک اور ایم پی اے بالاار و سان فورم کے سینئر نائب صدر اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ایم پی اے شارق جمال نائب صدر، پی پی پی کے ایم پی اے شیر از شوکت راجپر جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے، ایم کیو ایم کے ایم پی اے دانیال جوائنٹ سیکرٹری، پی پی پی کے ایم پی اے خرم کریم سومرو ایڈیشنل سیکرٹری جنرل، ایم کیو ایم کے رکن صوبائی اسمبلی دانیال کو جوائنٹ سیکرٹری منتخب کیا گیا، مقدم فخر زمان انفارمیشن سیکرٹری، تحریک انصاف کے رکن اسمبلی بلال حسین خان جدون ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے فنانس سیکرٹری بن گئے۔

ڈیپوٹیشن پر آئے ججز کو واپس بھیجنے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد ہائی کورٹ نے عدالتی معاون کو دلائل تحریری طور پر جمع کرانے کی ہدایت کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب طاہر نے ماتحت عدلیہ کے ججز کی درخواست پر ڈیپوٹیشن پر آئے ججز کو واپس بھیجنے کے جوڈیشل سروس ٹربیونل کے فیصلے کیخلاف کیس میں اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا، کیس میں فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد اسلام آباد ہائی کورٹ نے عدالتی معاون کو اپنے دلائل تحریری طور پر جمع کرانے کی ہدایت کردی، دوران سماعت ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے موقف اختیار کیا 18 مارچ کو نئے ٹریبونل کا نوٹیفکیشن جاری ہوگیا تو پرانا ٹریبونل ختم ہو گیا، پرانے ٹریبونل نے 21 مارچ کو کیس کا مختصر فیصلہ جاری کیا، جسٹس ارباب طاہر نے استفسار کیا 18 مارچ کا صدارتی نوٹیفکیشن ٹریبونل کے سامنے چیلنج تھا؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ نے کہا نوٹیفکیشن چیلنج نہیں تھا، عدالت کالعدم قرار نہیں دیا جا سکتا تھا، ایڈووکیٹ جنرل ایاز شوکت نے کہا عدالت نے دیکھنا ہے کیا ٹریبونل کے پاس وہ آرڈر کرنے کا اختیار تھا یا نہیں؟ جسٹس ارباب طاہر نے کہا ٹریبونل نے لکھا انہوں نے فیصلہ پہلے محفوظ کر لیا تھا، عدالت نے استفسار کیا قانون کو کالعدم قرار دینے سے پہلے اٹارنی جنرل کو نوٹس کیا گیا تھا؟، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا ٹریبونل کے پاس اٹارنی جنرل کو نوٹس کرکے طلب کرنے کا بھی اختیار نہیں، ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا ٹریبونل سول کورٹ کے برابر ہے اور سول کورٹ کے پاس کسی قانون کو کالعدم کرنے کا اختیار نہیں، نئے نوٹیفکیشن کے بعد جس ٹریبونل کا وجود ہی نہیں وہ آرڈر نہیں کرسکتا تھا جسٹس ارباب طاہر نے ریمارکس دیئے ہائیکورٹ سے سپریم کورٹ جانے والے ججز بھی بعد میں محفوظ کردہ فیصلے جاری کرتے ہیں، درخواست گزار ججز کے وکیل نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا اسلام آباد کے ججز کے دوسرے صوبوں میں تبادلے کا مطالبہ رہا ہے، صوبوں کے ججز کے صوبے کے اندر تبادلے ہوتے رہتے ہیں، اسلام آباد کے ججز کا تبادلہ نہیں ہوتا، اسلام آباد بار کا مطالبہ رہا ہے اسلام آباد کے ججز کے بھی دوسرے صوبوں میں تبادلے ہونے چاہئیں۔

قومی سلامتی کے معاملے پر سب یک جان ہیں، وزیراعظم آزاد کشمیر

ازلی دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے سب سے پہلے میں خود کو پیش کروں گا، چوہدری انوار الحق

مظفر آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے قومی سلامتی کے معاملے پر سب یک جان ہیں، قانون ساز اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری انوار الحق نے کہا قومی سلامتی کے معاملے پر سب یک جان اور افواج پاکستان کیساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں، ازلی دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے سب سے پہلے میں خود کو پیش کروں گا، حکومت نے ایک ارب کا ایمرجنسی رسپانس فنڈ قائم کر دیا، خوراک، ادویات اور بنیادی ضروریات کیلئے انتظامات کر لیے۔

جنگ ہوئی تو بھارت تباہ ہو جائے گا، کھیئل داس کوہستانی

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا ڈرامہ فلاپ ہوگیا، وزیر مملکت برائے مذہبی امور

کراچی (نیوز رپورٹ) وزیر مملکت برائے مذہبی امور کھیئل داس کوہستانی نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام کے سیاحتی مقام پر ہونیوالے واقعہ کے بعد بھارت کی جانب سے دھمکیوں پر رد عمل دیتے ہوئے کہا اگر جنگ ہوئی تو بھارت تباہ ہو جائے گا، پاکستان میں اقلیتیں مکمل محفوظ ہیں، پاکستان میں مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے، کھیئل داس کوہستانی نے کہا ہندو دھرم دوسرے مذہب کا احترام کرنا سکھاتا ہے، بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا ڈرامہ فلاپ ہو گیا، مودی نے ہمیشہ انتخابات میں مذہب کو نشانہ بنایا، پاکستان کی تمام اقلیتیں اپنی افواج کیلئے دعا کرتی ہیں، جنوبی مودی کو شکست دیں گے اگر جنگ ہوئی تو بھارت تباہ ہو جائے گا۔

دریائے چناب کنارے پاکستانیوں کا مودی کو منہ توڑ جواب

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) دریائے چناب کنارے پاکستانیوں نے مودی کی دھمکیوں کا منہ توڑ جواب دے دیا، گجرات کے رہائشی سید طلحہ نے اپنے پیغام میں کہا پہلگام کی ناکامی چھپانے کو بھارت نے پاکستان پر الزامات اور پانی کی دھمکی دی مگر بری طرح ناکام رہا، مودی تو کیا مودی کی 7 نسلیں بھی پاکستان کا پانی بند نہیں کر سکتیں، کھاریاں سے تعلق رکھنے والے عامر قوم بھٹی نے کہا دھرتی کے بیٹے راجہ پورس نے سکندر اعظم کو ناکوں چنے چبوائے تھے۔

پہلگام حملہ انٹیلی جنس سکیورٹی کی بدترین ناکامی ہے، سابق سربراہ "را"

لندن (نیوز رپورٹ) "را" کے سابق سربراہ امرجیت سنگھ دولت نے بھی پہلگام حملے میں ناقص سکیورٹی اور انٹیلی جنس ناکامی کا اعتراف کرلیا، برطانوی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے سابق سربراہ امرجیت سنگھ دولت نے کہا پہلگام کا واقعہ ناقص سکیورٹی کے باعث پیش آیا۔

کوئٹہ میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا سریاب روڈ پر کریک ڈاؤن

عوامی شکایات پر ٹریفک کی روانی میں خلل بننے والے 4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کر دیئے، متعدد افراد گرفتار

سڑک کنارے قابض ریڑھی بانوں اور خوانچہ فروشوں کو فوری طور پر راستے کھولنے کیلئے وارننگ دی گئی، آئندہ رعایت نہیں برتی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کا سریاب روڈ پر قائم تجاوزات کے خلاف سخت کریک ڈاؤن، 4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کردیئے گئے تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف بھرپور اور سخت کریک ڈاؤن شروع کردیا جو کہ عوامی شکایات اور ٹریفک کی روانی میں شدید خلل کے باعث بن رہے تھے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب، سعد کلیم ظفر کی زیرنگرانی سریاب روڈ پر ناجائز تجاوزات کے خلاف بڑا اور فیصلہ کن آپریشن کیا گیا۔ اس کارروائی کے دوران 4 ایرانی پمپس، 3 ہوٹلز اور 4 قصاب خانے فوری طور پر سیل کر کے متعدد افراد کو موقع پر گرفتار کیا گیا۔ جبکہ سڑک کنارے اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی تمام ریڑھی بانوں کو سخت وارننگ جاری کی گئی ہے۔ واضح کیا گیا ہے کہ آئندہ اگر کسی نے بھی سریاب روڈ پر ریڑھی لگائی یا تھڑے پر قبضہ کیا، تو اس کو بلا تاخیر گرفتار کر کے جیل بھیجا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح الفاظ میں کہا کہ تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جائے گا۔ اس کارروائی کے دوران کسی سے بھی کوئی رعایت نہیں برتی گئی اور نہ ہی آئندہ برتی جائے گی۔ عوام سے اپیل ہے کہ شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کی روانی کے لیے انتظامیہ کا ساتھ دیں اور تجاوزات سے باز رہیں، ورنہ سخت قانونی کارروائی کے لیے تیار رہیں۔

عالمی یوم مزدور کے موقع پر سبی میں ریلی کی قیادت عطاء محمد مری، سید اسماعیل شاہ، طاہرہ کنر، سہوترا، میر محمد مری و دیگر کر رہے ہیں

سید حسن شاہ قریشی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بیلہ تعینات

اوتھل (این این آئی) محکمہ تعلیم بیلہ میں ایک اہم پیش رفت کے تحت سید حسن شاہ قریشی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بیلہ تعینات کیا گیا ہے۔ وہ 14 مئی 2025 کو غلام رسول رونجھو کی ریٹائرمنٹ کے بعد اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ سید حسن شاہ قریشی جو محکمہ تعلیم میں کئی برسوں سے خدمات انجام دے رہے ہیں، اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور تعلیمی نظم و نسق میں تجربے کے لیے جانے جاتے ہیں۔ ان کی تعیناتی کو تعلیمی حلقوں میں مثبت پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، اور مقامی عوامی حلقوں نے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ غلام رسول رونجھو 14 مئی کو ریٹائر ہو رہے ہیں۔ سید حسن شاہ قریشی کی تعیناتی سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اپنے خداداد صلاحیتوں کے ذریعے بیلہ کے تعلیمی نظام کو بہتر کریں گے اور طلباء و اساتذہ کے لیے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔

اوور سیز پاکستانیوں اور کشمیریوں کا بھارت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

پاک فوج قدم بڑھاؤ، اوور سیز پاکستانی و کشمیری تمہارے ساتھ ہیں، مظاہرین کا خطاب

فرانس (اے این این) اوور سیز پاکستانیوں اور کشمیریوں نے بھارتی جارحیت کیخلاف ایفل ٹاور پیرس کے سامنے تاریخی مظاہرہ کیا جس میں پیپلز پارٹی، تحریک انصاف اور مسلم لیگ ن سمیت آزاد کشمیر و پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں کے سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے سیاسی وابستگیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بھارتی جارحیت مردہ باد، پاکستان زندہ باد، پاک فوج قدم بڑھاؤ، اوور سیز پاکستانی و کشمیری تمہارے ساتھ ہیں۔ جدو جہد جدو جہد، کشمیر کی آزادی تک جدو جہد۔ دل دل پاکستان، جان جان پاکستان اور پاکستان میری جان کے فلک شگاف نعروں سے ایفل ٹاور کے در و دیوار گونجتے رہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر افضل بٹ نے مقبوضہ کشمیر کے علاقہ پہلگام میں دہشت گردی کے واقعہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ عالمی سطح پر اس سانحہ کی تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی میڈیا جنگی جنون میں صحافتی آداب بھی بھول گیا ہے اور کسی ثبوت کے بغیر پاکستان کو پہلگام سانحہ کا ذمہ دار قرار دے رہا ہے۔ افضل بٹ نے مودی سرکار کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پرامن قوم اور جنگ کے مخالف ہیں لیکن پھر بھی ہندوستان نے جنگی جنون کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر حملے کی حماقت کی تو وطن عزیز کے دفاع اور پاک سرزمین کے چپے چپے کی حفاظت کیلئے کشمیری و پاکستانی قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہو گی۔ اس موقع پر ممتاز کشمیری راہنما زاہد ہاشمی صدر انٹرنیشنل کشمیر پیس فورم فرانس، راجہ طاہر محمود، میاں ذوالفقار جتالہ، صفدر ہاشمی، ملک عابد، حاجی اظہر، ایم کے پرویز چوہدری، چوہدری تنویر علی، محمد اویس حاشمی، رانا عباس، سردار ظہور احمد اور دیگر نے بھی پاک وطن کی حفاظت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

صحافت محض خبر رسانی نہیں بلکہ ایک عظیم قومی خدمت ہے، مینا مجید

کسی بھی جارحیت کی صورت میں پاکستانی عوام اور اقلیتی برادری ملک کے دفاع کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے

قومی سلامتی کمیٹی اور کور کمانڈر کانفرنس کے فیصلوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور پاکستان کی سرحدوں کے دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی ونگ کے صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر جعفر جارج کی قیادت میں بھارت کے خلاف اور پاک فوج کی حمایت میں ہفتہ کو کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے ایک ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پاکستانی پرچم اٹھا رکھے تھے بینرز پر بھارت کے خلاف نعرے درج تھے ریلی کے شرکاء مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے کوئٹہ پریس کلب پہنچے جہاں بھارت کا پرچم نذر آتش کیا گیا۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی ونگ کے صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر جعفر جارج نے کہا کہ مودی سرکار پہلگام حملے کو بہانہ بنا کر پاکستان کے خلاف جارحانہ اقدامات کر رہی ہے جس کی پاکستان کی اقلیتی برادری سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے واضح کیا ہے کہ پہلگام حملے میں پاکستان کسی بھی طرح ملوث نہیں ہے یہ صرف اور صرف مودی سرکار اور بھارت کی خفیہ ایجنسی "را" کی ایک سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے کو بہانہ بنا کر بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان کیا ہے جو سندھ طاس آبی معاہدے کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے اگر بھارت نے پاکستان کا پانی بند کرنے کی کوشش کی تو بھارت کے ساتھ کھلی جنگ ہوگی۔ جعفر جارج نے کہا کہ اگر بھارت نے پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو پاکستانی عوام اور اقلیتی برادری پاک فوج کے ساتھ مل کر بھارت کو منہ توڑ جواب دیں گے پاکستان کی اقلیتی برادری ملک کے دفاع کیلئے اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم قومی سلامتی کمیٹی اور کور کمانڈر کانفرنس کے فیصلوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور پاکستان کی سرحدوں کے دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہیں۔

پاکستان نیوی کا حالات کے پیش نظر شہریوں کیلئے پیغام

ماہی گیر بھارتی پانیوں کے قریب جانے سے گریز کریں

وندر (یو این اے) پاکستان نیوی کی جانب سے پاکستان کے ذمہ دار شہریوں کو اہم پیغام کہ ہندوستان اور پاکستان کے مابین مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے واقعے کے بعد کشیدگی بڑھتی جا رہی ہے۔ اس بعید سے دشمن کی طرف سے کسی بھی ناخوشگوار جارحیت کی صورت میں تمام ذمہ دار شہریوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اردگرد کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع دیں اور پاکستان کا ایک ذمہ دار شہری ہونے کے ناطے سمندری حدود خاص طور پر مقامی ماہی گیر برادری سندھ اور بلوچستان کے علاقے میں کسی بھی اشتعال انگیز سرگرمی پر گہری نگاہ رکھ کر اپنی مسلح افواج کی آپریشنل سیکیورٹی کو برقرار رکھیں۔ پاکستان اور ہندوستان کے مابین موجودہ حالات میں، ماہی گیروں سے گزارش ہے کہ سمندری حدود خاص طور پر ہندوستان بارڈر کے قریب جانے میں انتہائی احتیاط برتیں ہے اور اگر سمندر میں مشکوک سرگرمی دیکھنے کو ملے تو اسے بغیر وقت ضائع کئے متعلقہ سیکیورٹی اداروں تک پہنچائیں۔ ان حالات میں مندرجہ ذیل احتیاطی پہلوؤں کو مدنظر رکھیں، دشمن کے خلاف چوکس رہتے ہوئے اپنے ساحلی علاقوں خاص طور پر جو ہندوستان حدود کے قریب ہیں خاص نظر رکھیں۔ مشکوک افراد اور مشکوک حرکتوں کی نشاندہی کریں۔ مشکوک افراد یا حرکات مندرجہ ذیل ہوسکتی ہیں۔ کسی بھی شخص کا حساس تنصیبات یا علاقوں کے بارے میں سوالات کرنا ہیں کسی بھی قسم کا مواد تقسیم کرنا سمندر یا ساحلی علاقے میں نا معلوم یا مشکوک کشتیاں یا کوئی بھی غیر معمولی سمندری سرگرمی۔ اس کے علاوہ بھی کوئی چھوٹی سے چھوٹی معلومات جس میں آپ غیر یقینی ہوں سیکورٹی اداروں کو دیں اور گاڑیوں کی غیر معمولی حرکت خاص طور پر رات کے وقت یا مخصوص علاقوں میں ان کشیدہ حالات میں ماہیگیروں اور ساحلی علاقے کے جو دشمن کے حدود کے قریب ہیں کو خاص طور پر احتیاط برتنی ہے سرحد کے قریب جانے سے گریز کریں۔

منشیات برآمدگی کیس، اداکار ساجد حسن کے بیٹے کی ضمانت منظور

کراچی (نیوز رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے منشیات کیس میں معروف اداکار ساجد حسن کے بیٹے ملزم ساحر حسن کی درخواست ضمانت منظور کرلی، ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو منشیات کیس میں معروف اداکار ساجد حسن کے بیٹے ملزم ساحر حسن کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، وکیل صفائی نے موقف دیا ملزم کو 2 ماہ سے زائد ہو گئے جیل میں ہیں، عدالت نے ملزم ساحر کی 10 لاکھ روپے کے مچلکے کے عوض ضمانت منظور کرلی۔

حکومت 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھا رہی ہے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ نے کہا ہے حکومت 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھا رہی ہے، جاپانی سفارت خانے میں تقریب سے خطاب میں شزا فاطمہ نے کہا وزیراعظم خود نوجوانوں کی تربیت و روزگار کے منصوبے کی نگرانی کرتے ہیں، ہنرمندی اور تجارتی تعاون کے فروغ میں جاپان کی مہارت سے سیکھنے کی ضرورت ہے، حکومتی منصوبوں کے تحت 25 سے 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھایا جا رہا ہے، پاکستان، جاپان کے درمیان آئی ٹی اور ہائی ٹیک تعاون کے بے پناہ مواقع موجود ہیں

مقبوضہ کشمیر کی خواتین کا کشمیر کو بھارت کا حصہ ماننے سے انکار

سرینگر (نیوز رپورٹ) سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں مقبوضہ کشمیر کی خواتین نے کشمیر کو بھارت کا حصہ ماننے سے انکار کر دیا، وائرل ویڈیو میں بھارتی صحافی مقبوضہ کشمیر کی 2 خواتین کو پہلگام واقعہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہتا ہے ہم پورے انڈیا کے لوگ ایک ہیں، خواتین صحافی کو جواب دیتے ہوئے کہتی ہیں کشمیری ہیں اور کشمیر کشمیریوں کا ہے جبکہ بھارت بھارتیوں کا ہے، خواتین کے جواب پر ویڈیو میں موجود بھارتی صحافی نے کہا کشمیر اور بھارت ایک ہے مگر خواتین ماننے سے انکار کر دیتی ہیں، بعد ازاں بھارتی صحافی نے خواتین سے کہا کشمیر الگ نہیں، آپ بھارت ماتا کی جے کا نعرہ لگائیں

پاکستان کی تعریف، بھارت نے سکھ گلوکارہ کے گانے پر پابندی لگادی

نئی دہلی (نیوز رپورٹ) پاکستانی سرزمین کی تعریف پر بھارت نے 5 سال پرانے سکھ گلوکارہ کے گانے پر بھی پابندی لگادی، گلوکارہ نے اپنے گانے میں سکھ برادری کی جانب سے پاکستان سے محبت کا اظہار کیا کیونکہ ان کے روحانی پیشوا بابا گرو نانک کا وطن ہے، بابا گرو نانک نے پاکستانی سرزمین پر اپنی زندگی کے دن گزارے، ذکر گلوکارہ نے اپنے گانے میں بھی کیا، میوزک ویڈیو میں کرتار پور کوریڈور اور پاکستان کے دیگر سیاحتی مقامات کو بھی دکھایا گیا تھا۔

قومی چینلز بلوچستان کو کرائم نیوز تک محدود کرنے کی بجائے ہمہ جہت کو ترجیح دیں، شیخ بلال

آزادی صحافت کا سب سے اہم پہلو ذمہ دارانہ صحافت ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور آزاد صحافت کیلئے جدوجہد کی ہے

بذات خود صحافت سے منسلک رہا ہوں مجھے بخوبی احساس ہے کہ ایک صحافی ہمارے معاشرے میں کتنی اذیت کی زندگی گزار رہا ہے، عالمی یوم صحافت پر پیغام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق نائب صدر و سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کوشش کی ہے قومی چینل بلوچستان کو صرف کرائم نیوز تک محدود نہ رکھیں بلکہ بلوچستان کے سماجی مسائل پر بھی توجہ دی جائے۔ عالمی یوم صحافت پر اپنے ایک پیغام میں سینیٹر شیخ بلال خان مندوخیل نے کہا کہ میں خود اسی شعبے کیساتھ منسلک رہا ہوں اور مجھے بخوبی احساس ہے کہ ایک صحافی معاشرے میں کتنی اذیت کی زندگی گزار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف بلوچستان کے صحافی بلکہ پورے پاکستان کے صحافی برادری مشکل میں ہیں آزادی صحافت کا سب سے اہم پہلو ذمہ دارانہ صحافت ہے، حکومت پر ذمہ داری ہے کہ صحافت کو آزاد رکھے جبکہ مالکان پر فرض ہے کہ ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے احساس ہے کہ بلوچستان کے صحافی مشکل حالات میں فرائض انجام دے رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کی ہے قومی چینل بلوچستان کو صرف کرائم نیوز تک محدود نہ رکھیں بلوچستان کے سماجی مسائل پر بھی توجہ دی جائے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ میڈیا کی مثبت تنقید کو ہمیشہ اصلاح کا موقع سمجھا ہے بلوچستان پاکستان کی اہم اکائی ہے تمام ٹی وی چینلز کو یہاں اپنے بیورو فعال کرنے چاہئے جو کہ غیر اعلانیہ طور پر بیورو بند یا ورکرز کو فارغ کر رہے ہیں ان سے متعلق سینیٹ میں آواز اٹھاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے باہمی مشاورت سے قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے پاکستان پیپلز پارٹی مرکزی سطح پر اور خاص کر حکومت بلوچستان صحافی برادری کی ہر طرح حفاظت اور خیال رکھے گی۔

اے پی پی تمام قومیتوں کے حقوق کی علمبردار جماعت ہے، پروفیسر حلیم صادق

تعصبات کی سیاست کو مسترد کرتے ہیں، بلوچستان سب کا مشترکہ گھر ہے، صوبائی جی ایس

عوام پاکستان پارٹی گراس روٹ سطح پر عوامی آواز کو منظم کر رہی ہے، ملاقاتی وفد سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکریٹری، ممتاز ماہر تعلیم اور دانشور "پروفیسر حلیم صادق" نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی ایک ہمہ گیر قومی جماعت ہے جو ملک کی تمام قومیتوں کے مساوی حقوق اور ترقی کی علمبردار ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس جماعت میں کسی قسم کی لسانی، مذہبی یا علاقائی تعصب کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اصل طاقت اس کی قومی و ثقافتی تنوع میں ہے، اور بلوچستان ایک ایسی سرزمین ہے جہاں بلوچ، پشتون، ہزارہ، پنجابی، سرائیکی، کشمیری اور دیگر اقوام صدیوں سے بھائی چارے کے ساتھ آباد ہیں۔ "بلوچستان صرف بلوچ یا پشتونوں کا نہیں بلکہ تمام اقوام کا مشترکہ گھر ہے، اور عوام پاکستان پارٹی ہر فرد کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے۔" پروفیسر حلیم صادق نے کہا کہ ان کی جماعت صوبے کے تمام اضلاع میں تنظیم سازی کے عمل کو تیز کر رہی ہے تاکہ ہر طبقے اور ہر قومیت کی آواز کو ایوان اقتدار تک مؤثر انداز میں پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کا منشور تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز ہے تاکہ بلوچستان کو ایک ترقی یافتہ اور پرامن صوبہ بنایا جا سکے۔ انہوں نے نوجوان نسل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ نفرت، تعصب اور تفرقہ بازی سے دور رہیں اور قومی وحدت و ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ "ہمیں ایک ایسے پاکستان کی تشکیل کرنی ہے جہاں ہر قومیت اور ہر فرد کو مساوی مواقع حاصل ہوں، اور یہی عوام پاکستان پارٹی کا نصب العین ہے۔" پروفیسر حلیم صادق نے عوام سے اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ اور لسانی سیاست کو مسترد کرتے ہوئے عوام پاکستان پارٹی کا ساتھ دیں تاکہ ایک خوشحال، متحد اور پرامن پاکستان کی بنیاد رکھی جا سکے۔

لسبیلہ پولیس نے ایک نامعلوم کار کو دفعہ 550 ض ف کے تحت تحویل میں لیا

اوتھل (این این آئی) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کے سلسلے میں، سی آئی اے انچارج بیلہ/لاکھڑا عبدالاحد اور ان کی ٹیم نے ایک مشکوک لاوارث آلٹو کار برآمد کرلی تفصیلات کے مطابق پولیس ٹیم نے آر سی ڈی روڈ کے قریب پیرانی بیلہ کے علاقے میں گشت کے دوران ایک سفید رنگ کی آلٹو کار (رجسٹریشن نمبر 478-AGD) کو لاوارث حالت میں کھڑا پایا۔ گاڑی کے اردگرد کوئی شخص موجود نہیں تھا جس پر پولیس نے مشکوک سمجھتے ہوئے گاڑی کو فوری طور پر قبضے میں لے لیا۔ کار کو بمطابق دفعہ 550 ض ف کے تحت تحویل میں لیا گیا

جی ایچ کیو حملہ کیس میں فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) جی ایچ کیو حملہ کیس میں فواد چوہدری کے وارنٹ گرفتاری منسوخ ہوگئے، راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت جج امجد علی شاہ کے روبرو ہوئی، دوران سماعت سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کو پیش کیا گیا، فواد چوہدری نے خود کو عدالت کے سامنے سرنڈر کیا، عدالت نے وارنٹ منسوخ کرتے ہوئے ضمانت منظور کرلی۔

حب، مقامی اخبار کے دفتر میں چوری کی واردات

آزادی صحافت پر حملہ ناقابل برداشت ہے، سونمیانی پریس کلب وندر

وندر (یو این اے) وندر، انتخاب آفس حب میں ہونے والی چوری کی شدید الفاظوں میں مذمت کرتے ہیں، زبیر بلوچ۔ سونمیانی پریس کلب وندر کے بانی حبیب اللہ جمن انگاریہ، صدر زبیر بلوچ، نائب صدر محمد رفیق بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد اکبر موندرہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری جاوید عزیزی، جوائنٹ سیکرٹری کامران گونگ، لیگل ایڈوائزر محمد حنیف آچرہ، رابطہ سیکرٹری سیف اللہ آچرہ، جنرل سیکرٹری یونس شیخانی، پریس سیکرٹری تنویر حفیظ، آفس سیکرٹری محمد رمضان لاسی، دریا خان انگاریہ، احمد دودا، زوہیب حسن موندرہ، عارف انگاریہ، وقار احمد خاصخیلی نے کہا کہ آزادی صحافت اور اظہار رائے پر براہ راست حملہ کیا گیا ہے۔ پریس کلب کے جملہ عہدیداران نے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافتی اداروں کو دبانے اور آزادی صحافت کو محدود کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے جو کہ قانون و انصاف کے نظام پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ سونمیانی پریس کلب وندر کے صحافیوں نے مطالبہ کیا ہے کہ "انتخاب" آفس حب میں ہونے والی چوری کی شفاف تحقیقات کی جائے

UoB کے زیر اہتمام بلوچستان کے کالجز میں LSAT ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا

یہ اقدام ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے ہائر ایجوکیشن ڈیولپمنٹ پروگرام (HEDP) کے تحت، ورلڈ بینک کے تعاون سے ممکن ہوا

وائس چانسلر یو او بی، پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی قیادت میں کالجز بی ایس پروگرامز کو مزید بہتر بنانے کی عملی کوششوں میں سے ایک ہے

ملک بھر کے کالجز میں منعقد ہونیوالے اس ٹیسٹ کا مقصد طلباء کی عمومی صلاحیتوں معلوماتی نظم و نسق، ابلاغ، اور مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں کا جائزہ لینا تھا

کوئٹہ (خ ن) یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ نے (HEC) کے ہائر ایجوکیشن ڈیولپمنٹ پروگرام (HEDP) کے تحت، ورلڈ بینک کے تعاون سے کوئٹہ کے پانچ کالجوں میں LSAT ٹیسٹ کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا۔ یہ اقدام ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے ہائر ایجوکیشن ڈیولپمنٹ پروگرام (HEDP) کے تحت، ورلڈ بینک کے تعاون سے ممکن ہوا۔ اس کا مقصد طلباء کی عمومی صلاحیتوں LSAT معلوماتی نظم و نسق، ابلاغ، اور مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں کا جائزہ لینا ہے۔ یہ ٹیسٹ ملک بھر کے منسلک کالجوں میں منعقد کیا گیا، جس میں بلوچستان کے پانچ کالجوں نے شرکت کی۔ یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی قیادت میں کالجوں میں بی ایس پروگرامز کو مضبوط بنانے کی کوششوں میں یہ ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس سلسلے میں پروفیسر محمد حسین بلوچ، ڈائریکٹر کالجز بلوچستان، ڈاکٹر عاشف سجاد، ڈائریکٹر (QAAD)، اور ڈاکٹر طارق اسماعیل نے کلیدی کردار ادا کیا۔ اس پروگرام کا مجموعی مقصد کالجوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانا ہے تاکہ طلباء کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اعلیٰ تعلیم فراہم کی جا سکے۔ HEC، یونیورسٹی آف بلوچستان، اور ورلڈ بینک کے مابین یہ اشتراک اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں ایک مثبت پیش رفت ہے۔

کوئٹہ، نوحصار کے علاقہ میں ایک شخص اپنے بکریوں کے ہمراہ باغات کی جانب جا رہا ہے

دفاع وطن میں اقلیتی برادری کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریگی، جعفر جارج

آزاد، غیر جانبدار اور ذمہ دار صحافت ہی کسی معاشرے کی فکری پختگی، جمہوری استحکام اور انسانی حقوق کے فروغ کی ضامن ہوتی ہے

صحافیوں خود کو اور عوام کو گمراہ کن معلومات اور بدنیتی پر مبنی خبروں سے محفوظ رکھیں، معاشرے کو ان کے منفی اثرات آگاہی اور درست سمت دکھائیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل، ثقافت و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے 3 مئی یوم آزادی صحافت کے موقع پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ صحافت محض خبر رسانی نہیں، بلکہ ایک عظیم قومی خدمت ہے، جو عوام کی آواز کو طاقت دیتی ہے اور حکمرانوں کو جواب دہ بناتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک آزاد، غیر جانبدار اور ذمہ دار صحافت ہی کسی معاشرے کی فکری پختگی، جمہوری استحکام اور انسانی حقوق کے فروغ کی ضامن ہوتی ہے۔ صحافیوں پر لازم ہے کہ وہ نہ صرف خود کو گمراہ کن معلومات (مس انفارمیشن) اور بدنیتی پر مبنی خبروں (ڈس انفارمیشن) سے محفوظ رکھیں، بلکہ عوام کو بھی ان کے منفی اثرات سے آگاہ کریں اور درست سمت دکھائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ صحافت کا اصل جوہر سچائی، دیانت اور اصلاح میں پوشیدہ ہے۔ موجودہ دور میں ضرورت اس امر کی ہے کہ تنقید کو مثبت رخ دیا جائے، ایسی تنقید جو اصلاح کا پیش خیمہ بنے، نہ کہ ایسی جو صرف کردار کشی، نفرت یا مایوسی کو فروغ دے۔ انہوں نے اس امر کا اظہار کیا کہ صحافی معاشرے کے آئینہ دار ہوتے ہیں، اور ان کا قلم امید، بہتری اور انصاف کی نوید بننا چاہیے، نہ کہ صرف منفی پہلوؤں کی تشہیر کا ذریعہ۔ مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے صحافیوں نے ہمیشہ مشکل حالات، وسائل کی کمی اور خطرات کے باوجود سچائی، دیانت اور جرات کا علم بلند رکھا۔

لورالائی میں عالمی یوم مزدور کے حوالے سے جلسے سے مزدور رہنما محمد یار کدیزئی خطاب کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر:۔ پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 4 مئی 2025ء

سخت مالیاتی فیصلے: جدت، بہتری اور اصلاح احوال کا مستحسن سلسلہ!!

ہر چند کہ ابھی پاکستان میں مہنگائی سمیت اور بہت سارے مسائل وچیلنجز موجود ہیں اور پائیدار معاشی اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے ابھی مزید بہت کام کرنا باقی ہے تاہم یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ مشکل اور نامساعد حالات کے باوجود موجودہ حکومت نے مشکل اور سخت فیصلے کرکے نہ صرف گزشتہ ایک سال کے دوران معیشت کو بہتر انداز میں سنبھالا ہے بلکہ اس دوران معاشی اشاریے بھی بہتر ہوئے اور مزید بھی بہتری کی نوید اور امید ہے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے سخت مالیاتی نظم وضبط اور وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری کو کامیابیوں کا محرک قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اسی کی بدولت پرائمری سرپلس کا حصول ممکن ہوا۔ پورے سال کے دوران افراط زر اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ مثبت رہا، جس سے مجموعی اقتصادی استحکام میں مدد ملی وزارت خزانہ کے بیان میں مزید کہا گیا کہ وزیرخزانہ نے انہوں نے پرائمری بیلنس اور کرنٹ اکاؤنٹ دونوں میں سرپلس کے حصول کو بڑے سنگ میل کے طور پر اجاگر کرتے ہوئے پاکستانی معیشت کے بہتر ہوتے بنیادی اشاریوں کا بھی تذکرہ کیا ہے اور کہا ہے کہ ملک کا بیرونی پورٹ فولیو بہت اچھی طرح منظم ہے، اور متوقع ادارہ جاتی اور تجارتی آمد، مضبوط ترسیلات زر اور تیل کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے جون کے آخر تک زرمبادلہ کے ذخائر چودہ ارب ڈالر تک پہنچنے کی پیش گوئی ہے اہم ادارہ جاتی اصلاحات، بشمول ایک جامع قومی مالیاتی معاہدے پر دستخط، قومی ٹیکس کونسل کا فعال ہونا، اور زرعی آمدنی ٹیکس کا نفاذ، کی نشاندہی کی جس سے وسائل کی کارکردگی کو بہتر بنانے، ٹیکس کے دائرہ کار کو وسیع کرنے اور طویل مدتی جامع ترقی کو یقینی بنانے کے لئے ایک مشترکہ قومی عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ ہماری معیشت ایک دم سے دگرگوں اور تنزلی کا شکار نہیں ہوئی بلکہ گزشتہ کافی عشرے سے ہماری معیشت کو سنگین چیلنجز کا سامنا رہا ہے جس میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، تجارتی خسارہ اور غیر مستحکم مالیاتی صورتحال شامل ہے ان مشکل حالات میں موجودہ حکومت نے جس عزم اور دانشمندی سے سخت مالیاتی اقدامات اٹھائے اور مشکل فیصلے کئے، اس کے نتیجے میں اب معاشی منظرنامے میں بتدریج بہتری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں۔ حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے جامع اور مربوط اقدامات نہ صرف معیشت کو استحکام بخش رہے ہیں بلکہ پائیدار ترقی کی جانب بھی گامزن کر رہے ہیں مہنگائی کی اگر بات کی تو مہنگائی ایک ایسا چیلنج تھا جس نے عام آدمی کی زندگی کو بری طرح متاثر کیا تھا۔ حکومت نے اس سنگین مسئلے سے نمٹنے کے لئے ایک کثیرالجہتی حکمت عملی اپنائی اس حکمت عملی کے تحت، سب سے پہلے مالیاتی نظم وضبط کو یقینی بنایا گیا اور غیر ضروری سرکاری اخراجات میں نمایاں کمی کی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ، افراط زر کو کنٹرول کرنے کے لئے شرح سود میں بروقت اضافہ کیا گیا، جس سے طلب کو کم کرنے اور قیمتوں کو مستحکم کرنے میں مدد ملی حکومت نے اشیائے ضروریہ کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے بھی خصوصی اقدامات کئے ہیں۔ ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کے خلاف سخت کارروائیاں کی گئیں اور سپلائی چین کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ زراعت کے شعبے کی ترقی کے لئے کسان دوست پالیسیاں متعارف کرائی گئیں، جس سے غذائی اجناس کی پیداوار میں اضافہ ہوا اور مہنگائی کو کم کرنے میں مدد ملی۔ ان تمام اقدامات کے نتیجے میں مہنگائی کی شرح میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے اور عام آدمی کو ریلیف ملنا شروع ہوا حکومت نے معیشت کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے واضح اور قابل حصول معاشی اہداف کا تعین کیا۔ ان اہداف میں معاشی شرح نمو میں اضافہ، بیرونی سرمایہ کاری کو راغب کرنا، صنعتی ترقی کو فروغ دینا اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا شامل ہیں۔ ان اہداف کے حصول کے لئے حکومت نے متعدد کلیدی اقدامات اور منصوبے شروع کئے حکومت کی اولین ترجیحات میں مالیاتی استحکام کو یقینی بنانا تھا۔ اس مقصد کے لئے ٹیکس کے نظام کو بہتر بنایا گیا اور ٹیکس نیٹ کو وسیع کیا گیا۔ غیر ضروری مراعات کا خاتمہ کیا گیا اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے اصلاحات کی گئیں۔ ان اقدامات کے نتیجے میں سرکاری آمدنی میں اضافہ ہوا اور مالیاتی خسارے کو کم کرنے میں مدد ملی معیشت کو مضبوط بنانے کے لئے بیرونی سرمایہ کاری کا اہم کردار ہے۔ حکومت نے سرمایہ کاروں کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لئے جامع پالیسیاں متعارف کرائیں صنعتی شعبے کو ترقی دینے کے لئے ایک واضح روڈ میپ تیار کیا گیا چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو فروغ دینے کے لئے آسان قرضوں کی فراہمی اور تکنیکی معاونت کی فراہمی الگ سے جاری ہے اس کے علاوہ، مقامی صنعت کو بین الاقوامی مسابقت کے قابل بنانے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ ان اقدامات کے نتیجے میں صنعتی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں حکومت نے معاشی بحالی کے ساتھ ساتھ کمزور طبقات کا بھی خاص خیال رکھا ہے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بھی نمایاں کام ہو رہا ہے جو مستحسن اور قابل ستائش ہے اس وقت معیشت ایک نئی کروٹ لے رہی ہے حکومت کے جاری اقدامات سے نہ صرف معاشرے کے کمزور طبقات کو سہارا ملا ہے بلکہ معاشی ترقی کے ثمرات کو عام آدمی تک پہنچانے میں بھی مدد ملی ہے توانائی کا شعبہ ملکی معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ حکومت نے اس اہم شعبے میں پائیدار اصلاحات کا آغاز کیا ہے۔ بجلی کی پیداوار میں خود کفالت حاصل کرنے کے لئے قابل تجدید توانائی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے معیشت کے مختلف شعبوں میں ڈیجیٹائزیشن اور ای گورننس کی طرف بڑھنا قابل ستائش ہے اس سے شفافیت کو فروغ مل رہا ہے اور بدعنوانی وبدانتظامی کا تدارک ہو رہا ہے الغرض مجموعی طور پر حکومت کے ان موثر اور بروقت اقدامات کے نتیجے میں معاشی منظرنامہ نہ صرف بہتر ہوا ہے بلکہ مزید بھی بتدریج بہتری کے واضح اشارے مل رہے ہیں۔ مہنگائی کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے، تجارتی خسارے میں نمایاں کمی آئی ہے اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ روپے کی قدر میں استحکام آیا ہے اور اسٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان دیکھنے میں آ رہا ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی ادارے بھی پاکستان کی معاشی اصلاحات کو سراہ رہے ہیں اور ملکی معیشت کے مستقبل کے بارے میں مثبت پیش گوئیاں کر رہے ہیں پس امید ہے کہ بہتری، جدت، تبدیلی اور اصلاح احوال کا یہ سلسلہ جاری رہے گا اور اس میں وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہتے ہوئے مزید وسعت اور ہمہ گیریت لائی جائے گی۔

مارک کارنی کا چیلنج: ایک منقسم کینیڈا میں قیادت کا امتحان

منظر نامہ



بیرسٹر عثمان علی

پیر، 28 اپریل 2025 کو ہونے والے وفاقی انتخابات میں، وسیع پیمانے پر اکثریت کی پیشگوئیوں کے برعکس، مارک کارنی کی قیادت میں کینیڈا کی لبرل پارٹی اقلیتی حکومت تشکیل دے گی۔ ابتدائی نتائج کے مطابق، لبرل پارٹی نے 343 میں سے 168 نشستیں حاصل کی ہیں، جو اکثریتی حکومت کے لیے درکار 172 نشستوں سے چار کم ہیں۔

حیران کن طور پر، کینیڈین عوام نے ایک تقسیم شدہ مینڈیٹ دیا۔ کنزرویٹو پارٹی، جس کی قیادت پیئر پوئیلیور کر رہے ہیں، نے 144 نشستیں حاصل کی ہیں۔ ذاتی طور پر ایک زبردست دھچکے میں، پوئیلیور اپنی نشست لبرل پارٹی کے امیدوار سے ہار گئے، جہاں ان کے حلقے میں 91 امیدوار میدان میں تھے، ایک علامتی شکست، جو ان کی جماعت کی عوامی ناراضگی کو حکومتی مینڈیٹ میں تبدیل کرنے میں ناکامی ظاہر کرتی ہے۔ حکومت بنانے کے لیے، لبرل پارٹی کو اب بلاک کیوبیکوا (Québécois Bloc)، جس نے 23 نشستیں حاصل کی ہیں، اور نیو ڈیموکریٹک پارٹی (NDP)، جس کی نشستیں گھٹ کر صرف 7 رہ گئی ہیں، دونوں پر انحصار کرنا ہوگا۔ این ڈی پی کا زوال ایک دور کے خاتمے کی علامت ہے: اس کے رہنما جگمیت سنگھ اپنی نشست ہار چکے ہیں اور قیادت سے مستعفی ہونے کا اعلان کر چکے ہیں۔ اس صورتحال نے پارٹی کو مزید کمزور کر دیا ہے اور اس کے پارلیمانی کردار پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔

عوام نے تبدیلی کا انتخاب تو کیا، مگر وہ تبدیلی نہیں جو کنزرویٹو پارٹی پیش کر رہی تھی۔ کنزرویٹو کے زوردار نعروں کے باوجود کینیڈین عوام نے حکومت میں نہیں بلکہ قیادت میں تبدیلی کو ترجیح دی۔ کنزرویٹو پلیٹ فارم کو مسترد کرتے ہوئے اور لبرل پارٹی میں ایک نیا چہرہ منتخب کرتے ہوئے، ووٹروں نے احتیاط اور بے چینی، دونوں کا پیغام دیا: وہ انقلابی تبدیلی کے خطرات مول لینے کو تیار نہیں تھے، لیکن روایتی جمود سے بھی بیزار آ چکے تھے۔ اب مارک کارنی ایک انتہائی تقسیم شدہ سیاسی منظرنامہ وراثت میں لے رہے ہیں۔ اقلیتی حکومت کو قانون سازی میں مکمل آزادی حاصل نہیں ہوتی، اور اسے ہر وقت حزب اختلاف کی حمایت درکار ہوتی ہے۔ حالیہ تاریخ اس حوالے سے انتخابات سے بھری ہوئی ہے۔ 1979 میں جو کلارک کی نو ماہ کی حکومت سے لے کر، 2006 میں پال مارٹن کی شکست تک، اور اسٹیفن ہارپر کی بار بار جلد انتخابات کی حکمت عملی تک، بغیر واضح مینڈیٹ کے حکومت کرنا اکثر جمود، سیاسی کھیل، یا انتخابی شکست پر منتج ہوا ہے۔ حالیہ دور میں، جسٹن ٹروڈو کی 2019 اور 2021 کی مسلسل اقلیتی حکومتیں این ڈی پی کی حمایت سے بچی رہیں، جس سے کچھ اہم پالیسیوں کو تو عملی جامہ پہنایا جا سکا، مگر ساتھ ہی تاخیر، سمجھوتے، اور عوامی مایوسی میں اضافہ بھی ہوا۔ بالآخر، ٹروڈو اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہے، اور اقلیتی حکومت کی حدود نے ان کی سیاسی حیثیت کو بتدریج کھوکھلا کر دیا۔ کارنی کے لیے خطرات اور بھی زیادہ ہیں۔ قیادت کی منتقلی کے دوران این ڈی پی منظم حمایت دینے کے قابل نہیں رہی۔ بلاک کیوبیکوا صرف کیوبیک کے مفادات کے لیے سودے بازی کرے گا۔ ہر بڑے قانون یا بجٹ کے لیے نازک مذاکرات درکار ہوں گے: ایک غلطی حکومت کے خاتمے کا سبب بن سکتی ہے۔ کارنی کے لیے کوئی ہنی مون پیریڈ نہیں ہوگا۔ اگرچہ ان کے پاس بینک آف کینیڈا اور بینک آف انگلینڈ کے گورنر رہنے کا بین الاقوامی تجربہ ہے، محض تکنیکی مہارت کافی نہیں ہوگی۔ اب سیاسی بصیرت، جذباتی ذہانت، اور عوام سے براہ راست تعلق ناگزیر ہیں۔ 2025 میں کینیڈا شدید دباؤ کا شکار ہے۔ رہائش کا بحران سب سے بڑا اور فوری مسئلہ ہے۔ بڑے شہروں میں مکانات کی استطاعت ختم ہو چکی ہے۔ کرائے بڑھتے جا رہے ہیں جبکہ نئی تعمیرات کو بیوروکریسی، مزدوروں کی قلت، اور سیاسی جمود نے روکا ہوا ہے۔ عوام مشاورت یا رپورٹیں نہیں، نتائج چاہتے ہیں۔ وفاقی حکومت کو صوبوں اور بلدیاتی اداروں کے ساتھ مل کر ہنگامی بنیادوں پر بڑے پیمانے پر مکانات تعمیر کروانے ہوں گے۔ زندگی گزارنے کی لاگت اب بھی ایک کچلنے والا بوجھ ہے۔ اگرچہ افراط زر میں کمی آئی ہے، لیکن خوراک، یوٹیلیٹی بلز اور کرائے اب بھی عوامی بجٹ کو تباہ کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، وفاقی خسارہ چالیس ارب ڈالر سے اوپر اٹکا ہوا ہے۔ کارنی کو انتہائی احتیاط سے مالی توازن برقرار رکھنا ہوگا: کٹوتیاں غیر مقبول ہوں گی، مگر غیر محتاط اخراجات افراط زر کو دوبارہ بھڑکا سکتے ہیں۔ صحت کا شعبہ ایک مستقل مسئلہ رہا ہے، مگر اب وہ بحران کی حالت میں داخل ہو چکا ہے۔ ایمرجنسی روم بند ہو رہے ہیں۔ دیہی علاقوں میں خاندانی ڈاکٹر کم ہوتے جا رہے ہیں۔ اگرچہ صحت کی خدمات صوبوں کی ذمہ داری ہیں، فنڈنگ کنٹرول وفاق کے پاس ہے۔ کارنی کو صحت کے معاہدوں کو قومی معیار اور قابل پیمائش نتائج سے مشروط کرنا ہوگا۔ امیگریشن، جو طویل عرصے تک ایک سیاسی اثاثہ رہی، اب دباؤ میں ہے۔ خدمات کا بوجھ بڑھ رہا ہے، اور عوامی حمایت میں کمی آ رہی ہے۔ اگرچہ معیشت کو نئے کارکنوں کی ضرورت ہے، حکومت کو امیگریشن پالیسی کو احتیاط سے متوازن کرنا ہوگا تاکہ بنیادی ڈھانچہ آبادی کے اضافے کا ساتھ دے سکے۔ بین الاقوامی سطح پر، ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس میں واپسی نے ماحول کو مزید سخت بنا دیا ہے۔ کینیڈا کو نئے ٹیرف، تجارتی تنازعات، اور ماحولیاتی پالیسیوں پر دباؤ کا سامنا ہے۔ کارنی کا عالمی تجربہ ایک اثاثہ ہے، لیکن اب ایک مضبوط اور خودمختار خارجہ پالیسی اپنانا ضروری ہوگا۔ ملک کے اندر، کئی بحران بڑھتے جا رہے ہیں۔ اوپیئڈ زکی وبا مغربی کینیڈا میں تباہی مچا رہی ہے۔ بڑے شہروں میں بے گھر افراد کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ذہنی صحت کی خدمات بوجھ تلے دب چکی ہیں۔ یہ مسائل محض مالی امداد سے حل نہیں ہوں گے: ان کے لیے متحرک، جوابدہ، اور زمینی سطح پر قیادت کی ضرورت ہے۔ کارنی کا سب سے بڑا امتحان شاید عوامی اعتماد کو بحال کرنا ہوگا۔ کینیڈین عوام اب نعرے بازی، تصویری مواقع اور تماشی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں۔ وہ عمل، سچائی، اور شفافیت چاہتے ہیں۔ اگر کارنی عوام کے ساتھ حقیقی تعلق قائم کرنے میں ناکام رہے تو انہیں ایک الگ تھلگ، اشرافیہ کا نمائندہ سمجھا جا سکتا ہے۔ لبرل پارٹی کو ٹروڈو دور کی مشہوری کی حکمت عملی دہرانے سے گریز کرنا ہوگا۔ کینیڈین اب شخصیت پرستی نہیں چاہتے: وہ اہلیت، انکساری، اور ٹھوس نتائج چاہتے ہیں۔ کارنی کی طاقت ان کی شعبدہ میں نہیں بلکہ ان کی کارکردگی میں ہونی چاہیے۔ تاریخ بالکل واضح ہے۔ کینیڈین ووٹر مہذب ضرور ہیں، مگر بے رحمانہ فیصلہ کرتے ہیں۔ وہ لیڈروں کو تیزی سے چڑھاتے ہیں اور توقعات پوری نہ ہونے پر اسی تیزی سے گراتے ہیں۔ ٹروڈو بھی امید کی علامت تھے: آج وہ ٹوٹے ہوئے وعدوں کی ایک مثال ہیں۔ اگر کارنی نے اس سبق سے سبق نہ سیکھا تو وہی انجام ان کا منتظر ہو سکتا ہے۔ نئی حکومت ایک ایسا ملک وراثت میں لے رہی ہے جو اقتصادی، سماجی، اور سیاسی طور پر دباؤ کا شکار ہے۔ نمائشی بیانات کے لیے اب کوئی گنجائش نہیں۔ اب عوام سنجیدگی اور حقیقی کارکردگی چاہتے ہیں۔ اب یہ مارک کارنی پر ہے کہ وہ ثابت کریں کہ وہ محض ایک نمائشی رہنما نہیں، بلکہ ایک اصولی راہنما ہیں، جو کینیڈا کو اس پیچیدہ دور میں کامیابی سے لے جا سکتے ہیں۔ 2025 میں قیادت کا مطلب توجہ حاصل کرنا نہیں، بلکہ اعتماد حاصل کرنا ہے۔

امن کی فاختہ جنگ نہیں چاہتی

قرطاس

ناصف اعوان

انسانوں سے محبت کرنے والے لوگ بھی امن کو تہہ وبالا نہیں کرتے!

نریندر مودی کی سوچ سے ظاہر ہے کہ وہ ایک اذیت پسند اور انسانیت سے بیزار شخص ہے لہذا کبھی وہ اپنے ملک کے اندر اور کبھی اپنے اڑوس پڑوس میں ایسی حرکت کر دیتا ہے جس سے لوگوں کو دکھ پہنچتا ہے۔

اب اس نے جو ہمارا پانی جزوی طور سے بند کر دیا ہے اس کی وجہ وہ یہ بتاتا ہے کہ پاکستان نے پہلگام میں مہم جوئی کی ہے جبکہ پاکستان کا اس واقعہ سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں۔ ہماری حکومت اور حزب اختلاف کی تمام سیاسی جماعتوں نے کہا ہے کہ بھارت اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو سکے مگر نہیں مودی نے صاف انکار کیا ہے وہ پاکستان کو ہی ذمہ دار ٹھہرا رہا ہے جو سراسر غلط اور بے بنیاد ہے لہذا اس پر جنگ کا جنون سوار ہے۔ ایل او سی پر اس نے اس کا آغاز بھی کر دیا ہے۔

مودی کو معلوم ہونا چاہیے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے وہ کبھی بھی جارحیت نہیں چاہتا وہ ہر چھوٹے بڑے ملک کا احترام کرتا ہے ان سب کے وجود کو تسلیم کرتا ہے وہ کسی ملک کے اندر جا کر کسی قسم کی مہم جوئی نہیں کرتا لہذا مودی کو اپنا شرارتی و شیطانی ذہن صاف رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے اور جو اس کی سرشت میں ایز اتعصب اور تنگی رچ بس گئی ہے اس سے چھٹکارا پانے کی کوئی سبیل تلاش کرنی چاہیے۔

بعض تجزیہ کاروں کے مطابق اصل میں وہ اپنے عوام کو بیوقوف بنا رہا ہے اور انتخابات میں ان کی ہمدردیاں و توجہ حاصل کرنا چاہتا ہے جبکہ وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ ان کا وزیراعظم جنونی ہے خوامخواہ صورت حال پیدا کر رہا ہے۔ مودی کی یہ خوش فہمی ہے کہ وہ حملوں کی سیاست سے مطلوبہ نتائج حاصل کر لے گا اس کی اس سوچ نے اسے پوری دنیا میں رسوا کر دیا ہے۔ جمہوریت پسند ممالک اور ان کے عوام اس کو پذیرائی دینے کو تیار نہیں یوں اس کا روپ ایک ڈراؤنے حکمران کے طور سے ابھر کر سامنے آیا ہے لہذا اسے چاہیے کہ وہ اپنے کندھے پر بندوق نہیں امن کی فاختہ کو بٹھائے جو محبت کے گیت گا کر ماحول کو خوشگوار بنائے۔ تاکہ لوگوں کے چہروں پر چھائی فکر وتشویش کی پرچھائیاں ہٹ سکیں۔ اسے تو اب تک بھارتی معیشت کے پیش نظر غربت میں بڑی حد تک کمی لانا چاہیے تھی۔ بھوک افلاس کو دیس نکالا دے دینا چاہیے تھا یہ تھے کام کرنے کے مگر نہیں ایسا کچھ نہیں کیا گیا اور یہ جان بوجھ کر نہیں کیا گیا کیونکہ ان کے استحصالی نظام کو ضرورت ہے۔

ہمارے دوست جاوید خیالوی کا کہنا ہے کہ مودی اگر جنگ چاہتا ہے تو اسے یہ خیال ذہن میں رکھنا چاہیے کہ ہم بزدل نہیں کمزور بھی نہیں اور بے بس بھی نہیں۔ ہمارے اندرونی اختلافات ومعاملات اپنی جگہ ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کا سربراہ اس وقت پس زنداں سہی مگر اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ ہم اپنی سرزمین پر کسی کے ناپاک قدم پڑنے دیں گے۔ ہمیں اپنی دھرتی سے بے حد و حساب پیار ہے لہذا مودی شاید بھول رہا ہوگا کہ اس کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی اسے جان لینا چاہیے کہ ہم متحد ہیں ایک ہیں۔

جاوید خیالوی بالکل درست کہتا ہے ہمیں اپنی حفاظت کرنا آتی ہے کرکے دکھاتے بھی ہیں لہذا بھارت کو جنگ نہیں امن کی بات کرنی چاہیے اسے اپنے عوام کی حالت زار بارے سوچنا چاہیے کہ وہ بھوکوں مر رہے ہیں اپنے اعضاء واجسام بیچ رہے ہیں ان کو خط غربت کے نیچے سے اوپر لانے کی کوئی تدبیر کرنی چاہیے۔ اسے خطے میں آلہ کاری کے بجائے اس کے مفادات سے متعلق غور کرنا ہوگا اسے کیا پڑی ہے کہ سمندر پار کے امریکا کی خواہش پر عمل کرنے کی اسے چاہیے کہ وہ ہمسائیوں سے دوستی کرے اور اسے مضبوط بنائے۔ لوگ تو اپنے مسائل کے ہاتھوں گھائل ہیں تعلیم روزگار صحت اور انصاف انہیں مفت فراہم کرنے کی ضرورت ہے مگر یہ کیا ہے کہ بھارت آئے روز پشت پنگا لینے میں زیادہ دلچسپی رکھتا ہے جس سے ہر کسی کی توجہ جنگ وجدل کی طرف مبذول ہو جاتی ہے۔ ہم قطعی لڑائی مار کٹائی نہیں چاہتے ہم انسانوں کو الم ومصائب سے آزاد دیکھنا چاہتے ہیں لہذا بھارت ہی نہیں ہر چھوٹے بڑے ملکوں کو اس مقصد کے لئے کام کرنا چاہیے۔

اب جب بھارت کے اندر سے بھی آوازیں بلند ہونے لگی ہیں اور دو جرنیلوں نے جنگ نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے تو انہیں کھڈے لائن لگا دیا گیا ہے کچھ دانشور اور پارلیمنٹیرین بھی اسے کہہ رہے ہیں کہ زور آزمائی نہیں کرنی چاہیے مگر مودی پاگل پن کا مظاہرہ کر رہا ہے وہ آئے روز کوئی نہ کوئی بیان داغ رہا ہے ہم یہ کریں گے وہ کریں گے اسے کیوں یہ علم نہیں کہ اسے اینٹ کا جواب پتھر سے ملے گا لہذا وہ ہٹ دھرمی چھوڑ کر حقائق کی دنیا میں آئے اور اس کے ذہن میں اگر اس میں معمولی سی بھی اپنے عوام کے لئے کچھ بہتر کرنے کی خواہش ہے تو وہ امریکا ایسے مفاد پرست عیار ملک سے اپنا دامن چھڑا کر علاقائی سیاست کرے اور وہ سوچ بھی تبدیل کرے کہ وہ اس ریجن کا تھانیدار بنے گا۔ اسے ہمیشہ مثبت سوچنا چاہیے اسی میں ہی اس کی اور اس کے ملک کی بقا ہے اور مقبولیت ہے بصورت دیگر اس کی مقبولیت آر ایس ایس تک رہ جائے گی جو ایک انتہا پسند تنظیم ہے اور خون بہانے پر یقین رکھتی ہے اس سے اس کو بہت بڑا سیاسی نقصان ہو سکتا ہے ہو رہا ہے لہذا وہ جنگی حکمت عملیاں اختیار نہ کرے امن ترقی اور خوشحالی کی راہ پر آئے دونوں جانب کے عوام یہی چاہتے ہیں ستتر برس سے جو ایک خاص طبقہ کو سہولتیں اور آسائشیں میسر ہیں وہ ان سے محروم چلے آ رہے ہیں۔

حرف آخر یہ کہ اگر اس نے حیوانیت دکھائی اور ہمارے اوپر جنگ مسلط کی تو اس پر واضح ہو جائے گا کہ لڑنا اتنا آسان نہیں جتنا وہ سمجھ بیٹھا ہے کہ عوام پاکستان اس کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہو جائیں گے پھر وہ اپنا سیاسی منظر نامہ بھی بدلتا ہوا دیکھے گا جس میں بھارتی عوام ایک تشدد پسند جنونی نرگسیت کے مارے اور آگ وخون کو کھیل کے طور پر اپنانے والے شخص سے نجات پا رہے ہوں گے اور حقیقی جمہوریت نرم ریت پر دھیرے دھیرے ٹہل رہی ہوگی۔ یہ محض تصوراتی منظر نہیں ایسا ممکن ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اب عوام امن چین سے جینا چاہتے ہیں۔

مزدور دوست اور دشمن لیبر پالیسیاں اور پیپلز پارٹی کا فرض (آخری حصہ)

قلم ضرار

ڈاکٹر ضرار یوسف

نواز شریف، جنہوں نے پاکستان میں تین بار وزارت عظمیٰ سنبھالی (1990-1993، 1997-1999، اور 2013-2017)، کا معاشی وژن بنیادی طور پر نجکاری، آزاد منڈی، اور سرمایہ دارانہ ترقی پر مبنی تھا۔ اس کے نتیجے میں ان کے ادوار حکومت میں کئی ایسی پالیسیاں نافذ کی گئیں جنہیں مزدور دشمن اور جنرل ضیاء کی پالیسیوں کا تسلسل سمجھا گیا۔ ان پالیسی میں وسیع پیمانے پر نجکاری (DrivePrivatization) انہوں نے درجنوں سرکاری ادارے نجی شعبے کو بیچے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (PTCL) یہ ادارہ 2005 میں فروخت کیا گیا تب سالانہ خالص منافع 26.9 ارب سالانہ تھا۔ اور اس وقت 75000 ملازمین برسر روزگار تھے۔ اب پی ٹی سی ایل کا خالص منافع 8 ارب روپے جبکہ کل ملازمین کی تعداد 25000 کے قریب ہے۔ اسی طرح بینکنگ سیکٹر سے مسلم کمرشل بنک اور یو بی ایل کو بیچا گیا۔ نجکاری کے نتیجے میں ہزاروں مزدور برطرف کیے گئے یا جبری ریٹائرمنٹ پر مجبور کیے گئے۔ ٹریڈ یونینز کی سرگرمیوں پر پابندیاں لگا کر کئی سرکاری و نیم سرکاری اداروں میں یونین سازی سے روکا گیا۔ یونین رہنماؤں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ مستقل ملازمتوں کی جگہ کنٹریکٹ لیبر اور ٹھیکیداری کا نظام رائج کیا گیا، جس میں مزدور کو نہ سوشل سیکیورٹی، نہ میڈیکل، اور نہ ہی ریٹائرمنٹ کی سہولت دی گئی۔ لیبر قوانین کا کمزور نفاذ۔ لیبر انسپکٹرز کا نظام کمزور کر دیا گیا تاکہ سرمایہ داروں کو کھلی چھوٹ ملے۔ کم از کم اجرت پر عملدرآمد کی نگرانی نہ ہونے کے برابر رہی۔ اسٹیل ملز، ریلوے اور PIA کے مزدوروں کی جدوجہد کو دبایا جب یہ ادارے خسارے میں گئے تو حکومت نے مزدوروں کے مطالبات کے بجائے انہیں بوجھ قرار دیا۔ پی آئی اے کے ملازمین کی ہڑتال جو 2016 میں ہوئی پر تحت کریک ڈاؤن کیا گیا، یہاں تک کہ مزدوروں پر فائرنگ کا واقعہ بھی ہوا۔ مزدور مخالف بیانیہ بنایا گیا اور مزدور تحریکوں کو ملکی ترقی میں رکاوٹ اور "سیاسی ایجنڈے" کا حصہ قرار دیا گیا۔ آصف علی زرداری کے دور صدارت (2008-2013) میں پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) کی حکومت وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے لیبر پالیسی یکم مئی 2010 کو متعارف کروائی، جو مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے ایک جامع منصوبہ تھا۔ اور اسی روز وفاقی کابینہ نے منظور کی۔ اس لیبر پالیسی کے تحت کم از کم اجرت 6,000 روپے سے بڑھا کر 7,000 روپے مقرر کی گئی۔ سرکاری اداروں میں کنٹریکٹ پر ملازمت کرنے والے ملازمین کو مستقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا، تاکہ انہیں ملازمت کا تحفظ حاصل ہو۔ اولڈ ایج بینیفٹ اسکیم کے تحت پنشن کی عمر کی حد 55 سال سے کم کر کے 50 سال کر دی گئی۔ ملازمین کی پنشن میں اضافہ کر کے 3,000 روپے ماہانہ پنشن کر دی گئی۔ مختلف اداروں سے برطرف کیے گئے ملازمین کو دوبارہ "(بحالی) ایکٹ 2010" کے تحت ملازمت پر بحال کیا گیا۔ جہاں سرکاری اسپتال موجود نہیں تھے، وہاں مزدوروں کو نجی اسپتالوں میں علاج کی سہولت فراہم کی گئی۔ مزدوروں کے بچوں کو تکنیکی تعلیم کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے گئے۔ پالیسی کے تحت پرانے اور متروک لیبر قوانین کو پانچ بنیادی ایکٹس میں ضم کیا گیا، جو صنعتی تعلقات، ملازمت، حفاظت، انسانی وسائل، اور فلاح و بہبود سے متعلق تھے۔ خواتین، نوجوانوں، غیر رسمی شعبے کے کارکنوں، اور زرعی مزدوروں کے لیے بہتر کام کے حالات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے گئے۔ اس کے علاوہ، چائلڈ لیبر اور جبری مشقت کے خاتمے کے لیے بھی پالیسی میں اہداف مقرر کیے گئے۔ 2012 میں پاکستان میں غیر ہنر مند (unskilled) مزدوروں کی کم از کم ماہانہ تنخواہ 8,000 روپے مقرر کی گئی تھی۔ یہ اضافہ یکم مئی 2012 کو اس وقت کے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے یوم مزدور کے موقع پر اعلان کیا تھا۔ اس سے قبل کم از کم تنخواہ 7,000 روپے تھی، جو 2010 میں پیپلز پارٹی کی حکومت نے مقرر کی گئی تھی۔ ملازمین کی اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) پنشن 1,500 روپے سے بڑھا کر 2,000 روپے ماہانہ پھر 3000 روپے ماہانہ کر دی گئی۔ مزدوروں کی وفات پر دی جانے والی گرانٹ 150,000 روپے سے بڑھا کر 500,000 روپے کر دی گئی۔ مزدوروں کے بچوں کی شادی کے لیے گرانٹ 70,000 روپے سے بڑھا کر 100,000 روپے کر دی گئی۔ کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (CDA)، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (PTCL) اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے ملازمین کو مستقل تقرری کے خطوط دیے گئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) نے مزدوروں اور کم آمدنی والے افراد کے لیے مختلف لیبر ہاؤسنگ کالونیوں کے منصوبے شروع کیے۔ اگرچہ ان منصوبوں کی تکمیل بعد میں ہوئی، لیکن ان کی بنیاد زرداری کے دور میں رکھی گئی۔ نیو لیبر سٹی سکھر کے منصوبے کی بنیاد صدر آصف علی زرداری کے سابقہ دور میں رکھی گئی تھی۔ 2021 میں بلاول بھٹو زرداری نے اس منصوبے کے تحت 1,024 فلیٹس مزدوروں میں مفت تقسیم کیے۔ مزید 6,000 فلیٹس کی تعمیر کا منصوبہ بھی شامل تھا۔ پشاور میں 2010 میں مزدوروں کے لیے صدر آصف علی زرداری نے 2,000 فلیٹس پر مشتمل منصوبے کا آغاز کیا۔ یہ منصوبہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے تحت تھا، لیکن 2013 کے بعد اس کی تکمیل میں تاخیر ہوئی۔ اور آج تک زیر تکمیل ہے۔ ٹیکسلا میں ورکرز کمپلیکس کا منصوبہ آصف علی زرداری کے سابقہ دور میں شروع کیا اور 2022 میں 504 فلیٹس کی تکمیل ہوئی۔ اور 70 فلیٹس شہداء کے خاندانوں کے لیے مختص کیے گئے۔ کوئٹہ میں نواں کلی لیبر کالونی بلوچستان کا منصوبہ صدر آصف علی زرداری کے سابقہ دور میں مزدوروں کے لئے منصوبہ بندی کی گئی۔ اور 2022 میں 408 فلیٹس کی تکمیل ہوئی۔ صدر آصف علی زرداری کے دور میں "شہید بینظیر بھٹو ہاؤسنگ سیل" کے تحت میرپور خاص اور نواب شاہ میں بھی کم لاگت ہاؤسنگ منصوبے شروع کیے گئے۔ تاہم، ان منصوبوں میں عدالتی اور انتظامی مسائل کی وجہ سے تاخیر ہوئی۔ آصف علی زرداری کے دور صدارت میں PPP نے مزدوروں کے لیے مختلف ہاؤسنگ منصوبے شروع کیے، جن کی تکمیل بعد میں ہوئی۔ یہ منصوبے پارٹی کے منشور "روٹی، کپڑا اور مکان" کا ہی تسلسل تھا۔ پاکستان میں موجودہ حالات میں مزدور طبقہ بالکل اسی طرح کے گھمبیر مسائل کا شکار ہے جو 1970 یا اس سے قبل تھے۔ جو ان کے معیار زندگی کو براہ راست متاثر کرتی ہیں۔ اجرتیں مہنگائی کی رفتار کے مطابق نہیں بڑھ رہی ہیں۔ اور کم از کم تنخواہ پر اکثر اداروں میں عمل درآمد نہیں ہوتا۔ یومیہ مزدور یا دیہاڑی دار طبقہ روزگار کے عدم تسلسل کا شکار ہے۔ غیر رسمی شعبے کی اجارہ داری 70 فیصد سے زائد مزدور غیر رسمی شعبے (sectorinformal) میں کام کرتے ہیں، جہاں کوئی کنٹریکٹ نہیں ہوتا، سوشل سیکیورٹی یا EOBI جیسی سہولتیں نہیں ملتیں۔ اور کام کا کوئی تحفظ موجود نہیں ہوتا۔ لیبر قوانین پر ناقص عمل درآمد اگرچہ قوانین موجود ہیں، مگر فیکٹریوں اور ورکشاپس میں اوور ٹائم، چھٹیوں اور دیگر حقوق کی خلاف ورزی عام ہے۔ لیبر انسپکشن سسٹم کمزور ہے یا کرپٹ یا کہیں ہے ہی نہیں لیبر انسپکٹر فیکٹری میں نہیں گھس سکتا۔ انسپکشن خاک کرتا ہے۔ حادثات اور حفاظتی اقدامات کی کمی اور مزدوروں کے لیے حفاظتی ساز وسامان یا تربیت کا فقدان ہے۔ جس کی وجہ مزدور کئی جان لیوا بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں اور ان کا علاج کروانے کی بجائے ملازمت سے برخاست کر دیا جاتا ہے۔ فیکٹریوں اور تعمیراتی مقامات پر حادثات اکثر جان لیوا ثابت ہوتے ہیں۔ جن پہ کوئی امداد ادا نہیں کی جاتی۔ سوشل سکیورٹی اور پنشن کا فقدان بیشتر مزدور سوشل سکیورٹی، EOBI، یا صحت کی سہولتوں سے محروم ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے بعد مالی تحفظ نہیں ہوتا۔ خواتین مزدوروں کے مسائل میں کم تنخواہ سر فہرست، ہراسانی، زچگی کی چھٹی نہ دینا، اور صنفی امتیاز عام ہے۔ بہت سی خواتین بغیر کسی قانونی تحفظ کے کام کرتی ہیں۔

لیبر یونینز پر دباؤ اور پابندیاں ہیں۔ اور بہت سے ادارے مزدوروں کو یونین سازی کی اجازت نہیں دیتے۔ مزدور طبقہ پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، لیکن انہیں مناسب اجرت، تحفظ، اور سہولیات کی کمی کا سامنا ہے۔ لیبر قوانین پر موثر عمل درآمد، سماجی تحفظ، اور منصفانہ اجرت کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان نامساعد حالات میں پیپلز پارٹی پر فرض ہے کہ اس کی تنظیمیں اور لیبر ونگ مزدوروں سے بالمشافہ ملاقاتیں کر کے ان کے مسائل اور ان کے اجر اور ادارے کی زیادتیوں اور ناانصافیوں کا پورا ایک ریکارڈ بنائے۔ مزدور کمزوری اور ملازمت کے چھن جانے کے خوف سے احتجاج نہیں کر سکتے۔ مگر پیپلز پارٹی ان کی جگہ احتجاج کرے۔ اور مزدوروں کو از سر نو پھر یقین دلائے کہ پیپلز پارٹی ہی ان کی دوست ہے۔

بلاول بھٹو زرداری چیئرمین سندھ اور بلوچستان میں مزدوروں کی کم از کم اجرت کے احکامات پر ہر صورت عملدرآمد کروائیں۔ جس کے لئے آجروں سے رابطہ کر کے ان کو اخلاقی طور پہ مجبور کیا جائے کہ کم از کم اجرت پر صورت ادا کرنے کے ساتھ ساتھ مزدوری کے اوقات کی پابندی کروائیں دیگر قانون کے مطابق اوور ٹائم ادا کریں۔ خواتین کے ساتھ بلا تنخواہ امتیاز کی روک تھام کی جائے۔

اگر کوئی حکومت اپنے احکامات پر عمل درآمد نہیں کروا سکتی تو یہ سستی شہرت حاصل کرنے کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

بھارت اپنی معیشت کی خیر منائے!!

زیب داستان

ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر

جب سے پہلگام کا واقعہ رونما ہوا ہے بھارت پر ایک جنگی جنون سوار ہے۔ اس کے سیاست دان اور میڈیا منہ سے آگ اگل رہے ہیں۔ بھارتی وزیراعظم کی رنگ برنگی میٹنگوں کی تصاویر جاری ہو رہی ہیں۔ ایسی خبریں دی جا رہی ہیں کہ وزیراعظم مودی نے اپنی افواج کو go ahead دے دیا ہے کہ وہ پہلگام کا جواب دیں۔ سوال لیکن یہ ہے کہ یہ جواب بھارتی فوج کس کو دے گی؟ ابھی تک کسی غیر جانبدار تحقیقات کا آغاز نہیں ہوا ہے۔ کسی سرکاری تفتیش کا نتیجہ بھی سامنے نہیں آیا ہے۔ کیا خالی خولی الزام تراشی کو جواز بنا کر بھارتی فوج پاکستان پر حملہ آور ہو جائے گی؟ بھارت کو اس امر کا بخوبی ادراک ہے کہ جنگ کی باتیں کرنا، اور منہ سے زہر اگلنا ایک بات ہے۔ جبکہ حقیقت میں آگ اور خون کا کھیل کھیلنا ایک الگ معاملہ ہے۔ بھارت بخوبی جانتا ہے کہ پاکستان اللہ کے فضل سے ایک ایٹمی قوت ہے۔ پاکستان کے پاس دنیا کی بہترین فوج موجود ہے۔ پاکستانی عوام کے دل ایمان کی طاقت سے لبریز ہیں۔ پاکستان پر حملہ کرنا اتنا آسان نہیں ہے۔ بھارت کے اندر بھی ایک دانش مند طبقہ موجود ہے جو جنگ کے خلاف اور امن کے حق میں ہے۔ سیاسی اور صحافتی حلقوں میں ایسی آوازیں سننے کو مل رہی ہیں جو پہلگام کے واقعے کو بھارتی خفیہ ایجنسیوں کی ناکامی قرار دیتی ہیں۔ داخلی طور پر مطالبہ ہو رہا ہے کہ اس واقعے کی تحقیقات ہونی چاہئیں۔ بھارت کی سات لاکھ فوج گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر پر مسلط ہے۔ اس سات لاکھ فوج نے کشمیریوں کا جینا مشکل کر رکھا ہے۔ فوج کی موجودگی میں پہلگام کا حملہ کیونکر ممکن ہو گیا۔ اگر یہ حملہ سچ ہوا ہے، تو یہ سراسر بھارتی فوج کی ناکامی اور نااہلی ہے۔ ابھی تک ان سوالوں کے جواب بھی نہیں مل سکے کہ حملہ آور کون تھے۔ کہاں سے آئے اور کہاں غائب ہو گئے۔ تفتیش کا اعلان اور آغاز اتنی تاخیر سے کیوں ہوا۔ کس بنیاد پر حملے کے کچھ ہی دیر بعد اس کا الزام پاکستان پر عائد کر دیا گیا۔ یہ اور اس طرح کے بہت سے سوال، جواب کے منتظر ہیں۔ تاہم بھارت اپنی ازلی اور روایتی ڈھٹائی کے ساتھ حقائق سے نگاہیں پھیرے پاکستان کے خلاف زہریلا پروپیگنڈا کرنے میں مصروف ہے۔

اگرچہ یہ جملے نہایت گھسے پٹے معلوم ہوتے ہیں کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے۔ یا جنگوں کے بعد بھی فیصلے مذاکرات کی میز پر ہی ہوتے ہیں۔ تاہم یہ جملے ایک ٹھوس حقیقت کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ کم از کم تاریخ تو یہی بتاتی ہے۔ آج تک جنگ نے کسی مسئلے کو حل نہیں کیا۔ بڑی بڑی جنگوں کے بعد فریقین کو مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر کچھ لو اور دو کی بنیاد پر فیصلے کرنے پڑے۔ زیادہ دور نہیں جاتے۔ افغانستان کی جنگ کی مثال لے لیجئے۔ لاکھوں قیمتی جانیں ضائع کرنے اور کھربوں امریکی ڈالر جنگ میں جھونکنے کے باجود آخر میں امریکہ کو طالبان سے مذاکرات کر کے ہی اس خطے سے نکلنا پڑا۔ میں جنگوں سے متعلق کچھ اعداد وشمار دیکھ رہی تھی۔ ان خوفناک اعداد وشمار کو دیکھ کر اندازہ ہوا کہ کیسے لاکھوں قیمتی جانیں جنگوں کی نذر ہو جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ویتنام کی جنگ میں 30 لاکھ جانیں ضائع ہوئیں۔ کوریا کی جنگ میں 25 لاکھ، ایران۔عراق جنگ میں 10 لاکھ، بوسنیا میں 1 لاکھ، سویت افغان جنگ میں 15 لاکھ انسانوں کی ہلاکتیں ہوئیں۔ کھربوں ڈالر جو فریقین نے ان جنگوں میں جھونکے وہ اس کے علاوہ ہیں۔ لاکھوں انسان بے گھر ہو گئے۔ لاکھوں نقل مکانی پر مجبور ہو گئے۔ لاکھوں عمر بھر کیلئے معذور ہو گئے۔ کیسے کیسے انسانی المیوں کو ان جنگوں نے جنم دیا۔ جنگ کرنا ہرگز آسان نہیں ہے۔ اس میں لاکھوں جانیں جاتی ہیں۔ لاکھوں لوگ بے گھر ہو جاتے ہیں۔ ملکوں کی معیشت تباہ ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد بھی مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے معاملات حل کرنا پڑتے ہیں۔

ایٹمی طاقتوں کا ٹکراؤ، عالمی امن کو خطرہ

حسب موقع



رقیہ غزل

پاکستان اور بھارت کے درمیان گذشتہ چند روز سے لفظی گولہ باری جاری ہے جس کی ابتدا بھی بھارت کی طرف سے کی گئی ہے لیکن ہر گزرتے دن کے ساتھ اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دونوں ممالک کی افواج ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑی ہیں جس نے غیر یقینی صورتحال کو جنم دیا ہے کہ مودی کا جنگی جنون دو ایٹمی طاقتوں کو کہاں لے جائے گا۔ تناؤ کا آغاز 22 اپریل کو انڈیا کے زیر انتظام کشمیر کے علاقے پہلگام میں حملے کے بعد ہوا جس میں بہت سے افراد مارے گئے جو کہ افسوسناک ہے لیکن یہ حملہ ایسی جگہ ہوا جہاں پر ہزاروں کی تعداد میں بھارتی فوج موجود تھی لیکن عین حملے کے وقت بھی غائب تھے اور حاضر سروس بھارتی جنرل اور میجروں نے اعتراف بھی کیا ہے کہ یہ حملہ ہمارے اپنے ہی ملک سے ہوا ہے جس پر انہیں نوکری سے ہاتھ دھونا پڑے یعنی پہلگام حملہ شاطرانہ منصوبہ بندی کا نتیجہ تھا تاکہ دنیا کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی دہشت گردی سے ہٹائی جائے اور دنیا میں پاکستان کو غلط ثابت کیا جائے۔ اس وقت سرحدوں پر ہائی الرٹ ہے، پاکستانی افواج نے چار بھارتی جاسوس رافیل طیارے بھی پکڑ لیے ہیں اور پاکستان جنگی مشقوں کے ذریعے پیغام دے رہا ہے کہ اگر سرجیکل سٹرائیک جیسی بچگانہ حرکتیں کی گئیں یا کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی کا مظاہرہ کیا گیا تو پاکستان منہ توڑ جواب دے گا۔ یقیناً اس بار حالات ماضی کی نسبت زیادہ خطرناک ہو سکتے ہیں کیونکہ حریف مشتعل ہے اور دوسرا تیاری کر رہا ہے اور دونوں ہی ایٹمی طاقتیں ہیں لہذا سوال اٹھتا ہے، کیا لفظی گولہ باری کے بعد خطرناک مرحلہ گزر چکا ہے یا اسلام دشمن طاقتیں ہندو بنئے کے جنگی جنون کو ہوا دینے کے لیے میدان میں اتر چکی ہیں جو کہ موقع کی تاک میں تھیں اور ایشیائی خطہ شعلوں کی لپیٹ میں آنے والا ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پہلگام واقعہ کے چند ہی منٹوں بعد اس کا سارا ملبہ پاکستان پر ڈالنا بھارتی حکومت کی فالس فلیگ حکمت عملی کا حصہ تھا جس کا مقصد مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج کی طرف سے ہونے والے غیر انسانی سلوک سے توجہ ہٹانا اور پاکستان کے خلاف آبی جواز پیدا کرنا تھا اور سب سے اہم بات کہ مودی سرکار کی شرانگیزیوں کے خلاف بھارت میں مہم چل رہی ہے کیونکہ اقلیتوں، مسلمانوں، سکھوں اور عیسائیوں کے خلاف بڑھتا تشدد ناقابل برداشت ہو چکا ہے اور سکھ علیحدہ وطن ''خالصتان'' کے لیے یکجا ہو چکے ہیں۔ باقی رہ گئے ہندو تو وہ بھی تبدیلی چاہتے ہیں۔ ان حالات میں اپنی بچی کھچی ساکھ بچانے اور اقتدار پانے کے لیے مودی کے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا۔۔۔ مجھے تو وہ شعر یاد آ گیا: ''سرحدوں پر بہت تناؤ ہے کیا۔۔ کچھ پتہ تو کرو چناؤ ہے کیا''۔

اپنے مفاد کے لیے مسلمہ دہشت گرد مودی سرکار نے جھوٹ پر مبنی فتنہ تو اٹھا لیا اب وہی اس کے گلے کی ہڈی بن گیا ہے کیونکہ بھارتی سوال اٹھا رہے ہیں کہ ایسی نکمی فوج رکھنے کا فائدہ کیا ہے جن کے سامنے سب کچھ ہو گیا اور وہ سوئے رہے اس بلکہ جو تحقیقات ہوئی ہیں ان کے مطابق ہمیشہ کی طرح بھارتی تنظیم "را" کے ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں جو کہ دنیا کے سامنے آ چکے ہیں اسی لیے امریکہ کی طرف سے بھی تنبیہ کی گئی ہے کہ پاکستان اور بھارت مذاکرات سے معاملات طے کریں اور مسائل کا حل نکالیں۔ اب یہ قابل غور ہے کہ پاکستان نے تو ہمیشہ امن و سلامتی کا پیغام دیا ہے لیکن بھارت کی تاریخ گواہ ہے کہ اس نے بغل میں چھری اور منہ پر رام رام کی پالیسی اختیار کی اور اس بار حالات زیادہ خراب ہیں کیونکہ مودی اسلام دشمنی میں اندھا ہو چکا ہے

معاملے کی سنگینی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ 1965 اور 1971 کی جنگ میں بھی بھارت نے سندھ طاس معاہدہ توڑنے کی جرات نہیں کی اور ذکر بھی نہیں تھا لیکن مودی ہر جلسے جلوس میں پاکستان کا پانی بند کرنے کی دھمکی دیتا تھا مگر جواز نہیں ملتا تھا تو اب اپنے منتقمی عزائم کو انجام دینے کے لیے پاکستان پر جھوٹا الزام لگا کر گراؤنڈ تیار کر رہا ہے اور عالمی طاقتوں سے بھی رابطے میں ہے مزید برآں ہمارے وزیر دفاع نے ایسا بیان دیا جو کہ خود کش حملے سے کم نہیں جسے بھارت نے اقوام متحدہ میں حوالے کے لیے پیش بھی کر دیا ہے جبکہ دنیا کو پہلے ہی مسلمانوں سے کوئی مطلب ہی نہیں

ٹرمپ کی نئی پالیسیاں اور سکالرشپس کی بندش

زاویہ نظر

صادقہ خان

امریکی صدر ٹرمپ کی نئی پالیسیوں کے تحت پاکستان میں یو ایس ایڈ انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام بند کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام سے ہزاروں باصلاحیت طلباء اپنے مستقبل کے حوالے سے خدشات کا شکار ہیں۔ دنیا بھر کے مختلف ممالک کی طرح پاکستان بھی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی "امریکا فرسٹ" پالیسیوں کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہے۔ جس کی ایک بڑی وجہ گلوبل یو ایس ایڈ پروگرام کی بندش ہے۔ اپریل کے اوائل میں یو ایس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن پاکستان (یو ایس ای ایف پی) کے آفیشل سوشل میڈیا پیجز سے ایک اعلان جاری کیا گیا تھا، جس کے مطابق پاکستان میں یو ایس ایڈ انڈر گریجویٹ پروگرام اور انڈر گریجویٹ ایکسچینج پروگرام معطل کر دیا گیا ہے۔ اس اعلان کے فوری بعد اس کی ایک وضاحت بھی جاری کی گئی، جس میں بتایا گیا کہ 54 پاکستانی طلبا جو انڈر گریجویٹ پروگرام کے تحت امریکی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں وہ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں گے۔ جبکہ فل برائٹ اسکالرشپ والے طلبا کو بھی تعلیمی وظیفہ ملتا رہے گا۔ پاکستان کے لیے یو ایس ایڈ کا انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام اور انڈر گریجویٹ ایکسچینج پروگرام اپریل میں معطل کر دیا گیا تھا پاکستان کے لیے یو ایس ایڈ کا انڈر گریجویٹ اسکالر شپ پروگرام اور انڈر گریجویٹ ایکسچینج پروگرام اپریل میں معطل کر دیا گیا تھا لیکن دو ہفتے گزر جانے کے باوجود ان 530 پاکستانی طلباء کے متعلق یو ایس ای ایف پی یا ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کوئی اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا، جو 30 پاکستانی یونیورسٹیوں میں پاک۔یو ایس میرٹ اینڈ نیڈ بیسڈ اسکالرشپ کے تحت زیر تعلیم تھے۔ واضح رہے کہ اگست 2022ء میں تاریخی تباہ کن سیلاب کے بعد یو ایس ایڈ پروگرام نے ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کے تعاون سے 530 مستحق طلباء کو انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے اسکالرشپس جاری کی تھیں۔ ایچ ای سی کے زیر انتظام چلنے والے اس اسکالرشپ پروگرام کو جون 2026ء میں مکمل ہونا تھا۔ یہ 530 طلباء یو ایس ایڈ کی پارٹنر 30 پاکستانی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں۔ ان کا تعلق پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے ان دیہی علاقوں سے ہے جو سیلاب سے شدید متاثر ہوئے تھے۔ اسی پروگرام کو توسیع دیتے ہوئے 2022ء کو توسیع دیتے ہوئے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے ضرورت مند طلباء کو تعلیمی معاونت فراہم کی گئی تھی۔ اس اسکالرشپ سکیم میں جون 2026 کے بعد مزید توسیع بھی زیر غور تھی کہ اسے اچانک بند کر دیا گیا۔ عمر رضا (تبدیل شدہ نام) کا تعلق جنوبی پنجاب کے ایک دیہی علاقے سے ہے وہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں انڈر گریجویٹ پروگرام میں زیر تعلیم ہیں۔ عمر نے بتایا کہ ان کا تعلق ایک غریب کسان گھرانے سے ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ 2022 میں تباہ کن سیلاب کے بعد صورتحال کچھ ایسی تھی کہ ان کے لئے تعلیم جاری رکھنا ممکن نہیں تھا۔ عمر رضا اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے ان پانچ طلباء میں شامل تھے، جنہیں 2023ء میں پاک۔یو ایس میرٹ اینڈ نیڈ بیسڈ سکالرشپ دیا گیا تھا۔ ان میں ایک طالبہ بھی شامل تھیں۔ فی الوقت اسکالرشپ پروگرام کی اچانک بندش سے یہ پانچوں طلباء شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ عمر کے مطابق یونیورسٹی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے یہی کہا جا رہا ہے کہ انہیں تعلیمی پروگرام مکمل کرنے کے لئے ہر ممکن مدد دی جائے گی۔ یو ایس ایڈ کے اسکالرشپ پروگرام کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے زیادہ تر پاکستانی طلبا کا تعلق عام طور پر ملک کے پسماندہ علاقوں سے یو ایس ایڈ کے اسکالرشپ پروگرام کے تحت تعلیم حاصل کرنے والے زیادہ تر پاکستانی طلبا کا تعلق عام طور پر ملک کے پسماندہ علاقوں سے ہے ماہ نور بلوچ (تبدیل شدہ نام) کا تعلق بلوچستان کے ضلع لورالائی سے ہے وہ فی الوقت یو ایس ایڈ کی پارٹنر سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کوئٹہ میں انڈر گریجویٹ پروگرام میں زیر تعلیم ہیں۔ انہیں بھی 2023 میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا پاک یو ایس نیڈ بیسڈ اسکالرشپ دیا گیا تھا۔ ماہ نور نے ڈوئچے ویلے کو بتایا کہ ان کا تعلیمی پروگرام 2026 میں مکمل ہوگا۔ لیکن وہ ابھی سے کوئٹہ میں ملازمت کرنے کے لئے منصوبہ بندی کر رہی ہیں تاکہ اپنی چھوٹی دو بہنوں کے تعلیمی اخراجات پورے کر سکیں۔ لیکن اچانک اسکالرشپ کی بندش سے ان کے سارے خواب بکھر گئے ہیں۔ ماہ نور کے والد محنت مزدوری کرتے ہیں اور ان کی اتنی استطاعت نہیں ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں کے تعلیمی اخراجات برداشت کر سکیں۔ انھوں نے یونیورسٹی اور ایچ ای سی سے مالی معاونت کی درخواست کی ہے۔ ڈوئچے ویلے نے اس حوالے سے قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد، نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کراچی یونیورسٹی اور مہران یونیورسٹی آف انجینئرنگ خیرپور کے اسی اسکالرشپ پر زیر تعلیم طلباء وطالبات سے بھی بات کی۔ ان میں سے بیشتر تعلیمی پروگرام مکمل کرنے کے حوالے سے خدشات کا شکار تھے اور ایچ ای سی کے کسی دوسرے اسکالرشپ کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ ڈوئچے ویلے نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی آفیشل شائستہ سہیل سے رابطہ کر کے اس حوالے سے پیش رفت معلوم کرنے کی کوشش کی مگر کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ ڈاکٹر سارا سلطان کا تعلق خیبر پختونخوا کے ضلع ہری پور سے ہے۔ سارا فی الوقت کیلیفورنیا انرجی کمیشن امریکہ سے سینئر سٹاف کی حیثیت سے وابستہ ہیں اور انرجی سیکٹر میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی چنیدہ خواتین سائنسدانوں میں شامل ہیں۔ سارا کا کہنا تھا یو ایس ایڈ سکالرشپ کی بندش کی وجہ سے طلبا شدید مایوسی کا شکار ہیں۔ ان کا کہنا تھا، "اس صورتحال میں پاکستانی حکومت اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کو بیرون ملک گرانٹس کے بجائے خود کفیل ہونے اور اپنے ذرائع سے طلباء کو اسکالرشپ فراہم کرنے کی حکمت عملی اپنانی چاہیے بنانی چاہیے۔" اس حوالے سے یونیورسٹی آف پنجاب کے وائس چانسلر پروفیسر محمد علی کہتے ہیں کہ یو ایس ایڈ پروگرام نا صرف مستحق طلبا کو مالی معاونت فراہم کر رہا تھا بلکہ پاکستان بھر میں اپنی پارٹنر یونیورسٹیوں کو دنیا بھر کی جامعات کے ساتھ تحقیقی اشتراک میں مدد بھی فراہم کرتا تھا۔ پروفیسر علی کے مطابق ایچ ای سی کے پاس تحقیق کے لیے فنڈز کی قلت ہے، لہذا یو ایس ایڈ کی بندش کا براہ راست اثر پاکستانی جامعات میں ہونے والی تحقیق پر پڑے گا۔ یو ایس ایڈ گلوبل ایکسچینج پروگرام کی سابق طالبہ بلوشہ شہزاد نے ڈوئچے ویلے کو بتایا کہ موجودہ صورتحال یقیناً ہزاروں طلبا کے لئے بہت مایوس کن ہے۔ مگر یہ ایچ ای سی اور طلبا دونوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہے۔ اگر ہم نے اپنے تعلیمی و تحقیقی نظام کو بہتر کر کے مقامی ذرائع سے طلبا کو امداد فراہم کرنے پر توجہ دی ہوتی تو آج طلبا اتنے مایوس نہ ہوتے۔

مسئلہ فلسطین اور عقل وجذبات کی کشمکش

خورشید ندیم

غزہ میں معصوم شہریوں پر جو بیت رہی ہے کون سی آنکھ ہے جو اس پر نمناک نہیں۔ اسرائیل کی وحشت کا یہ ایک المناک مظاہرہ ختم ہونے کو نہیں آ رہا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اسرائیل کو اگر امریکہ اور برطانیہ جیسی مغربی قوتوں کی مکمل تائید میسر نہ آتی تو ظلم کا یہ سلسلہ اتنا دراز نہ ہوتا۔ یہ اس معاملے کے وہ مسلمات ہیں جن سے شاید ہی کسی کو اختلاف ہو۔

اختلاف ایک دوسرے دائرے میں ہے اور وہ ہے حماس جیسی تنظیموں کی حکمت عملی۔ ایک نقطۂ نظر یہ ہے کہ جب حالات کی باگ آپ کے ہاتھ میں نہ ہو اور ہزیمت نوشتہ دیوار ہو تو پھر عقل کا تقاضا ہے کہ معرکہ آرائی سے بچا جائے۔ اگر آزادی کی کوئی جنگ لڑنی ہے تو پہلے طاقت کا توازن قائم کیا جائے جس حد تک ممکن ہو۔ ظالم کو کسی جارحیت کا موقع نہ دیا جائے تاکہ کمزور ظلم سے محفوظ رہ سکے۔ اس کے ساتھ اخلاقی قدروں کا احترام کیا جائے۔ دوسرا موقف یہ ہے کہ یہ جنگ مسلط کی گئی ہے جس کا لڑنا ناگزیر ہو گیا تھا۔ اس لیے حماس جیسی آزادی پسند تنظیموں کے پاس اس کے سوا کوئی راستہ نہ تھا کہ وہ جو کچھ میسر تھا اس کے ساتھ معرکہ آرا ہو جائیں۔

مجھے اسباب میں کلام نہیں کرنا کہ میرے نزدیک درست موقف کیا ہے۔ میں اس پر بار ہا لکھ چکا اور اس کو دہرانا تحصیل حاصل ہے۔ مجھے آج اس طرف توجہ دلانی ہے کہ یہ اختلاف اب کچھ ایسی صورت اختیار کرتا جا رہا ہے جسے نرم سے نرم الفاظ میں ناخوشگوار کہا جا سکتا ہے۔ اس میں عقل واستدلال کے ساتھ جذبات کا خون ہو رہا ہے۔ اخلاقی قدریں بھی پامال ہو رہی ہیں اور معلوم ہوتا ہے کہ فلسطینیوں کی آزادی کے لیے پہلے یہ داخلی معرکہ سر کرنا لازم ہے۔ ہمارا بس اسرائیل پر تو چلتا نہیں اس لیے مقامی سطح پر ہی فتح کا جھنڈا لہرا دیا جائے۔

یہ جھگڑا ہماری اجتماعی نفسیات کا ایک مظہر ہے جو افراط وتفریط سے عبارت ہے اور پھر مقصود تو مخالف کا سر پھوڑنا ہوتا ہے اینٹ سے پھوڑے یا روڑے سے۔ مناظرے میں یہی ہوتا ہے۔ علم وفکر کی دنیا میں شاید کسی حادثے کے نتیجے میں کچھ ایسے لوگ در آئے ہیں جن کا اصل پیشہ کوئی اور تھا۔ جیسے سپاہ گری۔ اب ہر کوئی غالب تو ہوتا نہیں کہ شعر وسخن کی دنیا میں آئے تو اس کا آداب آشنا ہو جائے۔ ایسے عناصر نے علم وفکر کی دنیا کو ایک میدان کارزار میں بدل دیا ہے جہاں لازم ہے کہ فیصلہ فتح وشکست ہی کی بنیاد پر ہو۔

جو لوگ عقل وحکمت کی بات کر رہے ہیں انہوں نے داخلی عناصر پر تنقید میں شدت برتی۔ اسرائیل کی مذمت میں وہ اس شدت کا مظاہرہ نہ کر سکے۔ بات یہ نہیں کہ ان کو دکھ نہیں ہے۔ مسئلہ حکمت عملی کا ہے۔ جب کوئی حادثہ ہو جاتا ہے تو سب سے پہلے اس پر دکھ کا اظہار ہوتا ہے۔ اس کے بعد اسباب کی بات کی جاتی ہے اور اگر وجوہات داخلی ہوں تو ان کو موضوع بنایا جاتا ہے۔ آہنگ دونوں معاملات میں یکساں رہتا ہے۔ اگر کسی گروہ کو پیش آنے والے حادثے میں زیادہ دخل اس کی اپنی کوتاہیوں کا ہو تو خیر خواہی یہی ہے کہ ہر ملامت کرنے والے کی ملامت سے بے نیاز ہو کر اس پر بات کی جائے۔ پھر وہ دو چار کی طرح بتایا جائے کہ غزہ میں اگر فلسطینی بچوں کا قتل عام ہوا ہے تو وہ لوگ اس میں شریک ہیں جنہوں نے انہیں تر نوالہ بنا کر بھیڑیوں کے سامنے پھینک دیا۔ بایں ہمہ اتنی ہی شدت کے ساتھ یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ ظالم کسی رعایت کا مستحق ہے اور نہ اپنوں کی حماقت اس کے ظلم کے لیے جواز بن سکتی ہے۔ اگر مقدمہ اخلاقی ہے تو ظالم کی مذمت بھی اسی شدت کے ساتھ ہونی چاہیے۔ پھر یہ کہ اس ظلم کا آغاز اکتوبر 2023ء میں نہیں ہوا۔ اسرائیل نے بین الاقوامی قانون کو ہمیشہ جوتے کی نوک پر رکھا ہے۔ بے گناہ فلسطینی بچوں کو مارا ہے۔ ان کی بستیوں کو تاراج کیا ہے۔ وہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے ایسے بڑے علاقے پر قابض ہے جو اقوام متحدہ کی طے شدہ سرحد سے کہیں زیادہ ہے۔ اگر یہ پہلو بھی اسی شدت سے زیر بحث آتا تو خود احتسابی کا موقف زیادہ توجہ سے سنا جا سکتا تھا۔ دوسرے موقف کے علمبرداروں نے خود کو پہلے موقف کی تردید تک محدود نہیں رکھا بلکہ صاحبان رائے کو نشانہ بنایا۔ ان کی ذات پر رکیک حملے کیے۔ طنز واستہزا کا اسلوب اپنایا اور اس ساری بحث کو ایک عامیانہ رنگ دے دیا۔ خود کو بطل حریت کے طور پر پیش کیا اور دوسرے کو دشمن کا ایجنٹ ثابت کیا۔ ایسا معلوم ہوا کہ جیسے مسئلہ اسرائیل نہیں کوئی صاحب رائے ہے جس کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ مطلوب کوئی پرانا حساب چکانا تھا اور تاثر یہ دیا گیا ہے کہ اگر آج بھی اسلام کی حرمت پر غیرت نہ کھائی تو پھر کب کھائیں گے۔

اسلام، حب الوطنی، امت مسلمہ اور فلسطین جیسے مسائل پر اجارہ داری دانستہ ہو یا غیر دانستہ تشویشناک ہے۔ اس سے لوگ تقسیم ہوتے ہیں اور توانائیاں مثبت مقاصد کے بجائے منفی کاموں پر خرچ ہونے لگتی ہیں۔ اہل علم ودانش کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوم میں مثبت بحث کو فروغ دیں۔ لوگ اتفاق اور عدم اتفاق سے قطع نظر یہ تو سیکھیں کہ اختلاف کیسے کیا جاتا ہے۔ کسی کے پیش نظر جذبات ہی کو مخاطب بنانا اور داد وسینا ہے تو وہ اس کا حق رکھتا ہے لیکن اگر بحث اخلاقی اعتبار سے پست سطح پر اتر آئے تو اسے متنبہ ضرور کرنا چاہیے کہ اس کے ساتھ خیر خواہی کا تقاضا یہی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی عقل کی بات کرتا ہے تو اس کے بارے میں یہ تاثر دینا کہ اسے فلسطینیوں سے کوئی محبت نہیں حد سے تجاوز ہے۔

پہلے یہ خیال تھا کہ مذہبی طبقات کی نمائندگی علما کے بجائے شعلہ بیان مقررین کے ہاتھ میں آ گئی ہے جس سے دینی قدروں کو شدید نقصان پہنچا۔ سوشل میڈیا نے بتایا کہ یونیورسٹیوں کے فاضل بھی ان سے کم نہیں۔ جدید اسالیب کلام سے آگاہی کی وجہ سے شعلہ بیان مقررین کی جگہ اب ان جدید محققین نے لے لی ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے میں جدید وقدیم کا ایک دلچسپ ملغوبہ سامنے آیا ہے۔ مدرسے کے فاضلین اب جدید جامعات سے بھی تعلیم کی اعلیٰ ترین ڈگری لے رہے ہیں۔ اس شتر گربگی کی قیمت اسلام کو ادا کرنا پڑتی ہے جس کے مظاہر سوشل میڈیا پر بکثرت دکھائی دیتے ہیں۔ مسئلہ فلسطین پر داخلی محاذ گرم کرنے میں اس طبقے کا بھی بہت حصہ ہے۔ ایک اور طبقہ بھی اس کا ذمہ دار ہے جس نے ادھر ادھر سے کچھ علم کی باتوں کو سنا ہے اور اب بزعم خویش مجتہد کے منصب پر فائز ہے۔

ہمارا مسئلہ رائے نہیں رویہ ہے۔ فلسطین کے باب میں دونوں طبقات افراط وتفریط کا شکار ہوئے۔ ایک نے جذبات کو غیر متعلق بنا دیا اور دوسرے نے یہ تاثر دیا کہ انسان اصلاً ایک غیر عاقل مخلوق ہے۔ اہل دانش سے صرف یہ توقع ہے کہ وہ اختلاف رائے کو ذاتی حوالوں سے محفوظ رکھیں۔ خدا کے ہاں جوابدہی کا احساس بہر حال غالب رہنا چاہیے۔ یہ احساس نہ ہو تو اتہام بھی جائز ہے اور الزام بھی روا ہے۔ اس کیفیت سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ادارہ رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" دوبارہ اشتہار مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420364031225 بنام معین الدین ولد نصر اللہ کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03203821583 پر مطلع کریں
نمائندہ وقلعہ عبداللہ ....

ضرورت میل ٹیچر
نور حیات ماڈل سکول کاکڑ کالونی خوشحال روڈ کوئٹہ ایک معروف ادارے کو ریاضی، کیمسٹری، بائیولوجی، سائنس اور انگریزی پڑھانے کے لئے میل ٹیچرز کی ضرورت ہے خواہشمند حضرات رابطہ کریں
رابطہ نمبر 03218008490
R.No..........61277

گمشدگی بجلی میٹر
میرا بجلی میٹر SP06167249 بنام عباس علی خان لودھی ولد محمد لطیف خان لودھی گم ہوگیا ہے جس کا اطلاعی رپورٹ بھی درج کروایا ہے ملنے پر فون نمبر 03192361070 پر مطلع کریں
..................STAFF

انجینئر محمد حسن میروانی اور عرفان خان کاکڑ کو کامیابی پر دلی مبارکباد
زیارت (نامہ نگار) الخیرو المنائی پاکستان نے اپنے ایک اعلامیہ میں تنظیم کے سینئر اراکین، بیچ 01 کے انجینئر محمد حسن میروانی (ضلع آواران) کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے تحت اسسٹنٹ کمشنر کے طور پر تعیناتی اور بیچ 06 کے رکن عرفان خان کاکڑ (ضلع زیارت) کو لیکچرار پریکٹیکل سائنس مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے

جعفر آباد، ڈی سی اظہر شہزاد ایس بی کے اساتذہ میں آرڈر تقسیم کرنے کے موقع پر خطاب کررہے ہیں

قوم کی تشکیل میں اساتذہ کا اہم کردار ہے، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد
اساتذہ ذمہ داریوں کا مظاہرہ کریں اور بچوں کے بہتر مستقبل کو سنوارنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں
ایس بی کے اساتذہ کی تعیناتی سے ضلع کے بند اسکولز دوبارہ فعال ہو جائیں گے اور علم کی شمع روشن رہے گی، اظہر شہزاد

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد کی زیر صدارت ایس بی کے کے اساتذہ میں جائے تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کرنے کی پروقار تقریب گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ڈیرہ اللہ یار میں منعقد کی گئی جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور اساتذہ موجود تھے ارڈر تقسیم کرنے کی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے 93 اساتذہ جن میں 70 میل 23 فیمیل اساتذہ میں آرڈرز تقسیم کئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش رہی کہ جلد از جلد ایس بی کے اساتذہ میں تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کیے جائیں آج جن اساتذہ کو آرڈرز مل چکے ہیں اب ان پر ایک ذمہ داری عائد کی گئی ہے اس لیے ضروری ہے کہ وہ اساتذہ اپنی ذمہ داریوں کا مظاہرہ کریں اور بچوں کے بہتر مستقبل کو سنوارنے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں نئے اساتذہ کی تعیناتی کے بعد ضلع بھر کے دیگر بند اسکولز بھی دوبارہ فعال ہو جائیں گے اور علم کی شمع مزید روشن رہے گی انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہی قوم تشکیل دیتی ہیں اس لیے آپ پر لازم ہے کہ بچوں کے وسیع تر مفاد میں اقدامات کریں تاکہ ہماری قوم ترقی یافتہ اقوام کی صفوں میں شانہ بشانہ کھڑی ہو سکے ہماری یہی کوشش رہے گی کہ جعفر آباد میں علم کی شمع کو مزید روشن کیا جائے اور جہالت کی تاریکی کو جڑ سے ہی اکھاڑ دیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کا سول ہسپتال ڈیرہ اللہ یار کا اچانک دورہ
طبی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی ادویات کے اسٹاک کا جائزہ لیا

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے سول ہسپتال ڈیرہ اللہ یار کا اچانک دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور ان سے دی جانے والی طبی سہولیات کے متعلق آگاہی حاصل کی اور ادویات کے اسٹاک کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز کا حاضری رجسٹر چیک کیا اور ان سے ملاقات کی ضلع جعفر آباد میں پانچ میل جبکہ آٹھ فیمیل ڈاکٹرز تعینات ہوئے ہیں دورے کے موقع جائزہ لیا گیا کہ دو فیمیل ڈاکٹرز چھٹی پر تھیں انہوں نے دورے کے موقع پر مختلف وارڈز کا جائزہ بھی لیا جبکہ سول ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے عمل کا بھی مشاہدہ کیا اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر محمد رفیق کھوسہ نے لوگوں کو دی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر درپیش مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی ڈاکٹر اکبر علی کھوسہ بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو بہتر معنوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں عموی طور پر مریضوں کا رش دیکھا جاتا ہے اس لیے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف پر لازم ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری نہایت صحیح معنوں میں سرانجام دے کر دکھی انسانیت کی خدمت کو یقینی بنائیں 4.7 ملین کی ادویات کے ٹینڈرز ہو چکے ہیں جو کہ مون سون بارشوں سمیت دیگر ہنگامی حالت میں کام آئیں گی جبکہ ایم ایس ڈی کی جانب سے ادویات فراہم کی گئی ہیں وہ بھی کثیر تعداد میں موجود ہیں انہوں نے کہا کہ رات کے اوقات میں لوگوں کو ادویات کی فراہمی کے لیے بھی پرائیویٹ میڈیکل سٹور چوبیس گھنٹے کھلا رہیں گے تاکہ عوام کو مشکلات سے دوچار نہ ہونا پڑے ہم سب کا فرض ہے کہ ہم حکومتی احکامات پر من وعن عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور ان کے ثمرات سے لوگوں کو مستفید کریں تاکہ لوگوں کو جو مشکلات درپیش آرہی ہیں اس کا تدارک کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے احکامات دیے کہ نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز اپنی ذمہ داریوں کا صحیح معنوں میں احساس کریں

اوستہ محمد، پولیس آفیسران کے تبادلے
اوستہ محمد (آن لائن) ڈی آئی جی اور ڈی ایس پی نے اپنی دوستی نبھائی ڈی ایس کا تبادلہ ہوا تو اسے ڈی آئی جی نے فارغ نہیں کیا آخر کار آئی جی بلوچستان نے ڈی آئی جی نصیر آباد کو بھی فارغ کیا کہ اب دونوں آئیں کوئٹہ تفصیلات کے مطابق سابق ڈی آئی جی نے اپنے کمائی والے ڈی ایس پی سرکل کا ڈی ایس پی کا تبادلہ ہوا تو انہیں فارغ نہیں کیا کیونکہ وہ ان کے کمائی والے آفیسر تھے باقی آفیسروں کے تبادلے ہوئے تو وہ کوئٹہ پہنچ گئے لیکن ڈی آئی جی نے سرکل ڈی ایس پی سے دوستی نبھائی اور اثر رسوخ کے ذریعے ان کا تبادلہ رکوانے کی کوشش کی کیونکہ اس سے قبل بھی اسی ڈی ایس پی کا تبادلہ ہوا تو اس کا تبادلہ رکوایا لیکن اس بار آئی جی نے ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈی آئی جی کا بھی تبادلہ کر دیا کیلئے کی بجائے اب دونوں آ جائیں یہ مثال بنا ہوگا ہم تو ڈوبے صنم تمہیں بھی لے چلے۔ بڑی مشکلوں کو نصیر آباد کو چھوڑا ہے۔ معلوم ہوا کہ معیہ پولیس بھرتیوں میں رشوت اور دیگر اسمگل سامان کی خورد برد کے کیس بھی ان پر لگے ہوئے ہیں ان کی بھی انکوائری ہونی ہے

سرد مزی بہتر فراہمی کیلئے میونسپل کارپوریشن کا عملہ متحرک ہے، نصیب اللہ
حب (خ ن) چیف افسر میونسپل کارپوریشن حب نصیب اللہ ترین نے کہا ہے کہ ضلع حب میں میونسپل سرد مزی کی بہتر فراہمی کیلئے میونسپل کارپوریشن کا عملہ متحرک ہے حب سٹی کے مختلف ایریاز سے ہزاروں ٹن کچرا روزانہ کی بنیاد پر اٹھایا جا رہا ہے صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو انڈسٹریز میر علی حسن زہری کی ہدایت پر حلقہ انتخاب کے حب ٹاؤن میں ترقیاتی منصوبوں کیساتھ میونسپل سرد مزی کی بہتر فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اللہ آباد ٹاؤن ڈاکخانہ روڈ گلشن امیر آباد کے سرپرائز وزٹ کے دوران بلدیاتی کونسلران اور علاقائی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع میونسپل کارپوریشن کے سینیٹری ورکرز اور عملہ نے چیف افسر کو ہفتہ صفائی مہم کے حوالے سے آگاہ کیا۔ علاقائی عمائدین اور بلدیاتی کونسلران سے گفتگو کرتے ہوئے چیف افسر کا کہنا تھا کہ صوبائی وزیر میر علی حسن زہری ضلع حب کے گلی کوچوں میں انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں

2022 کے سیلاب سے ضلع ہرنائی کے اسی فیصد گھر تباہ ہوگئے
ورلڈ بینک کے تعاون سے گھروں کو تعمیر کرنے کے لسٹ میں شامل نہیں کیا گیا
بوگس، جعلی سروے سے ورلڈ بینک، حکومت اور حقیقی متاثرین کو دھوکا دیا جا رہا ہے

ہرنائی (آئی این پی) ضلع ہرنائی کے 2022 کے سیلاب سے حقیقی متاثرین نے وزیر اعظم پاکستان این ڈی ایم اے، ورلڈ بینک حکام اور حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ ضلع ہرنائی میں سیلاب متاثرین کے جو سروے ہوئے ہے اس میں بیس فیصد بھی حقیقی سیلاب متاثرین شامل نہیں ہے بلکہ ان افراد کے نام شامل ہے جنکا ایک اینٹ کا بھی نقصان نہیں ہوا ہے آسی فیصد ایسے لوگوں کو سروے میں شامل کیا گیا ہے جو کہ حقیقی سیلاب متاثرین کے ساتھ ظلم وزیادتی ہے اس کا نوٹس لیا جائے انہوں نے کہا کہ ضلع ہرنائی کے آسی فیصد سیلاب متاثرین جنکے گھر بارسب کچھ سیلاب سے تباہ ہوگئے لیکن انہیں ورلڈ بینک کے تعاون سے گھروں کو تعمیر کرنے کے لسٹ میں شامل نہیں کیا گیا اور بوگس اور جعلی سروے کیا گیا جو کہ ورلڈ بینک اور حکومت اور حقیقی متاثرین کو دھوکا دیا جا رہا ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ حقیقی سیلاب متاثرین کے دوبارہ ایماندار فرض شناس اور آزاد خود مختار ادارے سے سیلاب متاثرین کا سروے کرایا جائے اور پہلے کیا جانے والے سروے کا چھان بین کرکے بوگس اور جعلی طریقہ سے شامل کئے جانے والے ناموں کو خارج کیا جائے تاکہ ورلڈ بینک کی جانب سے دی جانے والی امداد حقیقی اور سیلاب سے تباہ حال متاثرین کے حق تلفی نہ ہو اور حقیقی متاثرین سیلاب زدگان کے نقصان کا ازالہ ہو سکے۔

کشش چوہدری کی کامیابی رخشان ڈویژن کیلئے باعث فخر ہے، روی کمار
اسسٹنٹ کمشنر کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پہوجہ نے ضلع نوشکی سے تعلق رکھنے والی باصلاحیت اور قابل فخر ہندو بیٹی، محترمہ کشش چوہدری دختر چوہدری گردھاری لعل کو بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے تحت اسسٹنٹ کمشنر کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے انہوں نے کہا کہ کشش چوہدری کی یہ کامیابی نہ صرف ان کے خاندان کے لیے باعث فخر ہے بلکہ پورے رخشان ڈویژن، بالخصوص ہندو برادری کے لیے بھی باعث افتخار ہے انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ اقلیتی برادری کے نوجوان بھی محنت، لگن اور خلوص نیت سے ملک وقوم کی خدمت کے لیے ہر میدان میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ کشش چوہدری اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نہایت ایمانداری، دیانتداری اور خلوص کے ساتھ نبھائیں گی روی کمار پہوجہ نے اس کامیابی کو نوجوان نسل کے لیے ایک مثبت مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ کشش چوہدری جیسی باہمت اور باصلاحیت نوجوان ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں۔

ژوب، پرنسپل پی آر سی گلدار علی خان امتحانی سینٹر کا دورہ کررہے ہیں

ایس ایس پی ذیشان کی صحبت پور تعیناتی پر عوامی حلقوں کا خیر مقدم
ماجھی پور (یو این اے) ایس ایس پی ذیشان علی کی صحبت پور میں تعیناتی پر عوامی حلقوں کی جانب سے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کا بھرپور خیر مقدم کیا گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ موصوف اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے ضلع میں امن وامان قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

مچھ، بلوچ اسٹوڈنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے دوروزہ کتب میلہ
مچھ (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے مچھ بولان میں دو روزہ کتب میلہ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں قدیم تاریخی کتب کے ساتھ بلوچ کلچر اور بلوچ اقوام کی تاریخی اہمیت کے بارے میں کتابیں رکھی گئیں مین بازار مچھ میں کتب اسٹال پر مچھ کے معروف شاعر وادیب محسن نگار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دور حاضر میں کتب بینی ناپید ہو چکی ہے ایسے میں بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی اور بلوچستان یونیورسٹی کے طالب علموں کی کاوشیں قابل تعریف وقابل تقلید ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام طور پر حصول تعلیم کو ملازمت کے کے لیے کیا جاتا ہے لیکن تعلیم حاصل کرنے کا مقصد فقط نوکری نہیں ہے اس کے علاوہ تعلیم کے بہت فوائد ہے۔ جو علوم کو سمجھنے کی آگاہی حاصل کرنا ہے۔

صفدر خٹک کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار
ژوب (آن لائن) جی ٹی اے ژوب کے ضلعی صدر مشہود شاہ اخونزادہ سینئر نائب صدر سفر محمد مندوخیل جنرل سیکرٹری مراد خان چیئرمین حافظ عثمان اختر آرگنائزر عمران مندوخیل نائب صدر بشیر احمد آڈیٹر مولانا یاسین خان یاسین زونی سیکرٹری ریحان انجم نائب صدر ضیاالحق ترین وائس چیئرمین صادق خان ولیوال سیکرٹری اطلاعات جعفر خان اپوزئی آفس سیکرٹری سعیداللہ ایریزء ڈپٹی آرگنائزر عبدالصمد ناصر جوائنٹ سیکرٹری عبیداللہ اپوزئی فنانس سیکرٹری حمید اللہ کنڈ اپور سیکرٹری سپورٹس عبدالستار لوون نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں جی ٹی اے ژوب کے سینئر رہنما مرحوم صفدر خٹک کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین

صارفین کو مقررہ نرخوں پر خوردنی اشیاء کی دستیابی میں کوئی عذر قابل قبول نہیں، اسسٹنٹ کمشنر
مقررہ نرخ نامہ سے انکاری اور زائد رقم وصولی کرنے والے تاجروں کے خلاف کارروائی کی جائے، اجمل مندوخیل
تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹ بازار میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا روزانہ کی بنیادوں پر معائنہ کریں، خطاب

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر میران بلوچ کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی اجمل خان مندوخیل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے بازاروں اور مارکیٹوں میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارکردگی بارے بریفنگ دی گئی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ صارفین کو مقررہ نرخوں پر خوردنی اشیاء کی دستیابی میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹ بازار میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو روزانہ کی بنیادوں پر معائنہ کریں اور مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنائیں جبکہ مقررہ نرخ نامہ سے انکاری اور زائد رقم وصولی کرنے والے تاجروں کے خلاف کارروائی کی جائے انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام دکانداران اپنے دکان میں سرکاری نرخنامہ آویزاں کریں بصورت دیگر خلاف ورزی کرنے والے تاجروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعد آزاں انجمن تاجران سے مشاورت کے بعد ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی نے اشیاء ضروریہ کے نئے نرخوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کا مزید کہنا تھا، جبکہ ٹریفک پالیسی اور پارکنگ ایریا کی ذمہ داری پولیس انتظامیہ نبھائیگی دوریں اثناء مذکورہ نرخ نامہ ضلع لورالائی کے حدود میں فوری طور پر نافذ العمل رہے گا جبکہ حکم عدولی کی صورت میں مروجہ قواعد وضوابط کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ لورالائی میں سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر ضلعی انتظامیہ بلا امتیاز کارروائی کرے گی۔ عوام کو ریلیف دینے کے لیے تمام ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ہر دوکاندار سرکاری نرخنامہ نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے گا اور ہر دوکان پر کیلیبریٹڈ وزن کی سہولت موجود ہوگی تاکہ مقررہ وزن اور قیمت کی پابندی یقینی بنائی جا سکے۔

اشوک کمار راجپوت کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شیر آباد کا دورہ
ہیڈ مسٹریس کو طویل عرصے سے غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے معطل کر دیا

لونڈی (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جاتی، اشوک کمار راجپوت نے آج لونڈی میں اچانک گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شیر آباد کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے اسکول کی مجموعی صورتحال، تدریسی عمل اور اساتذہ کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر یہ انکشاف ہوا کہ اسکول کی ہیڈ مسٹریس طویل عرصے سے اپنی ذمہ داریوں سے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ غفلت اور پیشہ ورانہ بے احتیاطی کا نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ہیڈ مسٹریس کو معطل کر دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیم جیسے اہم شعبے میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اور غیر حاضر یا لاپرواہ عملے کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ اشوک کمار نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری اور بچیوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ژوب کے مسائل اور پسماندگی کے ذمہ دار سابقہ نمائندے ہیں، ڈاکٹر نواز
ضلع کے عوام کے امنگوں کے مطابق ترقیاتی کام کے ساتھ صحت تعلیم اور دیگر مسائل پر خصوصی توجہ دی جائے گی
ضلع شیرانی آبادی کے لحاظ سے کچھ کم لیکن رقبے کے لحاظ سے بہت بڑا ضلع ہے، وسائل کم اور مسائل زیادہ ہیں

شیرانی (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد نواز کبزئی نے کہا ہے کہ علاقے کی عوام کی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے ماضی کے مختلف نمائندوں نے علاقے کو نظر انداز کرکے آج ضلع مسائلستان بن چکا ہے صحت تعلیم اور دیگر حوالے سے مسائل درپیش ہے میرا بھرپور کوشش ہے کہ ان تمام مسائل پر قابو پانے کیلئے کامیاب ہوں بشرط کہ صوبائی حکومت ہمیں پسماندگی کے حساب سے فنڈز فراہم کریں یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی اگرچہ آبادی کے لحاظ سے کچھ کم ہے لیکن رقبے کے لحاظ سے ایک بہت بڑا ضلع ہے جس میں وسائل کم اور مسائل زیادہ ہے جن کی اصل وجہ اس علاقے سے ماضی میں جتنے بھی لوگ کامیاب ہوئے انہوں نے علاقے کو نظر انداز کیا میں نے آتے ہی صحت تعلیم اور پانی کے متعلق کام شروع کر دیا ہے جس پر کافی حد تک قابو پا چکے ہیں لیکن فنڈز کم ہونے کی وجہ سے آج بھی مسائل حل کرنے کیلئے مشکلات درپیش ہے انہوں نے کہا کہ ضلع شیرانی قدرتی حوالے سے بھی ایک مالا مال ضلع ہے جس میں قیمتی زیتون، چلغوزہ، اور دیگر جنگلات بھی ہے ان سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے متعلقہ حکام سے بات چیت کرکے تاکہ تمام قیمتی جنگلات کو بروئے کار لاکر ضلع کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکے۔

صحافیوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات کئے جائیں، نواز امین
آئے روز دوران فرائض صحافیوں کا قتل، زخمی کرنے کے واقعات باعث تشویش ہیں

بیلا (یو این اے) عالمی یوم آزادی صحافت کے موقع پر عوامی پریس کلب رجسٹرڈ بیلا لسبیلا کے جملہ عہدیداران صدر نواز امین رونجھو جنرل سیکریٹری یوسف راہی سینئر نائب صدر جہانگیر یوسف نائب صدر اوم پرکاش لاسی ڈپٹی جنرل سیکریٹری صادق کھوسہ خازن امتیاز خاشخیلی آفس سیکریٹری نعمان حیات بلوچ سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ (فری لانسر) شاہجہان بلوچ اراکین شاہد رونجھو عبدالماجد رونجھو اور یاسر بلوچ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 3 مئی کو دنیا بھر میں آزادی صحافت کا عالمی دن منایا جاتا ہے اس دن کی مناسبت سے ہم پاکستان سمیت دنیا بھر میں قتل ہونے صحافیوں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے ان کے قاتلوں کی گرفتاری صحافیوں کی ہراسگی اور آزادی صحافت پر قدغن بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صحافی برادری کی جان و مال کو تحفظ میسر نہیں آئے روز دوران فرائض صحافیوں کا قتل عام اور انہیں زخمی کرنے کے واقعات باعث تشویش ہیں

صحافت ملک کا چوتھا ستون ہے، علی مردان جمالی
اوستہ محمد (آن لائن) صحافت ملک کا چوتھا ستون ہے صحافت کی خدمات ملک اور صوبوں کے لیے گراں قدر ہے حالات کے ساتھ ساتھ صحافت پر بھی دباو ڈالا جار ہا ہے اس وقت اخباری صنعت مسائل سے دو چار ہے۔ ملک بھر کے صحافیوں کو درپیش مسائل ہیں اور ملک میں صحافیوں کا قتل بھی ایک لمحہ فکر ہے۔ یوم صحافت کے روز سینئر صحافی علی مردان جمالی کا صحافیوں کو پیغام ایک ہو جاو اپنے حقوق کے لیے تفصیلات کے مطابق یوم صحافت کے عالمی دن کے مناسبت سے پریس کلب کے سابق صدر و سینئر صحافی علی مردان جمالی نے اپنے پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر کے صحافیو ایک ہو جاو کیونکہ اس وقت ملک بھر کے صحافیوں کو درپیش مسائل ہیں بلوچستان سندھ بلکہ چاروں صوبوں میں صحافیوں کا قتل عام ہو رہا ہے افسوس اس بات کی ہے کہ وہ قاتل بھی گرفتار نہیں ہوتے ہیں۔ ملک بھر کی حالات کو اجاگر کرنے میں میڈیا کا اہم کردار رہا ہے اور ہر مصیبتیں جھیل کر پھر بھی قلم کے ذریعے مسائل اجاگر کرتے ہیں۔

اوستہ محمد، وائن سٹور پر مسلم نوجوانوں کو شراب فروخت جاری ہے
کم عمر نوجوانوں میں شراب نوشی کے رجحان میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد ایکسائز پولیس کی سرپرستی میں وائن سٹور پر سرعام مسلم نوجوانوں کو شراب فروخت کیا جار ہا ہے کم عمر نوجوانوں میں شراب نوشی کی رجحان میں بے تحاشہ اضافہ سر ے شام وائن اسٹور پر نوجوانوں کی بھیڑ لگ جاتی ہے شراب سمیت منشیات کی باسانی دستیابی کی وجہ سے شہری سراپہ احتجاج میں حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لے اوستہ محمد کے سیاسی سماجی و مذہبی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کے نام پر قائم وائن اسٹور پر ہندو برادری کا کوئی شراب خریدنے نہیں آتا جبکہ شراب کے خریدار مسلم نوجوان ہیں شراب کی باسانی دستیابی کی وجہ سے نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے لیکن ضلعی انتظامیہ نے چپ کا روزہ رکھا ہے اس موقع پر پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنما خان محمد جنگ بی ایس او کے آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جان زیب بلوچ اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے نائب صدر نبیل احمد جمالی اور نصر اللہ بیر نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ستم ظریفی کی انتہا ہو چکی ہے شراب چرس اور خطرناک منشیات انس سرعام فروخت ہو رہا ہے جس کی وجہ سے نوجوان نسل تباہی کی طرف گامزن ہیں بلوچستان حکومت اور ضلعی انتظامیہ نے چپ کا روزہ رکھا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچانے کے لیے فوری طور پر وائن اسٹور سمیت تمام منشیات کے اڈوں کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کو یقینی بنایا جائے ورنہ عوام سڑکوں پر نکل آئیں گے

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی سابقہ کاکا ڈی ایس پی احتشام الدین اور واپڈا الیکسین کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ڈی سی جعفر آباد کا سیم شاخ پر زیر تعمیر تین پلوں اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ
لوگوں کی جانب سے شکایات سامنے آرہی تھیں جس کے لیے اچانک دورہ کیا، ٹیکنیکل پینل بنایا جائے، اظہر شہزاد
منصوبے کو پی سی ون کے مطابق تعمیر کیا جائے تاکہ لوگ ان پلوں کے ذریعے اپنی آمدورفت کو یقینی بنائیں، ہدایت

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے ضلع جعفر آباد میں سیم شاخ کے مقام پر زیر تعمیر تین پلوں اور دیگر تعمیراتی امور کا جائزہ لیا دورے کے موقع پر گورنمنٹ کنٹریکٹر میر نوبت خان جکھرانی نے انہیں آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ سم شاخ کے مختلف مقامات پر تین پلیں تعمیر کی جا رہی ہیں جو کہ علاقہ مکینوں کے وسیع تر مفاد میں ہیں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی میر عبدالمجید بادینی کے خصوصی فنڈز سے زیر تعمیر ہیں تینوں پلوں پر ریٹرننگ والز بھی تعمیر کیے جائیں گے جبکہ سم شاخ کے دونوں گیٹس بھی بنائے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ پانی کے اخراج کو یقینی بنایا جا سکے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفر آباد اظہر شہزاد نے کہا کہ میرے اچانک دورے کا مقصد بھی یہی ہے کہ لوگوں کی جانب سے شکایات سامنے آرہی تھیں جس کے لیے آج اچانک دورہ کیا ہماری بھرپور کوشش رہے گی کہ تمام امور کو صحیح معنوں میں مکمل کرانے کے لیے ایک ٹیکنیکل پینل بنایا جائے جو کہ اے ڈی سی جی کی سربراہی میں انجینئرز ٹیکنیکل سطح پر جائزہ لیں گے تاکہ عوام کے خدشات دور ہو سکیں یہ منصوبہ عوام کو سیلابی صورتحال کے کٹھن مرحلوں میں بہتر معنوں میں مستفید کروا سکتا ہے ان پلوں کی تعمیر یہاں کے باسیوں کا دیرینہ مطالبہ تھا جبکہ سم شاخ کے گیٹس کی تعمیر کے بعد سیلابی صورتحال کے موقع پر زیادہ سے زیادہ پانی کو اخراج کیا جا سکے گا اور ڈیرہ اللہ یار شہر سے بھی سیلابی صورتحال کا خطرہ ٹل سکے گا اس لیے ضروری ہے کہ اس منصوبے کو پی سی ون کے مطابق تعمیر کیا جائے تاکہ لوگ ان پلوں کے ذریعے اپنی آمدورفت کو یقینی بنائیں ضلعی انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہے گی کہ تمام تعمیراتی امور کا سرپرائز وزٹ کے عمل کو مستقبل قریب میں بھی یقینی بنائے تاکہ تمام تر منصوبے کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے

انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات
خضدار سیف سٹی پروجیکٹ کے حوالے سے پلان مرتب کرنے پر مشاورت

خضدار (آن لائن) بلوچستان انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں خضدار سیف سٹی پروجیکٹ کے حوالے سے پلان مرتب کرنے پر مشاورت ہوئی۔ اس ملاقات میں طے پایا کہ آئی ٹی کی ٹیم ضلعی انتظامیہ خضدار کے ساتھ مل کر شہر کے مختلف مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کا کہنا تھا کہ خضدار میں سیف سٹی پروجیکٹ کا بنیادی مقصد جرم کی روک تھام اور شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ اس منصوبے کے تحت سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سے مجرمان کی شناخت اور ان کی گرفتاری میں مدد ملے گی۔ ڈپٹی کمشنر خضدار نے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم کو یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ اس منصوبے میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس منصوبے کے تحت کیے جانے والے اقدامات اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوں گے۔ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ڈپٹی کمشنر خضدار کو مطلع کیا کہ وہ شہر کے اہم مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرے گی۔ اس سے شہر میں جرم کی وارداتوں میں کمی اور شہریوں کی حفاظت میں اضافہ ہوگا۔

دالبندین، نیوز میڈیا اتھری نمائندگان آریان مینگل نہال خان قاضی میر احمد محمد دانی مظاہرین سے خطاب کررہے ہیں

آزادی صحافت کے دن پر صحافیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، میر نعیم
اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر حق اور سچ کی راہ میں قربانیاں دیں، صوفی خاوند بخش چنہ

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے یوم صحافت کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ایک آزاد، باوقار اور ذمہ دار میڈیا کو جمہوریت کی مضبوطی کا بنیادی ستون تصور کرتی ہیانہوں نے کہا کہ صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی آنکھ اور زبان ہوتی ہے جو عوام کو باخبر رکھنے، حکومتی کارکردگی پر نظر رکھنے اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ان کا مزید ہے کہ پاکستان کی صحافت نے ہمیشہ مشکل حالات میں اپنے فرائض انجام دیے، چاہے وہ آمریت کا دور ہو یا دہشت گردی کے خلاف جنگ، صحافیوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر سچ اور حقائق کو عوام تک پہنچایا، اس موقع پر ان تمام صحافیوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر حق اور سچ کی راہ میں قربانیاں دیں۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے یہ یقین دہانی کروائی کہ موجودہ حکومت صحافیوں کے تحفظ، ان کے حقوق، اور صحافتی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت آزادی اظہار رائے کو ایک آئینی حق سمجھتی ہے اور کسی بھی ایسے قانون یا اقدام کی حمایت نہیں کرے گی جو آزادی صحافت پر قدغن لگانے کا باعث بنے۔

اوستا محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا
پی ایچ ای پانی کی فراہمی میں ناکام، شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

استا محمد (نمائندہ خصوصی) اوستا محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کا شدید بحران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام شدید گرمی میں شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئے پانی کی فراہمی کے لیے کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود پانی کی فراہمی ممکن نہ ہو سکا حکام بالا اس جانب نوٹس لے عوامی حلقوں کا مطالبہ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دور جدید میں بھی اوستہ محمد کے شہری پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے جان کالونی بلوچ اسٹریٹ محمودی چانڈیو محلہ مری محلہ یعقوب محلہ تحسین آباد قربان کالونی بصرہ گلی عید گاہ محلہ شدید گرمی میں کربلا کا منظر پیش کر رہا ہے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے افسران خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے ہیں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبائی وزیر لائیو سٹاک ایم پی اے اوستا محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مقامی افسران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرکے پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

صوبائی حکومت بیروزگاری کے خاتمے کیلئے اقدامات کر رہی ہے، بابا غلام رسول
عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ کابینہ ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے
روزگار فراہم کرنے کیلئے بڑی تعداد میں نوجوانوں کو سعودی عرب جرمنی و دیگر ممالک بھیجا ہے، مشیر محنت و افرادی قوت

نصیر آباد (خ ن + نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت بیروزگاری کے خاتمے کے لیے بہتر معنوں میں اقدامات کر رہی ہے نوجوانوں کو حکومتی سطح پر روزگار فراہم کرنے کے لیے ہم نے بڑی تعداد میں سعودی عرب جرمنی و دیگر ممالک بھیجا ہے تاکہ وہ باعزت طریقے سے روزگار کر کے خود کفیل بن سکیں اس اقدام سے سینکڑوں گھروں کے چولہے جلیں گے اور غربت کا خاتمہ ممکن ہوگا 150 مزید ویزے جاری کئے گئے ہیں جبکہ دیگر نوجوانوں کو جرمنی کی زبان کا عبور دینے کے لیے بھی کام جاری ہے تاکہ یہاں سے جانے والے لوگوں کو جرمنی میں مشکلات درپیش نہ آئیں مزید تین کمپنیوں کو ٹینڈرز جاری کئے گئے ہیں جو مزید نوجوانوں کو جاپان آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک بھیجا جائے گا اس عمل کے وسیع تر بہتری کے نتائج برآمد ہوں گے ہماری خدمت کا تسلسل جاری ہے ان شاء اللہ صوبے اور علاقے کی عوام کے لیے مزید وسیع تر اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بابا عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیف میر ممتاز خان عمرانی محمد اشرف عمرانی علامہ عبدالحکیم انقلابی مستری مزدور یونین کے صدر ہارون الرشید جکھرانی سمیت بڑی تعداد میں سیاسی قبائلی وعلاقہ معتبرین موجود تھے

تاجر سیتل داس کی عدم بازیابی پولیس کی بدترین نااہلی ہے، علامہ ظفر عباس
پرامن اور شریف شہری کا اس طرح لاپتہ ہونا پر پولیس کی خاموشی قابل تشویش ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے صدر علامہ سید ظفر عباس شمسی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے معروف تاجر سیتل داس کی 7 روز گزرنے کے باوجود عدم بازیابی پولیس کی بدترین نااہلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پرامن اور شریف شہری کا اس طرح لاپتہ ہونا اور پولیس کی خاموشی قابل تشویش ہے۔ علامہ ظفر عباس شمسی نے ان خیالات کا اظہار ڈی سی چوک پر قائم احتجاجی کیمپ کے دورے کے دوران سیتل داس کے ورثا سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے حکومت بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر سیتل داس کو بازیاب کرائیں اور مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

TENDER NOTICE

The Upscaling of green pakistan programme forest component quetta (M&E) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-242505699222 **Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee Rs.1000/-**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Editorial and Design and Graphic and Fine Art Services (Total Item(s) Count: 1)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 3,000,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.3,000,000 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Audit report for Last 3 Years Fresh Bank Balance Statement of the firm. Green Challan 1000 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 19 May, 2025till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System **Address:** Office of PD UGPP (TBTTP)Forest Spini Road Quetta
Phone no: 3337816543 Email: kakarfarooq7@gmail.com

Conservator of Forest (M&E) Upscalling, GPP (TBTTP)-Forestry Balochistan Quetta.
PRQ No.4249/03-05-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

صحبت پور ماجھی پور، آوارہ کتوں نے لوگوں کو کاٹنا شروع کر دیا
ماجھی پور (آن لائن) صحبت پور ماجھی پور اور گردونواح کے علاقوں میں آوارہ کتوں نے لوگوں کو کاٹنا شروع کر دیا سکول جانے والے بچوں کے والدین پریشان سرکاری ہسپتالوں میں ویکسینیشن ناپید سگ گزیدگی کے واقعات میں اضافہ جبکہ کتا مار مہم بھی التوا کا شکار تفصیلات کے مطابق صحبت پور ماجھی پور اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار کی وجہ سے شہری پریشان ہو گئے اور روز بچے بزرگ اور خواتین ان کتوں کے کاٹنے کی وجہ سے پرائیویٹ میڈیکلوں سے انجیکشن خریدنے پر مجبور ہو گئے، کتا مار مہم کئی سالوں سے نہ ہونے کی وجہ سے ان کی نسل میں بے تحاشہ اضافہ دیکھنے کو ملا ہے مگر تاحال کمیٹی صحبت پور اس بارے میں کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں کر سکی جسکی وجہ سے بچے بزرگ اور خواتین گھروں میں محصور ہو گئے شہری و دیہاتی آبادیوں میں کتے غول کی طرح نظر آتے ہیں جس کی وجہ سے سگ گزیدگی کے واقعات میں اضافہ ہوتا جار ہا شہری وعلاقائی آبادیوں میں رہنے والے مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر خدا نخواستہ کتے کے کاٹنے کا کوئی واقعہ رونما ہوا تو اس کی ایف آئی آر تمام ذمہ داران کے خلاف کی جائے گی عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر کتا مار مہم شروع کرنے کے علاوہ تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاگ بائٹس انجیکشن بھی فراہم کریں۔

بعدالت جناب محمد نعیم داوی صاحب ایڈیشنل سیشن جج V کوئٹہ
مثل نمبر 04/25
محمد طاہر بیگ ولد مختار احمد بیگ بنام سیف اللہ ولد محمد سعید (دعویٰ ریکوری 37/142 اول)
اشتہار بنام:۔ سیف اللہ ولد محمد سعید سکنہ مکان نمبر 52/18 نواں کلی کوئٹہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 9/5/2025 کو مقرر ہو چکی ہے جس میں مدعا علیہ سیف اللہ ولد محمد سعید نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار سیف اللہ ولد محمد سعید کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 28/2/2025 کو میرے مہر عدالت سے جاری ہوا ہے
سندھ ADVT ....

بعدالت جناب سول جج 6 صاحب کوئٹہ
مثل نمبر 39/2024 آئندہ سماعت 5/5/2025
بمقدمہ:۔ محمد ہاشم بنام عبدالغنی وغیرہ (دعویٰ دیوانی)
اشتہار بنام:۔ عبدالغنی خان ولد عبدالقدوس سکنہ کلی گل محمد یاسین زئی ہاؤس کوئٹہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا مورخہ 5/5/2025 کے لئے عدالت ہذا میں مقرر ہے مقدمہ ہذا متعدد نوٹسز بنام مدعا علیہ عبدالغنی جاری کیئے گئے جو کہ تعمیل نہ ہو سکے لہٰذا اس بابت اشتہار بنام مدعا علیہ عبدالغنی خان ولد عبدالقدوس جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ مقررہ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار آج بتاریخ 3/5/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا
61279

پبلک نوٹس
غیر رجسٹرڈ موبائل ڈیوائسز کے استعمال سے گریز کریں: محفوظ رہیں
پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جے وی اور ڈپلیکیٹ یا کلونڈ موبائل ڈیوائسز پی ٹی اے کے ڈیوائس آئی ڈینٹیفکیشن، رجسٹریشن اینڈ بلاکنگ سسٹم (DIRBS) سے رجسٹرڈ نہیں ہیں جن کا استعمال آپ کیلئے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔

غیر رجسٹرڈ موبائل ڈیوائسز کے نقصانات:
- پی ٹی اے ریگولیشنز کی خلاف ورزی
- غیر محفوظ صارف ڈیٹا اور نجی معلومات
- قومی سیکیورٹی کیلئے خطرہ
- مالی اور سائبر فراڈ
- موبائل نیٹ ورک کی کارکردگی متاثر

پاکستان میں صرف ایسے موبائل فونز کی قانونی طور پر اجازت ہے جو فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو تمام لاگو ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد ڈی آئی آر بی ایس (DIRBS) کے ذریعے پی ٹی اے سے منظور شدہ ہیں۔ پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ، 2016 کے تحت غیر رجسٹرڈ جے وی اور ڈپلیکیٹ یا کلونڈ موبائل ڈیوائسز کی خرید و فروخت یا تشہیر قابل گرفت جرائم ہیں۔
فیڈرل انویسٹیگیشن ایجنسی (ایف آئی اے) پی ٹی اے کے تعاون سے ایسی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف درج ذیل اقدامات اٹھا رہی ہے۔
- چھاپے اور گرفتاریاں
- غیر قانونی موبائل فونز کی ضبطگی
- سزائیں

عوام الناس کو کہا جاتا ہے کہ غیر رجسٹرڈ موبائل ڈیوائسز کی خرید و فروخت سے اجتناب کریں اور ایسی سرگرمیوں کو درج ذیل لنکس کے ذریعے فوری رپورٹ کریں۔
https://complaint.fia.gov.pk | http://www.pta.gov.pk
محفوظ و مربوط ڈیجیٹل پاکستان کی تشکیل میں ہمارا ساتھ دیں
پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی
پی ٹی اے ہیڈ کوارٹرز، F-5/1، اسلام آباد۔ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/ PTAofficialpk
PID (I) No.7517/24

پی ایس ایل: ٹرافی کے حصول کی دوڑ، اسلام آباد یونائیٹڈ 10 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر آگئی

پی ایس ایل میچز پر پابندی کا جواب، آئی پی ایل پاکستان میں بند

ایشین گیمز آئندہ سال 19 ستمبر سے 4 اکتوبر تک ہوں گے

امکان ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ایشین گیمز 2026 میں کرکٹ کی شمولیت سے متعلق باقاعدہ طور پر تصدیق رواں ہفتے ہوگی۔ اس حوالے سے اولمپک کونسل آف ایشیا اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ ہوگا۔ ایشین گیمز آئندہ سال 19 ستمبر سے 4 اکتوبر تک ہوں گے۔

پاکستان کے شہیر آفریدی نے بھارتی باکسر کو عبرتناک شکست دے دی

آئی پی ایل اکھاڑا بن گئی، میچ کے دوران تھپڑ کے بعد لات مارنے کا واقعہ

...(آئی پی ایل) کو کرکٹ کی جگہ کھلاڑیوں نے ریسلنگ کا میدان سمجھ لیا، تھپڑ کے ایک اور کرکٹر نے ساتھی کھلاڑی کو لات دے ماری۔ گزشتہ روز احمد آباد میں کھیلے گئے میچ میں گجرات ٹائٹنز اور سن رائزرز حیدرآباد کی ٹیمیں مدمقابل تھیں، اس میچ میں پہلے ہوم ٹیم کے کپتان ... بعدازاں حریف ٹیم کے پلیئر ابھیشیک شرما کو میچ کے دوران لات دے ماری۔ اس سے قبل بھارتی کرکٹر کلدیپ یادیو کی اپنے ساتھی کرکٹر رنکو کو میچ کے اختتام پر تھپڑ مارنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر خوب وائرل ہوئی اور انہیں تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

بابر اعظم پی ایس ایل میں ففٹی مکمل کرنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے

ٹاپ سیڈڈ آریانا سبالینکا اور کوکو گف میڈرڈ اوپن ٹینس ویمنز سنگلز سیمی فائنل میں داخل

میڈرڈ (آن لائن) بیلاروس کی نامور ٹینس سٹار عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی ٹاپ سیڈڈ آریانا سبالینکا اور امریکی نامور ٹینس سٹار، ایونٹ کی فورتھ سیڈڈ کوکو گف ڈبلیو ٹی اے میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں میں اپنی فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، ایونٹ کی سیکنڈ سیڈڈ اور پانچ گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح آئیگا شوائتک سیمی فائنل راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہو گئیں۔ 26 سالہ بیلاروسی ٹینس سٹار آریانا سبالینکا نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ٹاپ 4 میچ میں یوکرین کی حریف کھلاڑی ایلینا سویٹولینا کو مات دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ 21 سالہ امریکی ٹینس سٹار کوکو گف نے سیمی فائنل میچ میں 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار آئیگا شوائتک کو شکست دی۔

ڈبلیو ڈبلیو ای ریسلر سیتھ رولنز کا مشہور کوٹ پاکستانی نکلا، سوشل میڈیا پر چرچے

گولڈن پیکاک کے نام سے مشہور اوورکوٹ کی قیمت پاکستانی روپوں میں 37 لاکھ 80 ہزار سے زائد ہے

واشنگٹن (آئی این پی) ورلڈ ریسلنگ انٹرٹینمنٹ (ڈبلیو ڈبلیو ای) میں معروف ریسلر سیتھ رولنز کے پاکستانی کوٹ پہننے پر چرچے ہونے لگے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گولڈن پیکاک کے نام سے مشہور اوورکوٹ کی قیمت 13 ہزار 500 ڈالر (پاکستانی روپوں میں 37 لاکھ 80 ہزار سے زائد) ہے، جو ورات برانڈ کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ کوٹ نیلے مخملی کپڑے سے تیار کیا گیا ہے اور اس پر روایتی فن دبکہ (سیلائی اور کڑھائی کا فن) کو استعمال کرتے ہوئے نقش نگاری کی گئی ہے۔

لاہور، پی ایس ایل میں لاہور قلندر کے بلے باز کیشن بولنڈ ہو رہے ہیں

محمد عامر ایک بار پھر ایسیکس کاؤنٹی کا حصہ بن گئے

لاہور (آئی این پی) مایہ ناز فاسٹ بولر محمد عامر کو ایک بار پھر انگلش کاؤنٹی ایسیکس نے اپنی ٹیم کا حصہ بنالیا، وہ رواں سال بلاسٹ ٹی 20 میں کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق محمد عامر ایک بار پھر ایسیکس کاؤنٹی کے اسکواڈ کا حصہ بن گئے، قومی ٹیم کے سابق فاسٹ بولر بلاسٹ ٹی 20 میں ایسیکس کی نمائندگی کریں گے۔ تجربہ کار فاسٹ بولر محمد عامر 2017 سے 2019 تک تین سیزن ایسیکس کیلئے کھیل چکے ہیں، عامر نے ایسیکس کی جانب سے 21 میچز میں 24 وکٹیں حاصل کیں، 2019 میں عامر کی کارکردگی کے دوران ایسیکس نے ٹی 20 بلاسٹ اور کاؤنٹی چیمپئن شپ جیتی تھی۔ محمد عامر کا کہنا ہے کہ ایسیکس میرے لیے گھر جیسا ہے، شائقین کا پیار ہمیشہ یاد رہے گا۔ ایسیکس کے ڈائریکٹر کرکٹ کرس سلور وڈ نے محمد عامر کو اسکواڈ میں شامل کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔ محمد عامر ٹی 20 بلاسٹ کے گروپ مرحلے میں مکمل دستیاب ہوں گے جبکہ ممکنہ طور پر ناک آؤٹ مرحلہ بھی کھیلیں گے۔

انگلینڈ کی فٹ بال ایسوسی ایشن نے ٹرانس جینڈر کو خواتین کی کیٹگری سے نکال دیا

ایف اے نے اپنی پالیسی کو ختم کر دیا اور اب صرف وہی خواتین کھیل سکیں گی جو حیاتیاتی طور پر عورت پیدا ہوئی ہوں

لندن (آئی این پی) انگلینڈ کی فٹ بال ایسوسی ایشن (ایف اے) نے اعلان کیا ہے کہ یکم جون سے ٹرانسجینڈر خواتین ویمن فٹ بال میچز میں حصہ نہیں لے سکیں گی۔ ایف اے نے 11 اپریل کو اپنے قواعد میں تبدیلی کی تھی، جس میں ٹرانسجینڈر خواتین کے لیے خواتین کے فٹ بال میں کھیلنے کے لیے سخت شرائط عائد کی گئی تھیں۔ لیکن برطانیہ کی سپریم کورٹ کے 15 اپریل کے فیصلے کے بعد جس میں خواتین کی قانونی تعریف حیاتیاتی جنس پر رکھی گئی، ایف اے نے اپنی پالیسی کو ختم کر دیا اور اب صرف وہی خواتین کھیل سکیں گی جو حیاتیاتی طور پر عورت پیدا ہوئی ہوں۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق ایف اے کا کہنا ہے کہ یہ ایک پیچیدہ معاملہ ہے اور اگر قانون، سائنس یا پالیسی میں کوئی اہم تبدیلی آتی ہے تو وہ اس کا جائزہ لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ ٹرانسجینڈر خواتین کے لیے مشکل ہو گا۔ فی الحال انگلینڈ میں صرف 30 سے کم ٹرانسجینڈر خواتین رجسٹرڈ ہیں اور ایف اے ان سے رابطہ کر رہا ہے تاکہ انہیں تبدیلیوں کے بارے میں آگاہ کیا جا سکے۔ سکاٹش فٹ بال ایسوسی ایشن بھی ایف اے کے فیصلے کی پیروی کرتے ہوئے ٹرانسجینڈر خواتین پر پابندی لگانے والی ہے۔ بی بی سی سپورٹ کے مطابق انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ (ای سی بی) بھی خواتین کی کرکٹ میں ٹرانسجینڈر کھلاڑیوں پر پابندی لگانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اسی طرح انگلینڈ نیٹ بال نے بھی اپنی گائیڈ لائنز تبدیل کر دی ہیں اور ٹرانسجینڈر خواتین کو خواتین کی کیٹیگری سے خارج کر دیا ہے۔

میچ کے دوران اسٹینڈ میں بیٹھا تماشائی 20 فٹ کی بلندی سے گر گیا

تماشائی کو شدید چوٹیں آئیں، واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں بیس بال میچ کے دوران اسٹینڈ میں بیٹھا تماشائی بیس فٹ کی بلندی سے زمین پر گر گیا۔ امریکا میں میجر لیگ میں بیس بال لیگ کا میچ جاری تھا اس دوران تماشائی جو اسٹینڈ میں بیٹھا میچ سے لطف اندوز ہو رہا تھا اچانک 20 فٹ بلندی سے نیچے آگرا۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ایمبولینس کے ذریعے تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا۔

پاک بھارت تنازع، ایشیائی والی بال چیمپئن شپ پاکستان سے ازبکستان منتقل ہوگئی

پاک بھارت کشیدگی کی وجہ سے ایونٹ کی ٹیمیں ہچکچاہٹ کا شکار تھیں، پاکستان والی بال فیڈریشن نے ایونٹ کی پاکستان سے منتقلی کی تصدیق کردی

ایشین والی بال چیمپئن شپ اب 29 مئی سے ازبکستان میں شروع ہوگی اس سے پہلے انہی تاریخوں میں یہ اہم مقابلے اسلام آباد میں منعقد ہونے تھے

اسلام آباد (این این آئی) سینٹرل ایشین والی بال چیمپئن شپ پاکستان سے ازبکستان منتقل کر دی گئی۔ ایونٹ کو پاک بھارت تنازع کی وجہ سے پاکستان سے منتقل کیا گیا ہے۔ ایونٹ پہلے 29 مئی سے اسلام آباد میں منعقد ہونا تھا اب ان ہی تاریخوں میں ازبکستان میں ہوگا۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کی وجہ سے ٹیمیں پاکستان آنے میں ہچکچاہٹ کا شکار تھیں۔ پاکستان والی بال فیڈریشن نے ایونٹ کی پاکستان سے منتقلی کی تصدیق کردی۔ ایونٹ کی منتقلی کا فیصلہ گزشتہ دنوں نیپال میں سینٹرل ایشین والی بال فیڈریشن کے اجلاس میں ہوا۔

میچ کے دوران اسٹینڈ میں بیٹھا شائق 20 فٹ بلندی سے گر گیا

اسلام آباد (این این آئی) بیس بال میچ کے دوران اسٹینڈ میں بیٹھا ایک شائق 20 فٹ بلندی سے گر گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 30 اپریل کو امریکی ریاست پٹسبرگ میں کھیلے جا رہے بیس بال مقابلے میں ایک شائق کو اسٹینڈ سے گرتے ہوئے دیکھا گیا تھا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق بلیچرز ٹیم کا مداح 20 فٹ (تقریباً 7 میٹر) اونچائی سے گرا، جس کے باعث شدید زخمی ہوا۔ میچ کے دوران شائق کے گرنے کے بعد ایمبولینس کے ذریعے اسے فوری اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے تاہم اس کی حالت نہایت تشویشناک ہے۔ دوسری جانب واقعے کے بعد کھلاڑیوں نے شائق کیلئے ہمدردی کا اظہار کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

عطا محمد کاکڑ پر پوری قوم فخر کرتی ہے، حاجی صادق خلجی

بابائے سپورٹس نے پاکستان کے باکسنگ تاریخ میں ملک و قوم کو بین الاقوامی کھلاڑی دیے، عزیز الرحمان

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ سول سوسائٹی سیکرٹری حاجی صادق خلجی نائب صدر عزیز الرحمان نے کوئٹہ میں 10 مئی کو باکسنگ مقابلوں کے موقع پر باکسنگ کے بانی اور ورلڈ کلاس باکسروں کے لیجنڈ استاد بابائے سپورٹس عطا محمد کاکڑ کا نام کسی کو بھی نظر نہیں آیا جس نے محمد وسیم اور ملا چکہ جیسے باکسروں کی بنیادی تربیت کی ہے پاکستان کے باکسنگ تاریخ میں ملک و قوم کو بین الاقوامی کھلاڑی دیے ان کی اعلیٰ کوچنگ کے بدولت بہت سے باکسر اولمپین بنے۔ عطا محمد کاکڑ پر پوری قوم فخر کرتی ہے۔ باکسنگ کے بانی اور اولمپکس عبدالرشید بلوچ، اور شعیب چوہدری ان کے بنے ہوئے ہیرو ہیں ان کو تراشا کو ہر نایاب پیدا کئے ہمارے اندازے کے مطابق عطا محمد کاکڑ خود نہیں جائیں گے کیونکہ ہمیں پتہ ہے کہ وہ ایک بااصول اور تاریخی حیثیت کے مالک ہے۔

کپتانوں کو ایک کمرے میں بند کردیں پھر سپورٹ مانگیں، عمر اکمل کا انوکھا مشورہ

تیز کھیلا تو وقار نے کہا ٹی 20 بنالی، آؤٹ ہوا تو کہا تمہاری ٹی 20 کہاں گئی، گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستانی کرکٹر عمر اکمل نے کہا ہے کہ ٹیم میں پانچ کپتان تو میری آنکھوں کے سامنے تبدیل ہوگئے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے عمر اکمل نے کہا کہ اگر شاہین آفریدی، بابر اعظم، محمد رضوان، آغا سلمان اور شاداب خان پلیئنگ الیون کا حصہ بن گئے تو کیا ٹیم اچھی کارکردگی دکھا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان پانچوں کو بند کمرے میں بٹھا دیں۔

پاک بھارت کشیدگی، ایشیا کپ کا مستقبل تاریکی میں ڈوبنے لگا

تبادل سیریز کیلئے بھارت آسٹریلیا کے ساتھ اضافی میچز کھیلنے کا اعلان کرسکتا ہے

لاہور (این این آئی) پہلگام واقعے کے بعد بھارتی کرکٹ ٹیم کے دورہ بنگلادیش اور ایشیا کپ 2025 کا مستقبل غیریقینی صورتحال کا شکار ہوگیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پہلگام واقعے کے بعد پاک بھارت ممالک کے درمیان بڑھتی کشیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے 3 ون ڈے میچز اور 3 ٹی 20 میچز پر مشتمل سیریز کو ملتوی کیا جاسکتا ہے۔

گوادر، جی ڈی اے کی شعبہ باغبانی کی جانب سے بابائے قوم اقبال اسٹیڈیم میں سبزہ زار کی بحالی کا کام شروع کر دی گئی ہے

پہلگام واقعہ پر آفریدی کا ایک بیان؛ بھارتیوں کی نیندیں حرام کرگیا

سابق کپتان کے بیان پر جواب دینا بھارتی باکسر گورو بیدھری کو مہنگا پڑ گیا

لاہور (آن لائن) پہلگام واقعہ پر قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کے بیان پر سابق کرکٹر شیکھر دھون اور ملک مخالف بیانات کیلئے مشہور دانش کنیریا کے بعد انڈین باکسر بھی میدان میں آگئے۔ گزشتہ دنوں سابق کپتان شاہد آفریدی نے پہلگام واقعے پر بھارتی فوج کی ناکامی کا ذکر کیا تو بھارتی میڈیا اور کرکٹرز کو آگ لگ گئی، جس کے بعد انتہا پسند نریندر مودی کی حکومت نے ان کا یوٹیوب چینل بھی بند کر دیا، اب ہزیمت کے شکار بھارت نے اپنے باکسر کو بھی پاکستان مخالف بیان دینے پر مجبور کر دیا۔

کرکٹ میں سیاست نہیں ہونی چاہیے، محمد رضوان

مجھے نہیں پتا پاکستان بھارت کا کیا ہو رہا ہے، میں سوشل میڈیا نہیں دیکھتا

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے کہ کرکٹ میں سیاست نہیں ہونی چاہیے اور مجھے نہیں پتا پاکستان بھارت کا کیا ہو رہا ہے، میں سوشل میڈیا نہیں دیکھتا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد رضوان نے کہا کہ ہم جب ویرات کوہلی اور جو روٹ سے ملتے ہیں تو ہم کرکٹ فیملی کی طرح ملتے ہیں، ان دونوں کھلاڑیوں سے سیکھتے ہیں اور ہم بھی انہیں بتاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کنڈیشنز کے مطابق ٹیم کا انتخاب کیا جاتا ہے، سب ٹیموں نے اسپنرز کا انتخاب کیا ہے، ہم ٹورنامنٹ سے باہر ہوچکے، باہر ہونے کے ہم حقدار تھے، غلطیاں تو ہوئی ہیں، فیلڈنگ میں مومینٹم نہیں حاصل کیا۔ محمد رضوان کا کہنا تھا کہ میں یہ کیوں کہ مجھ پر پریشر نہیں یہ جھوٹ ہوگا، پاکستان ٹیم کا دباؤ ہے، میں ٹیم کا کپتان ہوں لوگ دیکھ رہے ہیں اور اس کا دباؤ ہے، ملتان ٹیم کا دباؤ بھی ہے جس میں یہ دباؤ لینا چاہیے، اپنی غلطیوں کو دور کرنا چاہیے۔

دنیا بھر میں 3 مئی کو صحافت کا عالمی دن منایا جاتا ہے

یہ دن ہمیں اس پیشے سے وابستہ افراد کی قربانیوں کی یاد دہانی کراتا ہے

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) 3 مئی صحافت کا عالمی دن۔ دنیا بھر میں 3 مئی کو صحافت کا عالمی دن منایا جاتا ہے ایک ایسا دن جو ہمیں اس مقدس پیشے کی اہمیت اس سے وابستہ افراد کی قربانیوں اور بنیادی مقصد کی یاد دہانی کراتا ہے صحافت صرف خبریں دینے کا عمل نہیں بلکہ یہ عوام کی آنکھ، کان اور زبان ہے یہ وہ مقدس ذمہ داری ہے جو سچ کے ذریعے ظلم کو للکارتی ہے ایک صحافی کے الفاظ قلم سے نکل کر تخت و تاج ہلا سکتے ہیں اور مظلوم کی آہ بن کر انصاف کے دروازے کھٹکھٹا سکتے ہیں کلمۂ حق لکھنا آسان نہیں خاص طور پر جب گولی، دھمکی، اور سازش جیسے اندھیروں کا سامنا ہو لیکن ایک سچا صحافی قلم کو تلوار بناتا ہے اور جھوٹ کے قلعے مسمار کرتا ہے صحافت صرف دفتر یا کیمرے تک محدود نہیں رہی بلکہ یہ اب میدان، گلی، تھانہ، عدالت اور سرحد تک پھیل چکی ہے آج بھی صحافی اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر سچ کی تلاش میں نکلتے ہیں تاکہ قوم کو وہ حقائق بتاسکیں جو چھپائے جا رہے ہوں عالمی یوم صحافت کے موقع پر ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ کیا آج کا صحافی آزاد ہے؟ کیا وہ بغیر خوف کے سچ لکھ سکتا ہے؟ کیا اسے مکمل تحفظ حاصل ہے؟ ان سوالات کا جواب اگر "نہیں" ہے تو یہ صرف صحافی برادری ہی نہیں بلکہ پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے صحافت ایک مشن ہے نوکری نہیں یہ وہ چراغ ہے جو اندھیروں میں روشنیاں بانٹتا ہے اور جب کوئی چراغ سچ کے ایندھن سے جلتا ہے تو وہ لاکھ طوفانوں کے باوجود بجھتا نہیں آخر میں اپنے تمام صحافی بھائیوں کو سلام پیش کرتا ہوں جو حق گوئی کے راستے پر چل رہے ہیں۔ آیئے! آج کے دن یہ عہد کریں کہ ہم صحافت کو بددیانتی، جانبداری اور جھوٹ سے پاک رکھتے ہیں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور سچ کی طاقت ہمارا ہتھیار اور عوام کی بھلائی ہماری منزل رہے گی۔

لسبیلہ، ڈی سی حمیرہ بلوچ کو ہنگلاج ماتا مندر کے میلہ میں آرگنائزر سووینئر پیش کر رہے ہیں

انور دھرپالی کی قیادت میں تحریک انصاف میں گرینڈ شمولیتی پروگرام

نئے شامل ہونے والوں کو مبارکباد پیش کی، پارٹی مفلر پہنا کر خوش آمدید کہا

نصیرآباد (نامہ نگار) سٹی صدر پاکستان تحریک انصاف ڈیرہ مراد جمالی انور علی دھرپالی و جنرل سیکرٹری نوید احمد سیال کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف نصیرآباد کے ضلعی سیکرٹریٹ میں گرینڈ شمولیتی پروگرام منعقد ہوا پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا نصیرآباد کے کپتان بلبل امداد سالانی سٹی صدر انور علی دھرپالی جنرل سیکرٹری نوید احمد سیال سینئر اقلیتی رہنما جگدیش کھرانہ ڈویژنل نائب صدر ریاض جان سیال ڈویژنل اقلیتی سیکرٹری وشال کمار کھیمانی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی نصیرآباد اخلاق احمد مینجھو پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر ولی داد بزدار غلام مرتضیٰ جتوئی محمد عارف سیال سکندر علی تمیو و دیگر نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد پیش کی اور انہیں پارٹی مفلر پہنا کر خوش آمدید کہا نئے شامل ہونے والے ساتھیوں میں علی اصغر شاہوانی حسین بخش سولنگی سرفراز علی سولنگی محمد صلاح بہرانی جمیل احمد سولنگی بلاول حسین جھنو محب علی دھرپالی بشیر احمد ڈوکی مومن علی ڈوکی علی دوست سولنگی دوست علی راہیجہ ظفر اللہ عمرانی ظفر اللہ راہیجہ احسان علی دھرپالی علی مراد لہر عبدالغفار ڈوکی محمد جان دھرپالی محمد حاکم سولنگی ڈاکٹر منظور احمد تجھو رجب علی مینگل شاہ محمد ہاشمی شریک تھے اس موقع پر سٹی عہدے داران و کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی جاگر ایاز رند انفارمیشن سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف سٹی ڈیرہ مراد جمالی

موبائل ویٹرنری کیمپس کا دائرہ کار تمام ضلع تک بڑھایا جائے، محمد رحیم

محکمہ لائیو سٹاک کی ان کوششوں کی بدولت مالداروں کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے

اورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیو سٹاک آفیسر محمد رحیم نیازی نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر حیوانات سردارزادہ فیصل خان جمالی، سیکرٹری لائیو سٹاک محمد طیب لہڑی، ڈی جی لائیو سٹاک ڈاکٹر فاروق ترین نے بیماریوں کی انسداد کیلئے محکمے کو وسائل کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے ہدایت کی ہے اور کہا ہے کہ موبائل ویٹرنری کیمپس کا دائرہ کار تمام ضلع تک بڑھایا جائے جس پر محکمہ لائیو سٹاک لورالائی کی ٹیموں نے تحصیل میختر، سور غنڈ، پٹھجن، درگی سرگٹ، شبوزی، دوسڑک، انمبر گ جلا لزئی اور دیگر علاقوں میں فری موبائل ویٹرنری کیمپس کا کامیاب انعقاد کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ لائیو سٹاک آفیسر ڈاکٹر محمد رحیم نیازی نے کہا کہ گزشتہ روز تحصیل ملک سکنی حمزہ زئی خازہ، سیان ندی کے مقامات پر ان کی ہدایت پر لائیو سٹاک آفیسر ڈاکٹر سید اسفند یار خان اور دیگر لائیو سٹاک کے عملے نے موبائل ویٹرنری میڈیکل کیمپ لگایا گیا تمام چھوٹے بڑے جانوروں کی ویکسینیشن کی گئی اور مقامی مالداروں کو تمام طبی سہولیات فراہم کی گئی اور یہ سلسلہ جاری ہے اور محکمہ لائیو سٹاک کی ان کوششوں کی بدولت مالداروں کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا ہے

میونسپل سروسز کی بہتر فراہمی کیلئے کارپوریشن کا عملہ متحرک ہے، نصیب ترین

حب (خ ن) چیف افسر میونسپل کارپوریشن حب نصیب اللہ ترین نے کہا ہے کہ ضلع حب میں میونسپل سروسز کی بہتر فراہمی کیلئے میونسپل کارپوریشن کا عملہ متحرک ہے حب سٹی کے مختلف ایریاز سے ہزاروں ٹن کچرا روزانہ کی بنیاد پر اٹھایا جارہا ہے صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹیو انڈسٹریز میر علی حسن زہری کی ہدایت پر حلقہ انتخاب کے حب ٹاؤن میں ترقیاتی منصوبوں کیساتھ میونسپل سروسز کی بہتر فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اللہ آباد ٹاؤن ڈاکخانہ روڈ گلشن امیر آباد کے سرپرائز وزٹ کے دوران بلدیاتی کونسلران اور علاقائی عمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

پنجگور کے کاروباری تاجر چوروں ڈاکوؤں کے نرغے میں ہیں سال پورا ہوتے ہیں

پنجگور (آن لائن) تاجران ترازو چینل کے ترجمان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پنجگور کے کاروباری تاجر چوروں ڈاکوؤں کے نرغے میں ہیں سال پورا ہوتے ہیں تاجران گرانیوں میں اضافے اور کاروبار میں سستی آئے روز چور ڈاکوؤں کی لوٹ مار سے شدید پریشان ہیں ان اس پریشانی کے حل میں وہ بے یار و مددگار ہیں موجودہ انجمن تاجران کمیٹی صرف دو شخص تک محدود ہو کر رہ گئی ہے جو کام انکا ہے وہ نظر نہیں آتے ہیں جو کام انکا نہیں ہے وہ دلچسپی لیتے دکھائی دیتے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ہول سیلرز ڈیلرز کے کونے کونے غیر متعلقہ افراد کا قبضہ چیک پوسٹوں پر بھتے کی بھرمار سے پنجگور میں مزید کاروبار کرنا مشکل ہوتا ہوا نظر آتا ہے

والبندین ماسٹر پلان کے نام پر شہر کھنڈرات بن چکا ہے

چاغی (آن لائن) دالبندین ماسٹر پلان کے نام پر شہر کھنڈرات بن چکا ہے۔ شہر کے ایک حصے میں سڑک تعمیر کی گئی ہے جبکہ دوسری جانب چھوڑ دی گئی ہے، جس کی وجہ سے تاجر برادری اور عوام کئی سالوں سے پریشان ہیں۔ ماسٹر پلان دالبندین شہر کے لیے ایک معمہ بن چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کے دور حکومت میں، سابق صوبائی وزیر عارف جان محمد حسنی نے دالبندین شہر کو ماڈل سٹی بنانے کے لیے ماسٹر پلان منظور کرایا تھا۔ ماسٹر پلان کے تحت شہر میں نکاسی آب کے لیے سیوریج سسٹم بنایا گیا تھا، مگر سسٹم ادھورا چھوڑ دیا گیا۔ اسی دوران، مرکزی ہائی اسکول کی دیواریں اور متعدد کلاس رومز توڑ دیے گئے، اور نئی دیواریں تعمیر کی گئیں۔ اس کے ساتھ ایک مسجد شریف بھی بنائی گئی، اور ایک بہت بڑی ہال تعمیر کی گئی، جہاں ضلع کے تمام سرکاری پروگرامز منعقد ہوتے تھے۔ دوسری جانب اسی طرح کا ایک اور ہال تعمیر کیا گیا تاکہ شہر کو خوبصورت بنانے کے لیے ماسٹر پلان کے تحت نالیاں بنانے کا کام شروع کیا گیا تھا، لیکن کچھ عرصہ گزرنے کے باوجود یہ کام مکمل نہیں ہو سکا اور نہ ہی ماسٹر پلان کی حقیقت سامنے آئی۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ دالبندین شہر میں ماسٹر پلان شروع سے ناکام تھا، کیونکہ شہر کے دیگر حصوں میں اس پر کام ہوتا تو شاید یہ کامیاب ہو جاتا۔ المیہ یہ ہے کہ شہر کی تیار سڑک کو توڑ کر ایک سائیڈ پر غیر معیاری سڑک بنائی گئی، جبکہ دوسری جانب مٹی اور دھول کی وجہ سے دکاندار اور شہر کے لوگ سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا فوڈ اتھارٹی ٹیم کے ہمراہ بیکریوں کا معائنہ

ناقص صفائی و معیار پر بھاری جرمانے، تمام بیکریوں کو وارننگ جاری کی

خضدار (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا فوڈ اتھارٹی ٹیم کے ہمراہ مختلف بیکریوں کا معائنہ ناقص صفائی و معیار پر بھاری جرمانے، تمام بیکریوں کو وارننگ جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کے ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے فوڈ اتھارٹی کے آفیسر ڈاکٹر یاسر کے ہمراہ شہر بھر کی مختلف بیکریوں کا ہنگامی دورہ کیا۔ معائنے کے دوران متعدد بیکریوں میں ناقص صفائی، غیر معیاری اشیاء کی تیاری اور کھانے پینے کے اصولوں کی خلاف ورزیوں کو نوٹ کیا گیا۔ حفظان صحت کے ضوابط کی سنگین خلاف ورزیوں پر فوڈ اتھارٹی نے متعلقہ بیکریوں کو بھاری جرمانے عائد کیے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا کہنا تھا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے کسی کو انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے تمام بیکری مالکان کو ہدایت جاری کی کہ وہ صفائی، معیاری اشیاء کی تیاری، اور فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عمل کریں۔ تمام بیکریوں کو باضابطہ طور پر وارننگ جاری کر دی گئی ہے، اور مستقبل میں خلاف ورزیوں پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی جس میں بیکری سیل کرنے سے لے کر مقدمات تک شامل ہو سکتے ہیں۔ اس موقع پر انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل بھی موجود تھے

بھل صفائی، ترقیاتی کام غیر معیاری ہو رہے ہیں، میر زیب

ٹھیکیدار مقامی زمینداروں سے کوئی مشاورت نہیں کر رہے، جنرل کونسلر

اوستہ محمد (آن لائن) مختلف کینالوں کی بھل صفائی اور ترقیاتی کام غیر معیاری ہو رہے ہیں ٹھیکیدار اپنی مرضی کر رہے ہیں زمینداروں سے کوئی مشاورت نہیں ہو رہی ہے۔ شکایت تفصیلات کے مطابق یونین کونسل نوشکی جدید کے جنرل کونسلر میر زیب حیدر خان چندرانی نے کہا ہے کہ نور پور شاخ گنداخہ شاخ اور نور پور ریگولیٹر کا کام بالکل ناقص اور غیر معیاری کیا جارہا ہے ٹھیکیدار مقامی زمینداروں سے کوئی مشاورت نہیں کر رہا ہے چار دفعہ زمینداروں نے کام کو معیاری کرنے اور غیر معیاری کام کو بند کروادیا لیکن ٹھیکیدار نے من مانی کر کے پھر سے ناقص کام کا سلسلہ جاری کیا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹھیکیدار نے سابق ادوار میں بھی تمام ترقیاتی کام غیر معیاری کیئے ہیں اب بھی ان کا کام گنداخہ میں غیر معیاری ہو رہا ہے نور پور شاخ گنداخہ شاخ اور گنداخہ ریگولیٹر پر ناقص کام کی وجہ سے سارے زمیندار ٹھیکیدار کے خلاف تحصیل گنداخہ میں احتجاج کریں گے انہوں نے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی سے مطالبہ کیا کہ وہ ٹھیکیدار کے ناقص کام کا فوری نوٹس لیں اور موجودہ ٹھیکیدار سے کام واپس لے کر کسی ایماندار ٹھیکیدار کے حوالے کریں تاکہ شاخوں کی بھل صفائی اور گنداخہ ریگولیٹر کا کام زمینداروں کی مشاورت سے ہو سکے بصورت دیگر ٹھیکیدار کے خلاف احتجاج کا دائرہ وسیع ہوگا۔

خضدار، بی این پی عوامی کے منیر احمد زہری منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انفراسٹرکچر کی بہتری سے نصیرآباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا، عبدالرحمٰن کاکڑ

ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت سے پہلے مکمل کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں

چھتر (این این آئی) انفراسٹرکچر کی بہتری سے ضلع نصیرآباد ترقی کی جانب گامزن ہوگا ضلع کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے یہ پسماندہ علاقے ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہونگے اور ان کا رابطہ شہروں سے ہوگا محکمہ مواصلات وتعمیرات نصیرآباد کے تمام آفیسران ضلع بھر کے ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مقررہ وقت سے بھی پہلے مکمل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے رہے ہیں تاکہ ضلع نصیرآباد کے دور افتادہ علاقوں کے عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں ایگزیکٹیو انجینئر روڈز نصیرآباد عبدالرحمٰن کاکڑ نے میڈیا سے گفتگو تفصیلات کے مطابق ایگزیکٹیو انجینئر روڈز نصیرآباد عبدالرحمٰن کاکڑ نے کہا ہے کہ نصیرآباد میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ترجیح ہے صوبائی حکومت مواصلات وتعمیرات میں بہتری اور عوامی فلاح کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے محکمہ مواصلات وتعمیرات نصیرآباد کا عوام کے ساتھ قربتی اور عزت کا رشتہ ہے عوامی اسکیمات کی بروقت اور معیار کے مطابق تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا نصیرآباد میں سفری سہولیات بہتر ہونے سے مسافروں کی آمد و رفت بڑھے گی نصیرآباد میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے محکمہ مواصلات وتعمیرات نصیرآباد تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور کسی بھی منصوبے کے معیار پر سمجھوتہ قابل قبول نہیں ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر مقررہ اس سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ کی اولین ترجیح ہے

خاران شہر میں بدامنی، چوری کی وارداتیں تھم نہ سکی

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران شہر میں چوری کی وارداتیں تھم نہ سکی شاپنگ بازار میں گزشتہ روز جیولری کی دکان میں ڈکیتی کے خلاف شاپنگ بازار کے تاجران کا احتجاج اور بازار میں ریتی چیف چوک احتجاجاً بند اور تاجر برادری کا چوری اور ڈکیتی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا بڑھتی ہوئی چوری کے خلاف فوری اقدامات اور کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خاران شہر میں آئے روز چوری کی وارداتوں میں اضافہ سے لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں پولیس چوروں کے خلاف کارروائی میں ناکام ہو چکی ہیں انہوں نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ وہ خاران میں چوری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں اور لوگوں کے مال کی حفاظت کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور ہے، وڈیرہ بابو فیض شیخ

حب (نمائندہ مشرق) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ بابو فیض شیخ نے کہا ہے کہ عوامی خدمت پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور ہے شہریوں کیلئے چیئرمین آفس کے دفتر ہمیشہ کھلے ہیں شہریوں کی خدمت کے حوالے سے کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں ہوگی ان خیالات کا اظہار چیئرمین میونسپل کارپوریشن نے میونسپل کارپوریشن کے دفتر میں آئے ہوئے عوام کے مسائل سننے اور انکے فوری طور حل کرنے کیلئے متعلقہ انتظامیہ اور حکام کو ہدایات جاری کرنے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر کے پی ایس علی اصغر زہری اور مختلف وارڈز سے تعلق رکھنے والے شہری موجود تھے چیئرمین میونسپل کارپوریشن وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ نے کہا کہ محسن حب صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کی مشاورت سے ضلع حب کی ترقی کیلئے پلان کے تحت اسٹریٹ لائٹ ٹائل بلیک ٹاپ روڈ سیوریج اسکیمات اور مفاد عامہ کے دیگر منصوبوں پر جاری منصوبوں کی تکمیل کے بعد حب سٹی کی تزئین و آرائش کے منصوبوں پر کام کیا جائیگا چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کا کہنا ہے کہ سندھ بلوچستان انٹری پوائنٹ پر جدید طرز تعمیر کی موومنٹ بنانے کیلئے مشاورت جاری ہے ماسٹر پلان میں حب سٹی کے ڈیولپمنٹ کے اہم منصوبے شامل ہیں

میر عبدالکریم لہڑی کی وفات پر تعزیت

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے اپنے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ موسیٰ جیواء کے معروف قبائلی معتبر شخصیت میر عبدالکریم لہڑی کے وفات سے علاقہ ایک عہد ساز سیاسی قدآور قابل انسان سے محروم ہو گئے۔ میر عبدالکریم لہڑی جیسے سیاسی رہنما اور صبر و استقامت کے پیکر مظلوم اقوام کی سیاسی نمونہ تھے۔ مرحوم کے وفات سے پیدا ہونے والے خلاء مدتوں تک پر نہیں ہو سکے میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا میر عبدالکریم لہڑی علاقے میں ہمیشہ رواداری بھائی چارے کی فضاء کو برقرار کرنے کے خواہاں تھے۔ مرحوم کی سیاسی سوچ و فکر یہاں کے عوام کی خوشحالی اور بہتر زندگی کا محور تھے۔ میر عبدالکریم لہڑی جیسے قدآور شخصیت تاریخ کا حصہ ہے ہیں مرحوم علاقہ موسیٰ جیواء گدر سوراب کی ایک توانا اور بلند آواز تھے۔ انکی پوری زندگی وہاں کے اقوام کی حقوق کی جدوجہد میں گزری ہے اور علاقہ کی تاریخ میں انکی گراں قدر خدمات سنہری حروف میں یاد کی جائے گی۔

282 انٹریاں ہمیں کسی صورت قبول نہیں ہے، آریان خان مینگل

انٹریاں انصاف کے تقاضوں کے مطابق تقسیم کرنے کے دعوی میں صداقت نہیں

دالبندین (نامہ نگار) نیو زمیاد انٹری نمائندگان کی جانب سے دالبندین عرب مسجد سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔ ریلی مختلف شاہراہوں پر گشت کرتے ہوئے دالبندین پریس کلب کے سامنے پہنچی۔ ریلی میں بڑی تعداد میں زمیاد مالکان اپنی نمبر پلیٹس کے ساتھ شریک تھے۔ دالبندین پریس کلب کے سامنے نیو زمیاد انٹری نمائندگان اریان خان مینگل، نہال خان سمالانی، قاضی میر احمد محمدانی، وقار کشانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 282 انٹریاں ہمیں کسی صورت قبول نہیں ہیں۔ یہ انٹریاں غریب زمیاد مالکان کے بجائے من پسند افراد کو دی گئی ہیں، جس سے غریبوں کا حق چھینا گیا ہے۔ خطاب میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ روز ایک پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا گیا کہ 282 انٹریاں انصاف کے تقاضوں کے مطابق تقسیم کی گئی ہیں، جو سراسر غلط ہے۔ مقررین نے کہا کہ ضلع کی تمام سیاسی جماعتیں، پنچایت اور علاقے کے قائدین ہمارے لیے قابل احترام ہیں، ہم کسی پر الزام تراشی نہیں کر رہے۔ یہ کوئی سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ ہمارا حق ہے، اور ہم اپنا حق مانگ رہے ہیں۔ ہماری یہی مطالبہ ہے کہ تمام ڈھائی ہزار انٹریاں بحال کی جائیں تاکہ تمام زمیاد مالکان باعزت طریقے سے روزگار کما سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج زمیاد ڈرائیورز ہمارے ساتھ موجود ہیں اور ہم ان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اگر کوئی ہمیں نمائندہ تسلیم نہیں کرتا تو وہ زمیاد والوں سے خود پوچھ لے۔ لیکن ہم کسی صورت اپنے غریب زمیاد بھائیوں کے حق سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ ریلی میں بڑی تعداد میں زمیاد ڈرائیورز نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں نمبر پلیٹس اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور اپنے مطالبات کے حق میں نعرے لگا رہے تھے۔

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی میر عبید اللہ گورگیج سریاب میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

اس موقع پر میر محمد اکرم شنگلوی بھی موجود ہیں

پرنسپل جھالاوان میڈیکل کالج ڈاکٹر عبدالصمد کا ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

کوشش ہے ہسپتال کے تمام شعبوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے

خضدار (خ ن) پرنسپل جھالاوان میڈیکل کالج خضدار پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد نیچی نے کالج سے منسلک خضدار ٹیچنگ اسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شعبہ دندان کے کنسلٹنٹس کے ہمراہ اسپیشل ڈینٹل یونٹ جس میں حال ہی میں عصری تقاضوں سے ہم آہنگ جدید ترین او پی جی (OPG) مشین جو نصب کی گئی ہے کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد نیچی نے مشین کی تنصیب پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ جدید او پی جی مشین خضدار اور جھالاوان کے عوام کے لیے ایک بڑی سہولت ہے، جو مختلف امراض دندان اور منہ کے جملہ مسائل کی تشخیص اور علاج میں مؤثر کردار ادا کرے گی، خاص طور پر جبڑے کے ٹیومرز اور دیگر پیچیدہ مسائل کی بروقت تشخیص میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ اس مشین کی بدولت اب مقامی افراد کو دیگر شہروں کے طویل اور مہنگے سفر سے نجات ملے گی اور وہ اپنی دہلیز پر معیاری تشخیصی سہولیات سے مستفید ہو سکیں

یونیورسٹی آف بلوچستان سب کیمپس خاران میں فوڈ گالا کا اہتمام

طلباء و طالبات نے ہنرکاری اور کلنری آرٹس کے احتراج کا مظاہرہ کیا

خاران (نمائندہ خصوصی) یونیورسٹی آف بلوچستان سب کیمپس خاران میں شعبہ مینجمنٹ سائنسز کی جانب سے فوڈ گالا کا اہتمام کیا گیا۔ فوڈ گالا میں ہنرکاری اور کلنری آرٹس کے احتراج کا مظاہرہ کیا گیا، جس میں، بی بی اے، کے طلباء و طالبات نے اپنی کھانے کی مصنوعات پیش کیں۔ کھانے کے مختلف اسٹالز لگا کر ان کو فروخت کیا۔ اس دوران ڈائریکٹر عقیل احمد بلوچ نے فوڈ گالا اسٹالز کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگزامینیشن تنویر صالح اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس اصغر علی کبدانی، ایڈمن ریاض احمد نوتانی و دیگر طلبہ و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سب کیمپس عقیل احمد بلوچ نے کہا کہ بی بی اے کے سٹوڈنٹس کے لیے فوڈ گالا ان کی صلاحیتوں کو عملی بنیادوں پر استوار کرنے کا بہترین وسیلہ ہے تاکہ پریکٹیکلی طور انہیں اپنے گاہک کو ڈیل کرنے اور اپنے تجارت کو فروغ دینے کا تجربہ ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ گالا ہمارے طلباء کی نہ صرف ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے کا ذریعہ ہے بلکہ ان کو ایک سازگار اور پرلطف ماحول کی فراہمی میں بھی اہم رول ادا کرتے ہیں جس سے طلباء و طالبات کی جسمانی و ذہنی نشوونما اور صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے میں بھی مدد ملتی ہے ڈائریکٹر سب کیمپس نے مزید کہا کہ نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طلباء میں غیر نصابی سرگرمیاں بہت ضروری ہیں، یہ طلباء و طالبات ہمارے قوم کے سرمایہ اور ملک کا مستقبل ہیں

بقیہ — وفاقی وزیر اطلاعات (1)

سے آگاہ کیا جائے گا۔موجودہ صورتحال میں یہ بریفنگ قومی یکجہتی اور اتحاد واتفاق کی اعلیٰ مثال ہے۔بھارتی پروپیگنڈا عالمی سطح پر بے نقاب کرنے کیلئے حکومت متحرک، ترکیہ، یونان اور سویڈن کی حمایت حاصل کرلی،وزیراعظم شہباز شریف ور نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار نے موجودہ پاک بھارت کشیدگی اور خطے کی صورتحال پر عالمی رہنماؤں سے رابطے کیے،وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں ترکیہ کے سفیر نے ملاقات کی اور کشیدگی کم کرنے ،جنوبی ایشیا میں امن وسلامتی برقرار رکھنے کیلئے تحمل سے کام لینے پر زوردیا،وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا پاکستان اقتصادی بحالی و ترقی پر مکمل توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے، بھارتی اقدامات پاکستان کی انسداددہشتگردی کی کوششوں سے توجہ ہٹانے کی مذموم کوشش ہے،پاکستان کیلئے ترکیہ کی حمایت دونوں ممالک کے تاریخی وبرادرانہ تعلقات کی عکاس ہے،شہباز شریف نے صدر رجب طیب اردوان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہاپاکستان کیلئے ترکیہ کی حمایت دونوں ممالک ،عوام کے درمیان تاریخی وگہرے برادرانہ تعلقات کی عکاس ہے،پہلگام واقعے کے بعد بھارت کی اشتعال انگیز کارروائیوں کے باوجود پاکستان کا ردعمل ذمے دارانہ رہا،پاکستان نے ہمیشہ ہرقسم کی دہشت گردی کی مذمت کی ،بھارتی اقدامات انسداد دہشت گردی کوششوں سے توجہ ہٹانے کی مذموم کوشش ہے، بھارت پہلگام واقعہ میں پاکستان کے ملوث ہونے کا کسی بھی قسم کا ثبوت دینے میں ناکام رہا،وزیراعظم نے کہابھارت نے قابل اعتماد، شفاف اور غیر جانبدار بین الاقوامی تحقیقات کی پاکستان کی پیشکش کا جواب دینا ہے پاکستان ایسی تحقیقات میں مکمل تعاون کرے گا اور اگر ترکیہ شامل ہوتا ہے تو خیر مقدم کیا جائے گا،ملاقات کے دوران ترک سفیر نے کہاہے ترکیہ پاکستان کے موقف کا حامی ہے،دوسری جانب اسحاق ڈار نے یونانی، سوئس وزرائے خارجہ سے رابطہ کیا،نائب وزیراعظم نے کہابھارت کا رویہ علاقائی امن کیلئے خطرہ ہے، پاکستان ملکی خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ میں کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا،یونانی وسوئس وزرائے خارجہ نے پاکستان کے موقف کی حمایت اور غیر جانبدار تحقیقات کی تجویز کو سراہا،اسحاق ڈار نے حقائق کی آزاد و شفاف تحقیقات کے پاکستانی مطالبے کا اعادہ کیا،یونانی وزیرخارجہ نے کشیدگی کو روکنے کیلئے تحمل پر زوردیا اور پاکستان کی جانب سے پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارو شفاف انکوائری کیلئے تجویز کا خیر مقدم کیا،دونوں رہنماؤں نے علاقائی و عالمی پیشرفت پر قریبی روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔اسلام آباد(زاہد احمد خان)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کی اشتعال انگیز کارروائیوں کے باوجود پاکستان کا ردعمل ذمہ دارانہ رہا ہے،بھارت پہلگام واقعے میں پاکستان کے ملوث ہونے کا کسی بھی قسم کا ثبوت دینے میں ناکام رہا ہےاور وہ پاکستان کو پہلگام واقعہ سے جوڑنے کی سازش کر رہا ہے۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری پریس ریلیز کے مطابق وزیراعظم سے ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نیزیرولو نے ہفتہ کو وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ملاقات کے دوران وزیراعظم نے صدر رجب طیب اردوان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیااور 22اپریل 2025 کو اپنے حالیہ دورہ انقرہ کا ذکر کیا جہاں پر دونوں رہنماؤں نے متعدد شعبوں میں پاک ترک تعلقات کو آگے بڑھانے پر گفتگو کی تھی۔وزیراعظم نے صدر اردوان کا جنوبی ایشیا میں امن وامان کی موجودہ صورتحال میں پاکستان کی حمایت کے ساتھ ساتھ خطے میں امن کے مطالبے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے لیے ترکیہ کی حمایت دونوں ممالک اوران کے عوام کے درمیان تاریخی اور گہرے برادرانہ تعلقات کی عکاس ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کی اشتعال انگیز کارروائیوں کے باوجود پاکستان کا ردعمل ذمہ دارانہ رہا ہے۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہاہے کہ بھارت کی جانب سے 4 رافیل طیارے پاکستان کی فضائی حدود کی طرف بڑھ رہے تھے،جنہیں افواج پاکستان نے کامیابی سے جام کردیا،رافال طیاروں کے اس واقعے کے بعد بھارت کی جانب سے کوئی قابل ذکر حرکت نہیں ہوئی ہے۔وفاقی وزیر برائے دفاع و ہوا خواجہ آصف نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جانب سے خطرہ تا حال موجود ہے اور ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ بھارت کی جانب سے خطرہ کم ہوگیا ہے پاکستان کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو برقرار رکھنا ہوگا اور کسی بھی ممکنہ خطرے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔وزیر دفاع و ہوا خواجہ آصف نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ چند دنوں میں ورلڈ بینک سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ اس معاہدے کے تحت مسائل کو حل کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام واقعے کا ڈرامہ خود تو نہیں رچایا۔بھارت پہلگام واقعے سے متعلق پاکستان کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت فراہم نہیں کرسکا، جو کہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت کی جانب سے الزامات بے بنیاد ہیں۔ترک نشریاتی ادارے ٹی آرٹی کو انٹرویو دیتے ہوئے عطا تارڑ نے واضح کیا پہلگام واقعہ میں پاکستان کا کوئی ہاتھ نہیں اگر جارحیت جاری رہی تو پاکستان بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے،بھارت الزامات کی بجائے حقائق کی بنیاد پر بات کرے،پاکستان ذمہ دار ریاست ہے،کبھی کسی بھی حملے میں پہل نہیں کی،بھارت جارحیت کا مظاہرہ کر رہا ہے اور اپنے یکطرفہ اقدامات واپس لینا ہوں گے،وزیر اطلاعات نے کہاخطے کا امن بھارت کی غیر ذمہ دارانہ پالیسیوں کینذر ہورہا ہے،پاکستان اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں۔

بقیہ — میزائل تجربہ (2)

تک مار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے،تجربے کا مقصد آپریشنل تیاریوں اور تکنیکی پہلوؤں کی جانچ تھی،ابدالی میزائل کی رینج 450 کلومیٹر اور جدید نیویگیشن سسٹم سے لیس ہے،کمانڈر آرمی سٹرٹیجک فورسز نے تربیتی لانچ کا مظاہرہ کیا،چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی،سروسز چیفس،صدر مملکت آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی،آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی سٹرٹیجک فورسز کی آپریشنل تیاری وتکنیکی مہارت پر مکمل اعتماد کا اظہار ہے۔دریں اثناء،وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا اللہ نے بھارت کوخبردار کرتے ہوئے کہاہےکہ مودی سن لو،یہ جس میزائل کا ہم نے آج تجربہ کیا ہے یہ ایٹمی ہتھیار لے جاسکتا ہے۔فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کے سیاسی مشیر نے کہا کہ اپنی سالمیت کی خاطر ہر حد تک جانے کو تیار ہیں،بھارت اگر گزشتہ تجربہ بھول گیا ہو تو آج کا تجربہ یادداشت کے لیے ہے۔رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ بھارت نے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل کیا،مودی پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے،پہلگام واقعے میں ہلاک افراد بیگناہ تھے،وزیراعظم نے کہا کہ پہلگام کی تحقیقات کرائیں لیکن بھارت اس کی طرف نہیں آیا۔انہوں نےکہا کہ بھارت کا مقصد ہےکہ پہلگام واقعے کی آڑ میں کشمیریوں پر ظلم کرے،کشمیریوں پر اتنا ظلم 75 سال میں نہیں ہوا جتنا 778 دنوں میں ہوا،اب ظلم کشمیریوں کوروک نہیں سکتا وہ حق خودارادیت لےکر رہیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ مودی نے آئی ایم ایف سے بھی مطالبہ کیا ہےکہ پاکستان سے معاہدہ کینسل کرے،مودی کی طرح کالم کلوچ بریگیڈ بھی یہی چاہ رہی ہے،کالم گلوچ بریگیڈ آئی ایم ایف کے دفتر کے سامنے احتجاج کرتی ہے۔

بقیہ — عمرایوب (3)

پی ٹی آئی،اعجاز چوہدری سمیت دیگر اسیران جیلوں میں ہیں،دوسری جانب پی ٹی آئی رہنما عالیہ حمزہ نے کہاایک طرف سرحدوں پر صورتحال کشیدہ ہے لیکن دوسری جانب سندھ میں احتجاج ہورہا ہے،درست ہے وقت ساتھ کھڑا ہونے اور قومی یکجہتی دکھانے کا ہے،ہمیں تو کہا جاتا ہے قومی یکجہتی کیساتھ کھڑے ہوں لیکن رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے مارے جارہے ہیں،ملک میں استحکام لانے کیلئے کوشش کرنی چاہئے۔

بقیہ — یوسف رضا گیلانی (4)

کہامودی حکومت پاکستان کا پانی بند کرنا چاہتی ہے،قوم کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں،افواج ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ — سکیورٹی فورسز (5)

بتایا گیا،ترجمان پاک فوج نے کہا شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 خوارج مارے گئے،خوارج میں انتہائی قدر کا ہدف خارجی فرید بھی شامل تھا،شمالی وزیرستان کے علاقے دوسالی میں بھی خفیہ آپریشن کیا گیا،فائرنگ کے تبادلے میں 2 خوارج کو جہنم واصل کردیا گیا،تیسری کارروائی مہمند ضلع میں کی گئی،سکیورٹی فورسز نے خارجی ٹھکانے پر کامیاب چھاپہ مارا اور 2 خوارج کو گرفتار کر لیا،ہائی لیول خارجی لال امیر عرف ابراہیم شامل ہے،ترجمان پاک فوج نے کہا کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ،گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا،مارے گئے اور گرفتار خوارج دہشت گرد سرگرمیوں میں ملوث تھے،پاک فوج دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے اور ملک کو ناسور سے مکمل نجات دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ — آئی ایم ایف (6)

ملنے کا امکان ہے، آئی ایم ایف حکام نے کہا ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 9 مئی کو اپنے شیڈول کے مطابق ہی ہوگا،پاکستان کی درخواست پر بھی غور ہوگا،دوسرے ممالک کے خدشات پر تبصرہ نہیں کر سکتے،دوسری جانب وزارت خزانہ کے حکام نے کہا اجلاس میں پاکستان کو آئی ایم ایف سے 2.3 ارب ڈالر پیکج ملنے کا امکان ہے،بورڈ کی منظوری سے پاکستان کو مجموعی طور پر 2 ارب 30 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے،اجلاس میں کلائمیٹ فنانسنگ پر 1.3 ارب ڈالر کے آر ایس ایف پروگرام کی منظوری متوقع ہے،موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے فنڈز 28 ماہ میں اقساط میں ملیں گے۔

بقیہ — سماعت (7)

کمیشن بنانے کی درخواست ہائیکورٹ نے 8 مئی کو سماعت کیلئے مقرر کردی گئی،جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ پر مشتمل 2 رکنی بنچ شہری بلال چوہدری کی درخواست پر سماعت کرے گا،عدالت نے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل طلب کر رکھے ہیں،درخواست میں پنجاب حکومت،ہوم سیکرٹری،آئی جی سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ — ایف بی آر حکام (8)

شدہ ہدف سے 2 ٹریلین زائد اور حاصل کرنے کیلئے کم ازکم 500 ارب کے اضافی اقدامات کی ضرورت پڑسکتی ہے،ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے نئے ٹیکس ہدف کے تعین کے بعد حکومت نے تمام اقدامات شارٹ لسٹ کرنا شروع کر دیئے،وزیرخزانہ اورنگ زیب کا دوسرا بجٹ خطاب 2 یا 3 جون عید کی چھٹیوں سے قبل متوقع ہے، 14.307 ٹریلین ٹیکس ہدف معیشت کے آئندہ مالی سال کے ممکنہ حجم کے 11 فیصد کے برابر ہے،ایف بی آر کے سینئر افسر نے کہامعیشت کے حجم کے مطابق حتمی ٹیکس ہدف تبدیل کیا جاسکتا ہے تاہم جی ڈی پی کا 11 فیصد ہوگا۔

بقیہ — ویب سائٹس (9)

کیا پاکستانی ہیکرز نے عوامی طور پر دستیاب عسکری، فلاحی اور تعلیمی ویب سائٹس کو نشانہ بنایا،بھارت کے اہم قومی نیٹ ورک تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی گئی،گروپ ''HackerIOK'' کے نام سے کام کر رہا تھا،مقصد ویب پیجز کو خراب،آن لائن خدمات کو متاثر اور ذاتی معلومات حاصل کرنا تھا،انٹیلی جنس معلومات کے مطابق 4 تصدیق شدہ حملے ہوئے،آرمی پبلک سکول (اے پی ایس) سری نگر اور اے پی ایس رانی کھیت کی ویب سائٹس کو ہدف بنایا گیا،اے پی ایس سری نگر کو تقسیم شدہ انکار خدمت (DDoS) حملہ بھی برداشت کرناپڑا۔

بقیہ — پروفیسر ساجد میر (10)

میں مبتلا تقریباً ایک ماہ قبل معدوں کا آپریشن کرایا تھا،دل کی بائی پاس سرجری بھی ہوئی،خاندانی ذرائع کے مطابق روٹین کے مطابق ناشتہ کیا اور ساتھ ہی ہارٹ اٹیک ہوگیا،فوری طور پر ڈاکٹر کو بلایا تو ڈاکٹر نے موت کی تصدیق کردی،مرحوم کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی شہر کے قبرستان سپرد خاک کردیا گیا،یاد رہے سینیٹر پروفیسر ساجد کو مسلم لیگ (ن) نے 1994 میں پہلی مرتبہ پنجاب سے سینیٹر منتخب کرایا جس کے بعد کئی بارسینیٹ کے ممبر بنے،صدر مملکت آصف زرداری،وزیراعظم شہباز شریف، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن،سراج الحق،لیاقت بلوچ اور سربراہ جے یو آئی فضل الرحمن نے پروفیسر ساجد میر کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہاپروفیسر ساجد میر کی ملی اور قومی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ — یوٹیوب کی بندش (11)

کی جارہی ہے،جس سے عوام میں یوٹیوب کی موجودہ حیثیت پر غلط فہمیاں پیدا ہورہی ہیں،پی ٹی اے واضح کرتا ہے جو مواد گردش کررہا ہے وہ پرانا ہے اور موجودہ حالات سے کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ — وزیراعلیٰ (12)

کے صحافی مشکل حالات میں فرائض انجام دے رہے ہیں حکومت بلوچستان صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن کوشش کرے گی انہوں نے کہا کہ قومی چینلز بلوچستان کو صرف کرائم نیوز تک محدود نہ رکھیں بلکہ بلوچستان کے سماجی مسائل پر بھی توجہ دی جانی چاہئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے مثبت تنقید کو ہمیشہ اصلاح کا موقع سمجھا انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی اہم اکائی ہے تمام ٹی وی چینلز کو یہاں اپنے بیوروز فعال کرنے چاہئے انہوں نے کہا کہ جو چینلز پیمرا معاہدے کے برعکس بیوروز بند یا ورکرز فارغ کررہے ہیں ان سے متعلق وفاقی وزارت اطلاعات کو آگاہ کیا ہے اور اس حوالے سے وفاقی وزیر اطلاعات اور سیکرٹری اطلاعات نے تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے باہمی مشاورت سے قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کا آغاز کیا ہے صحافیوں کے لئے مختص رہائشی کالونی کے منصوبے پر پیشرفت جاری ہے انہوں نے کہا کہ صحافی ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا طبقہ ہے جو نہ صرف صوبے کے مسائل اپنی زبان وقلم سے اجاگر کرتے بلکہ حکومت وقت کو مسائل کے حل کیلئے تجاویز بھی فراہم کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ذمہ دارانہ صحافت بہترین معاشرے کی تشکیل کا سبب بنتی ہے جسے ہر سطح پر فروغ دینے کی ضرورت ہے دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز کے نو منتخب صدر کاظم خان،سینئر نائب صدر ایاز خان،سیکرٹری جنرل غلام

...

معاشرتی برائیوں کے خاتمہ کے ساتھ صحافتی ذمہ داریاں بھی بہتر انداز نبھائی جاسکتی ہیں بلوچستان سمیت دنیا بھر کے کئی شورش زدہ علاقوں میں صحافی اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر پیشہ وارانہ ذمہ داریاں نبھارہے ہیں یوم صحافت پر اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کو سرانجام دینے والے صحافیوں کو سلام پیش کرتے ہیں یہ بات انہوں نے عالمی یوم صحافت پر بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت صحافیوں کے تحفظ ان کے حقوق اور صحافتی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

بقیہ — پسماندگان (50)

ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے مرحوم کے بلند درجات اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

پاکستان کا بڑا اقدام، پاکستانی وعالمی میڈیا کیلئے ایل او سی کے دورے کا اہتمام

اسلام آباد(بیورو رپورٹ)وزارت اطلاعات و نشریات نے بھارت کا جھوٹا پروپیگنڈا بے نقاب کرنے کیلئے عالمی و مقامی صحافیوں کو لائن آف کنٹرول کا خصوصی دورہ کرایا،ترجمان وزارت اطلاعات کے مطابق صحافیوں کے خصوصی دورے کا مقصد بھارت کے من گھڑت وجھوٹے پراپیگنڈے کو عالمی برادری کے سامنے بے نقاب کرنا ہے،بھارت عرصے سے پاکستان کے خلاف خیالی اور فرضی دہشت گرد کیمپس کا واویلا کرتا رہا ہے تاہم اب تمام الزامات کی حقیقت کو زمینی سطح پر سامنے لایا گیا،میڈیا نمائندوں کو ان مخصوص مقامات پر لے جایا گیا جنہیں بھارت کی جانب سے دہشت گرد کیمپس قرار دیا گیا،میڈیا کو زمینی حقائق سے آگاہ کرکے بھارتی دعوؤں کی قلعی کھول دی گئی،ترجمان نے کہاپاکستان عالمی امن کیلئے اپنی غیر متزلزل وابستگی پر قائم اور کسی بھی قسم کی دہشت گردی کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے،پاکستانی قوم اپنی خودمختاری کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے اور بھارت کی کسی بھی جارحیت کا فوری وبھرپور جواب دیا جائے گا۔

یوکرینی شہر خارکیف پر روسی ڈرون حملے،50 زخمی، انفراسٹرکچر تباہ

ماسکو(بیورو رپورٹ)روسی افواج نے یوکرین کے دوسرے بڑے شہر خارکیف پر ڈرون حملے کیے،50 افراد زخمی ہوگئے،11 سالہ بچی بھی شامل ہے،مقامی حکام کے مطابق روس نے حملوں میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا اور متعدد رہائشی عمارتوں، گاڑیوں اور شہری انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچایا،خارکیف کے گورنر نے تصدیق کی حملوں کے بعد کئی مقامات پر آگ بھڑک اٹھی،علاقے میں خوف و ہراس کی فضا قائم ہوگئی،زخمیوں کو مقامی ہسپتالوں میں منتقل کردیا گیا،کئی افراد کی حالت تشویشناک ہے۔

مودی نے پہلگام ڈرامہ بہار الیکشن کیلئے رچایا، بھارتی میڈیا کی شہ سرخیاں

نئی دہلی (بیورو رپورٹ)پہلگام فالس فلیگ کے فوراً بعد مودی کی بہار الیکشن کیلئے اچانک سرگرمیاں بھارتی میڈیا کی شہ سرخیوں میں شامل ہوگئیں،ٹائمز آف انڈیا کے مطابق بھارت کی اپوزیشن جماعت کانگریس، آر جے ڈی نے مودی کے بہار دورے پر تنقید،اے این آئی نے رپورٹ کیا آر جے ڈی نے پٹنہ میں مودی اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار کیخلاف بینرز لگادیے،ٹائمز آف انڈیا کے مطابق آر جے ڈی نے مودی کی جانب سے بہار میں پہلگام حملے کے بعد ریلی پرشدید تنقید کی،دریں اثناسینئر بھارتی صحافی نے سوال اٹھایا پہلگام واقعہ کے 45 گھنٹے کے بعد آپ ووٹ مانگنے پہنچ گئے،بھارتی سیاسی تجزیہ کاروں نے کہابھارتی وزیراعظم واقعہ کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ کیلئے استعمال کررہے ہیں۔

وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی بھارت میں بند

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) پاکستانی سیاسی وحکومتی شخصیات کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھارت میں بلاک کیے جانے کا سلسلہ تیزی سے پھیلتا جا رہا ہے،وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی بھارت میں بند کردیا گیا اقدام تب سامنے آیا جب عطا تارڑ نے عالمی میڈیا پر بھارت کی ریاستی پالیسیوں پرتنقید کی انہوں نے نہ صرف مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالیوں کو بے نقاب کیا بلکہ کشمیری عوام کی آواز کو دبانے کی بھارتی کوششوں کو بھی اجاگر کیا،واضح اور مؤثر موقف پر ردعمل دیتے ہوئے بھارتی حکام نے آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹ بلاک کیا۔

بیرسٹر سیف کی امریکی عہدیداروں سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

پشاور(بیورو رپورٹ)حکومت خیبرپختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف سے امریکہ کے پولیٹیکل مشن کے وزیراور کیمشن کے قائمقام ڈپٹی ہیڈ نے ملاقات کی،امریکی عہدیداروں کوعمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کیخلاف جعلی مقدمات سے آگاہ کیا گیا،بیان میں کہا گیا ملاقات میں پہلگام کے فالس فلیگ اپریشن کے بعد پاکستان اور انڈیا کی کشیدہ صورتحال پر تبادلہ خیال،امن امان سمیت ملکی و صوبائی سیاسی صورتحال پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی،بیرسٹر سیف نے عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کے خلاف جعلی مقدمات سے آگاہ کیا،مشیر اطلاعات کے پی نے کہاضم اضلاع کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں،خیبر پختونخوا حکومت امن وامان،تعلیم کے فروغ اورصحت سہولیات پر کثیر بجٹ خرچ کررہی ہے،وفد نے عوامی فلاح وبہبود کیلئے خیبر پختونخوا حکومت کے اقدامات کو سراہا۔

ٹرمپ نے چین کی کم مالیت والی بے وقعت درآمدی اشیاپر بھی ٹیکس عائد کردیا

واشنگٹن(بیورو رپورٹ)ڈونلڈ ٹرمپ نے 800 ڈالرز سے کم مالیت کی چینی درآمدی اشیاپر دی جانے والی ڈی منیمس ٹیرف چھوٹ کو ختم کردیا،عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ کے ٹیرف چھوٹ ختم کرنے سے اب 800 ڈالر سے کم مالیت کی اشیا پر بھی 120 فیصد ٹیکس لگے گا،چین کی کم مالیت اشیاپر ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے سے کم لاگت والی چینی مصنوعات کی قیمتیں بھی بڑھ جائیں گی۔

پی ٹی آئی بیانیہ بھول چکی، کوئی جدوجہد نظر نہیں آرہی، شیر افضل مروت

کراچی(بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہاپی ٹی آئی اپنا بیانیہ بھول چکی،26 نومبر کے بعد پی ٹی آئی کوئی جلسہ کرسکی نہ کوئی جدوجہد نظر آرہی ہے،کراچی کے مقامی ہوٹل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا9 مئی پھر سے آرہی ہے تحریک انصاف بتائے کیا تیاری کی ہے؟ملک میں انقلاب کی باتیں کرنے والے امریکہ اور کینیڈا گھوم رہے ہیں،حکومت پی ٹی آئی اور بانی پی ٹی آئی کے معاملات کو سنجیدگی سے نہیں لے رہی،ججوں اوروکلا کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ ہونے دینا غلط روایت ہے،بھارت کا رویہ بہت زیادہ جارحانہ ہے، اختلافات بھلا کر متحد ہونا پڑیگا۔

ٹرمپ نے سعودی عرب کو ساڑھے 3 ارب ڈالر کا اسلحہ فروخت کرنے کی منظوری دیدی

امریکہ جنگی اسلحہ اور ساز وسامان سعودی عرب کو مہیا کیا جائے گا، فضا سے فضا میں مار کرنے والے جدید میزائل بھی شامل

معاہدے سے خارجہ پالیسی کے اہداف پورا کرنے اور امریکی قومی سلامتی کے مقاصد کو نبھانے میں مدد ملے گی، امریکہ

معاہدے کا مقصد امریکہ کے شراکت دار ممالک کی سلامتی امور کو بہتر بنانا ہے، خلیج کے علاقے میں بھی سلامتی اور استحکام کو برقرار رکھا جائے گا

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب کو ساڑھے 3 ارب ڈالر کا اسلحہ فروخت کرنے کی منظوری دیدی، عالمی خبر رساں ... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

یوٹیلیٹی اسٹور کارپوریشن کے ملازمین برطرفیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

صحافتی تنظیمیں صحافیوں کی موثر آواز

ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

اختلافات بالائے طاق رکھ کر ملکی سلامتی کیلئے اکٹھا ہونا ہوگا، جمعیت اتحاد علماء و مشائخ

11 مئی کو بلوچستان کے علماء و مشائخ سیمینار منعقد کر کے مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کریں گے، عبدالکبیر شاکر، عبدالمتین، محمد اکرم

اربوں روپے سالانہ سیکورٹی مد میں خرچ ہونے کے باوجود کسی کی جان و مال محفوظ نہیں، ڈاکٹر عطاء الرحمان و دیگر کی پریس کانفرنس

ریاست کے ساتھ بھرپور کردار ادا کریں اور شانہ بشانہ ہونے کی ضرورت ہے، پاکستان تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت اتحاد علماء ... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی لائرز ونگ کے صوبائی صدر جعفر جارج کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی کچہری کے سامنے سے گزر رہی ہے

جنگ مسلط کی گئی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دینگے، پاکستانی فنکار

لاہور (بیورو رپورٹ) مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے پہلگام حملے کے بعد بھارتی جارحیت پر پاکستانی فنکار بھی سامنے آگئے، پاکستانی فنکاروں نے بھارتی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا پاکستان جارحیت میں پہل نہیں کرے گا لیکن جنگ مسلط کی گئی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جاتے ہیں، امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے فنکار متحد ہیں۔

پاکستان پہلگام واقعہ کو اقوام متحدہ میں اٹھائے، سینیٹر عبدالقادر

فالس فلیگ آپریشن میں بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آگئے

... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

صحافیوں نے ہمیشہ ملک و قوم کیلئے موثر آواز بلند کی، مولانا عبدالقادر لونی

آزاد میڈیا ہی ملکی استحکام کیلئے بہتر کردار ادا کر سکتی ہے، مفتی شیخ الدین، مولانا عبدالرؤف

... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے ... و مولانا ... پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بھارت سے پاکستان آنے والی تمام اشیاء کی بلاواسطہ یا بالواسطہ درآمد پر پابندی لگا دی گئی، جہازوں کا سمندری حدود سے گزرنا بھی بند

پاکستان سے گزرنے والی افغان برآمدات پر بھی پابندی، کوئی بھارتی جہاز بھی پاکستانی بندرگاہ پر لنگر انداز نہیں ہوگا

حکم مرچنٹ شپنگ ایکٹ 1958 کی شق 411 کے تحت جاری کیا گیا، پاکستان سے ڈاک اور پارسلز کی ترسیل کا عمل معطل

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارت نے پہلگام حملے کے بعد پاکستان سے براہ راست یا بالواسطہ مال کی درآمدات پر مکمل پابندی عائد کر دی، پاکستانی جہازوں کو بھارتی بندرگاہوں تک رسائی دینے سے بھی منع کر دیا صرف یہی نہیں بلکہ بھارت نے پاکستانی جہازوں کے بھارتی سمندری حدود سے گزرنے پر بھی پابندی عائد کر دی، بھارت کی وزارت تجارت کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی کے المناک واقعے کے بعد ہلاکتوں میں اضافہ، تعداد 13 ہوگئی

کراچی میں زیر علاج امین اللہ، تنویر، عبدالباسط، مصطفیٰ، درمحمد، سلمان، عزیز دم توڑ گئے، نعشیں ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے روانہ

24 گھنٹوں کے دوران جاں بحق افراد کی تعداد 7، صوبائی حکومت لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے، ترجمان شاہد رند

نوشکی + کوئٹہ (آن لائن + این این آئی) نوشکی میں 28 اپریل کو ایرانی پیٹرول سے بھری ٹرک کو دوران ویلڈنگ آگ لگ گئی ٹرک ڈرائیور آگ میں جھلنے اور پھٹنے کے باعث ریسکیو کرنے کیلئے مقامی لوگوں کی بڑی تعداد نے رضاکارانہ طور پر آگ بجھانے کی کوشش کی اس دوران فائر بریگیڈ صحیح طریقے سے کام نہیں کر سکا جس پر لوگ متاثرہ ٹرک کے بہت قریب پہنچے اس دوران ٹرک میں خوفناک .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

قلات میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

قلات (نامہ نگار) قلات میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہوگیا مقتول کی شناخت عبدالرسول کے نام سے ہوئی ہے واقع زاوہ کے مقام پر پیش آیا قلات پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات کے علاقے زاوہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے عبدالرسول نامی نوجوان جاں بحق ہوگیا اطلاع .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب میں شدید مٹی کا طوفان، نظام زندگی مفلوج، حد نگاہ صفر

سوراب (یو این اے) بلوچستان کے ضلع سوراب اور اس کے مضافاتی علاقوں میں شدید مٹی کا طوفان آیا، جس کے باعث نظام زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا۔ لوگ گھروں میں محصور ہو گئے جبکہ گرد و غبار کے باعث حد نگاہ صفر تک پہنچ گئی۔ تیز ہواں کے ساتھ اٹھنے والی گرد نے پورے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

اعتماد میں لئے بغیر مائنز اینڈ منرلز بل پر دستخط کرنا درست نہیں، مولانا ہدایت الرحمان

ذخائر کو موثر طریقے سے استعمال کیا جائے تو بلوچستان اور خصوصاً ملک کی معاشی بدحالی ختم ہو سکتی

خضدار (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو اعتماد میں لئے بغیر مائنز اینڈ منرلز بل پر دستخط صوبے کے وسائل پر حملہ تصور کرتے ہیں۔ بلوچستان اسمبلی سے ایسا قانون پاس کرایا ہے جو وسائل پر براہ راست قبضہ ہے اس بل پر جماعت اسلامی کو خدشات اور تحفظات ہیں جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے میدان میں نکلی ہے ہم نے قومی کاز اور عوام .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

یوٹیلٹی اسٹور کارپوریشن کے ملازمین کا ملک گیر احتجاج

برطرفیوں اور ڈاؤن سائزنگ کیخلاف کوئٹہ میں بھی یوم سیاہ منایا گیا

حکومت ظالمانہ فیصلے فوری طور پر واپس لے، غلام حیدر، عبداللہ ودیگر

کوئٹہ (پ ر) یوٹیلٹی اسٹور کارپوریشن آف پاکستان کے مشترکہ یونین نے آج پورے ملک میں یوم سیاہ کے طور پر کوئٹہ میں بھی مشترکہ یونین نے کالی پٹیاں باندھ کر احتجاج ریکارڈ کرایا ہوبائی اسٹور کارپوریشن کے کنٹریکٹ ملازمین کی عدالتی اسٹے آرڈر کے باوجود پیرا (O) کالے قانون کے تحت غیر قانونی برطرفیوں کے خلاف ملازمین کی بڑی تعداد نے دفاتر وں کے باہر احتجاجی مظاہرہ اور اپنے حقوق کے لیے نعرے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو، خانہ بدوشوں کا ٹریکٹر الٹنے سے 12 افراد زخمی

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو سبی شاہراہ پر بھرگڑی کے مقام پر ایک افسوسناک حادثے میں خانہ بدوشوں کا ٹریکٹر الٹنے سے 12 افراد زخمی ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق حادثے کا شکار افراد میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ حادثے میں شدید زخمی ہونے والے دو افراد کو فوری طور پر سبی ہسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ دیگر زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو پہنچایا گیا......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

دشت لکپاس کے مقام پر خنجروں کے وار سے ایک شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) دشت میں نامعلوم افراد نے خنجر کے وار کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا۔ لیویز کے مطابق کوئٹہ کے علاقے ایئرپورٹ کلی عمر کے رہائشی محمد نبی کو دشت میں نامعلوم افراد نے خنجر کے وار کر کے ہلاک کر دیا اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی

اوستہ محمد، تاجر کی دکان پر ڈکیتی کرنے والے 2 ڈاکو گرفتار

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی بڑی کارروائی معروف تاجر واحد بخش عمرانی کی دکان پر نو لاکھ روپے کی ڈکیتی کرنے والے دو ڈاکو گرفتار رقم برآمد کامیاب کارروائی پر شہریوں نے پولیس افسران اور اہلکاروں کو ہار پہنا کر مبارکباد دی تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد پولیس نے قتل کی واردات میں ملوث ملزم شاہ میر کو گرفتار .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت کشیدگی، مارکیٹوں میں زندگی بچانے والی اہم ادویات کی شدید قلت

میڈیکل سٹورز سے بخار، درد، پیٹ کی خرابی اور سانس میں دشواری کی ادویات بروفن، فلیجل، پیڈیٹرال او آر ایس، وینٹولین انہیلر و دیگر غائب

روزمرہ کی عام ادویات بھی دستیاب نہیں ہو رہیں، شہریوں کی دہائی، فارمیسی مالکان نے حکومتی اداروں سے فوری مداخلت کا مطالبہ کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک بھارت کشیدگی کے باعث دو طرفہ تجارت معطل ہونے کے بعد منفی اثرات پاکستان کے فارماسیوٹیکل سیکٹر پر بھی نمایاں ہونے لگے، ملک میں دوا سازی کیلئے درکار تقریباً 30 فیصد خام مال بھارت سے درآمد کیا جاتا ہے، فراہمی رکنے سے ادویات کی شدید قلت کا سامنا ہے، میڈیکل سٹورز سے بخار، درد، پیٹ کی خرابی اور سانس میں دشواری کی ادویات بروفن، فلیجل، پیڈیٹر .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوا نیپ کے زیر اہتمام منعقدہ صوبائی ایگزیکٹیو کے اجلاس کی صدارت صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کر رہے ہیں

صحافیوں نے ہمیشہ سچائی کیساتھ عوام کے حقوق کی ترجمانی کی، شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے یوم صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزاد، ذمہ دار اور باخبر صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور یہ ریاست کا چوتھا ستون ہوتا ہے انہوں .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

صحافت مقدس مشن جو عوامی شعور کو فروغ دینے کا ذریعہ ہے، علی مدد جتک

صحافیوں کی آزادی کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ایم پی اے کا پیغام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن و ایم پی اے حاجی علی مدد جتک نے عالمی یوم صحافت کے موقع پر صحافی برادری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافت ایک مقدس مشن ہے، جو سچائی، شفافیت اور عوامی شعور کو فروغ دینے کا ذریعہ ہے، 3 مئی کا دن ہمیں اس بات کی یاد دہانی کراتا ہے کہ آزاد، باخبر اور ذمہ دار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کا بنیادی ستون ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حاجی علی مدد جتک .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

محمد ہاشم خواجہ خیل کی والدہ ماجدہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں

کوئٹہ (پ ر) شاہد منظور خواجہ خیل سینیٹر ملیریا سپرنٹنڈنٹ ولد مرحوم عرض محمد خواجہ خیل اور محمد ہاشم خواجہ خیل کی والدہ ماجدہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئیں ہیں۔ مرحومہ انجم جہانگیر خواجہ خیل، جاوید اقبال خواجہ خیل کی بھابھی، محمد ایوب لانگو کی بیٹی، جہانگیر بلوچ، صلاح الدین اور شاہجہان کی ہمشیرہ اور انجینئر شاہجہان خواجہ خیل جہانزیب خواجہ خیل کی ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی واقعے میں زخمی ہونے والا تنویر احمد وفات پا گئے

کوئٹہ (پ ر) نوشکی واقعے میں زخمی ہونے والا تنویر احمد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے وفات پا گئے۔ وہ سعد اللہ محمد رفیق، ثناء اللہ کے بھائی خیر محمد اور عبدالقیوم کا بھتیجا شکاری عبدالقدوس مینگل بابو فاروق مینگل .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کراچی این 25 روٹ پر رات کے وقت سفر کرنے پر پابندی عائد

بسیں، کوچز و عوامی ٹرانسپورٹ صبح 6 تا شام 6 بجے میں سفر کر سکیں گی

تمام گاڑیوں کیلئے ٹریکرز و CCTV کیمرے فعال رکھنا لازم، مسافروں دن کے وقت سفر کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) حفاظتی اقدامات کے تحت کوئٹہ تا کراچی (N-25) روٹ پر رات کے وقت سفر پر پابندی عائد کر دی گئی ہے تفصیلات کے مطابق تمام بسیں، کوچز اور عوامی ٹرانسپورٹ صرف دن کے اوقات (صبح 6 بجے تا شام 6 بجے) میں سفر کریں گی یہ اقدام سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے تمام گاڑیوں میں ٹریکرز اور CCTV کیمرے فعال رکھنا لازم ہے مسافروں سے گزارش ہے کہ دن کے وقت سفر کو ترجیح اور بروقت روانگی یقینی بنائیں۔

پولیسنگ میں اصلاحات لانے میں نیشنل پولیس بیورو کا کردار قابل تحسین ہے، محسن نقوی

سلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس بیورو کا دورہ کیا۔ محسن نقوی نے نیشنل پولیس بیورو کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کے لیے ایکشن پلان طلب کر لیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت نیشنل پولیس بیورو میں اصلاحات سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ انہوں .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ہرنائی کو سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سہولیات سے محروم اور پسماندہ رکھا گیا، پشتونخوا میپ

غزہ میں بے گناہ انسانوں پر اسرائیلی جارحیت و مسلمانوں کی نسل کشی قابل مذمت ہے، ملک عبدالسلام، ملک امو جان آکا

عوام کو تعلیم، صحت، روزگار، گیس، بجلی سے محروم رکھنا فارم 47 کے نمائندوں کی کارستانیاں ہیں، فلسطین ریلی سے خطاب

ہرنائی (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت کی عوام دشمنی پر مبنی اقدامات قابل مذمت ہیں، عوام کو انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات اور تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی، مواصلاتی نظام، امن وامان، گیس، بجلی سے عوام کو محروم رکھنا فارم 47 کے نمائندوں اور حکومت کی کارستانیاں ہیں جس کے خلاف ہر علاقے میں عوام سراپا احتجاج ہیں ان خیالات کا اظہار .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے، فیصل جمالی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے جن صحافیوں نے قربانیاں دیکر جام شہادت نوش انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں صحافت ملک کا چوتھا ستون ہے۔ صوبائی وزیر میر فیصل خان جمالی کا یوم آزادی صحافت پر پیغام تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیوسٹاک اینڈ ڈیری فارمز سردارزادہ فیصل خان جمالی نے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، نامعلوم مسلح افراد بینک سے 2 کروڑ 52 لاکھ لوٹ کر فرار

ڈاکو تین جو ایک ہی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر بینک آئے تھے، عینی شاہدین

ڈاکو بینک میں داخل واسٹاف کو یرغمال بنا کر بوری میں پیسے ڈال کر فرار ہو گئے

تربت (این این آئی) تربت بازار مصروف ترین کاروباری پوائنٹ پر قائم تین ڈاکو دوپہر کے وقت بینک سے 2 کروڑ 52 لاکھ روپے لوٹ کر باسانی فرار ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق بلوچستان کے شہر تربت کے مرکزی بازار میں قائم ایچ بی ایل ضلع کچ کی مرکزی شاخ کو ڈاکوؤں نے دن دیہاڑے لوٹ لیا ہے عینی شاہدین کے مطابق ڈاکو تین تھے جو ایک ہی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر آئے تھے بتایا جا رہا ہے کہ ڈاکوؤں نے بندوق کی زور پر بینک کے تینوں سیکورٹی گارڈ سے اسلحہ چھین کر اندر داخل ہوئے اور بینک اسٹاف .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت اتحاد علماء بلوچستان کے رہنما عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطاء الرحمن و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعظم کا نظریہ ہے آئی ایم ایف کو خیرباد کہہ دیا جائے، ہارون اختر

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر نے کہا ہے گزشتہ بجٹ ٹریک پر آنے کا بجٹ تھا، تنگی سے نکل آئے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کا مرکزی امیر جمعیت اہلحدیث پروفیسر ساجد میر کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرکزی امیر جمعیت اہل حدیث سینیٹر پروفیسر ساجد میر کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صحافیوں نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں حقائق عوام تک پہنچائے، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

ان تمام صحافیوں کو خراج تحسین پیش جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر حق و سچ کی راہ میں قربانیاں دیں، سلیم کھوسہ

حکومت آزادی اظہار رائے کو آئینی حق سمجھتی ایسے کسی اقدام کی حمایت نہیں کریگی جو صحافت پر قدغن لگانے کا باعث بنے، حاجی نور محمد دمڑ

دنیا بھر کے کئی شورش زدہ علاقوں میں صحافی جان ہتھیلی پر رکھ کر ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، زرک خان مندوخیل، سردار مسعود لونی، عبیداللہ گورگیج

نصیر آباد + کوئٹہ (آئی این پی + اے این این) صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ اور حاجی نور محمد دمڑ نے یوم صحافت کے موقع پر اپنے الگ الگ بیان میں کہا ہے کہ حکومت وقت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور ایک آزاد، باوقار اور ذمہ دار میڈیا کو جمہوریت کی مضبوطی کا بنیادی ستون تصور کرتی ہے انہوں نے کہا کہ صحافت کسی بھی مہذب معاشرے کی آنکھ اور کان جو عوام کو باخبر رکھنے، حکومتی .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی، مولانا محمد عیسیٰ، مولانا محمد طاہر توحیدی و دیگر 15 مئی کو ہونے والے اسرائیل مردہ باد ملین مارچ کے تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

Beaconhouse National University
BNU Pakistan's First Not-for-Profit Liberal Arts University

FALL 2025 www.bnu.edu.pk
APPLY NOW
EARLY ADMISSIONS

MARIAM DAWOOD SCHOOL OF VISUAL ARTS & DESIGN (MDSVAD)
- Bachelor of Fine Arts in Visual Arts
- Bachelor of Design in Visual Communication Design
- Bachelor of Design in Textile, Fashion & Accessories Design
  Specialization:
  - Textile & Fibre
  - Fashion
  - Jewellery & Accessories
- Bachelor of Arts (Hons) Interdisciplinary Expanded Design & Art

SEETA MAJEED SCHOOL OF LIBERAL ARTS & SOCIAL SCIENCES (SMSLASS)
- BS in Liberal Arts & Social Sciences
  Minor in Media Studies, Theatre, Film and TV
  Specialization:
  - History
  - Literature
  - Political Science
- BS in Political Science

SCHOOL OF COMPUTER AND INFORMATION TECHNOLOGY (SCIT)
- BS Computer Science
  Specialization:
  Artificial Intelligence, Cyber Security, Data Science, Multimedia & Game Development
- BS Software Engineering
  Specialization:
  Software Development, Software Design & Architecture, Software Quality & Project Management, Cloud Computing, DevOps, Mobile & Web Development, Artificial Intelligence & Data Science
- BS Artificial Intelligence
  Specialization:
  Data Science, Natural Language Processing, Computer Vision, AI Engineering
- BS Management & Business Computing
  Specialization:
  Computing, AI for Businesses, Fintech, Software, Project Management, UI/UX Design

INSTITUTE OF PSYCHOLOGY (IP)
- BS in Applied Psychology
  Specialization:
  - Clinical Psychology
  - Organizational and Industrial Psychology
  - School Psychology
- MS Clinical and Counseling Psychology with
  Specialization:
  - Rehabilitation for Substance Abuse
  - Neurodevelopmental Disorders
  - School Psychology
  - Family and Marital Counseling
  - Adolescent Mental Health

RAZIA HASSAN SCHOOL OF ARCHITECTURE (RHSA)
- Bachelor of Architecture (B.Arch)
- Bachelor in Interior Design (BID)

SCHOOL OF MEDIA AND MASS COMMUNICATION (SMC)
DEPARTMENT OF JOURNALISM AND MASS COMMUNICATION (JMC) & DEPARTMENT OF THEATRE, FILM & TV (TFT)
- BS Communication and Immersive Media
- BS Journalism and Media Studies
  Specialization:
  - Broadcast Media
  - Digital Media
  - Public Relations & Advertising
- BS in Theatre, Film & TV
- MS Public Relations & Advertising
- MS Film & TV (Weekend)
- PhD in Mass Communication

SCHOOL OF MANAGEMENT SCIENCES (SMS)
DEPARTMENT OF MANAGEMENT SCIENCES
- BBA (Hons.)
  Specializations:
  - Marketing
  - Finance
  - Entrepreneurship
  - Business Analytics
- BS Business Intelligence and Analytics
DEPARTMENT OF ECONOMICS
- BS Economics
- BS Economics and Finance
- BS Economics with Minor in Data Sciences and Business Analytics
DEPARTMENT OF HOSPITALITY MANAGEMENT
(In collaboration with Hashoo School of Hospitality Management)
- BS Hospitality Management

SCHOOL OF EDUCATION (SE)
- MPhil Linguistics and TESOL
- MPhil Educational Leadership and Management
  (Regular and Weekend Track)

For more information on Admissions and Scholarships*:
UAN: 042-111-BNU-LHR (111-268-547)
admissions@bnu.edu.pk
Tarogil Road, 13 KM Off Thokar Niazbeg-Raiwind Road, Lahore, Pakistan

*Multiple Scholarships Available

bnulahore BNULahore Beaconhouse National University

OGDCL
OIL & GAS DEVELOPMENT COMPANY LIMITED
SUPPORTING EDUCATION TRANSFORMING LIVES
IN UNDER-SERVED AREAS OF KPK & BALOCHISTAN
OGDCL SPECIAL SCHOLARSHIPS FOR STUDENTS OF SELECTED DISTRICTS
DERA BUGTI | JHAL MAGSI | KARAK | KOHAT | LAKKI MARWAT
DETAILS OF ADMISSIONS AND SCHOLARSHIPS CAN BE ACCESSED @ FOLLOWING LINKS:
- Application Portal: https://admission.bnu.edu.pk/
- Scholarship Information: https://www.bnu.edu.pk/scholarships
- Admission Criteria: https://www.bnu.edu.pk/admissions-criteria
- Important Dates: https://www.bnu.edu.pk/admissions-schedule
- Fee Structure: https://www.bnu.edu.pk/fees
AN INSPIRING MODEL OF CSR
OIL & GAS DEVELOPMENT COMPANY LIMITED
www.ogdcl.com /ogdclofficial @ogdclofficial
No.525/05